☆ ☆ ☆ پاک سرزمین کا نظام......قوت اخوت عوام ☆ ☆ ☆

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | ہفتہ 18 صفر المظفر 1445ھ 24 اگست 2024ء 9 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 313

فرمانِ الٰہی

اللہ ایک ہے

تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

رحیم یار خان: کچے میں شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا

بدلہ ضرور لیں گے
آئی جی پنجاب

نماز جنازہ میں وزیر داخلہ محسن نقوی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور، سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل، ڈی جی رینجرز پنجاب، سیکرٹری داخلہ پنجاب، آر پی او بہاولپور، کمشنر بہاولپور، ڈی آئی جی سکھر، ڈی پی او، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان اور سول و عسکری حکام شریک ہوئے

پنجاب پولیس کے بہادر جوانوں نے ملک و قوم کیلئے ہمیشہ عظیم قربانیاں پیش کی ہیں، کچہ ایریا اور سرحدی چوکیوں پر دہشت گردوں، ڈاکوؤں اور شر پسند عناصر کے حملوں کے چیلنجز کا سامنا کیا ہے،، آئی جی پنجاب

لاہور، رحیم یار خان (خالد صمدانی، ایجنسی نیوز، مانیٹرنگ ڈیسک) رحیم یار خان میں کچے میں ڈاکوؤں کے حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں وزیر داخلہ محسن نقوی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

کچے میں ڈاکوؤں کے حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا کی جا رہی ہے

منیر لانگری (شہید)

انس (شہید)

ابد حسین(شہید)

بیرم رام (شہید)


اجے رام(شہید)


راجہ کنول(شہید)

نذر عباس (شہید)

ساجد(شہید)

محمد احمد (شہید)

راشد(شہید)

عبداللہ(شہید)


عمران (شہید)

وزیر اعلیٰ کی ہدایت پر پنجاب پولیس کا برق رفتار ایکشن، رحیم یار خان کچے میں راکٹ حملے میں ملوث گینگ کو جالیا

پولیس ٹیم کی کارروائی، سرغنہ بدنام زمانہ ڈاکو بشیر شر مارا گیا، پانچ ساتھی بری طرح زخمی، مریم نواز کی شاباش

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب پولیس نے برق رفتار ایکشن لیتے ہوئے رحیم یار خان کچے میں راکٹ حملے میں ملوث گینگ کو جالیا۔ پولیس ٹیم کی کارروائی سے سرغنہ بدنام زمانہ ڈاکو بشیر شر مارا گیا۔ ڈاکو بشیر شر کے پانچ ساتھی بری طرح زخمی ہو گئے۔ زخمی ڈاکوؤں میں ثناء اللہ شر، گدا علی، کملو شر، رمضان شر اور گدی شامل ہیں۔ پولیس کے جوابی آپریشن میں مزید ڈاکوؤں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں۔ رحیم یار خان کچے میں گزشتہ رات سے پولیس ایکشن جاری ہے، آخری قاتل تک پیچھا کرنے کا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

بظاہر لگتا ہے حکومت ہی جبری گمشدگیوں کی بینیفشری ہے

اسلام آباد ہائی کورٹ

کیسے اس ملک میں لوگ اغوا ہوتے ہیں اور چیف ایگزیکٹو کچھ نہیں کرتے، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، وزیر اعظم کو اس معاملے پر بریف کروں گا، چیف ایگزیکٹو کو ان معاملات کا پتا ہے مگر پھر بھی لوگ جبری طور پر لاپتہ ہو جاتے ہیں، اٹارنی جنرل

اگر حکومت کو ڈیو پراسس فالو نہیں کرنا تو پھر کیا کہہ سکتے ہیں، ان چیزوں سے ملک کی کتنی بدنامی ہو رہی ہے، ان کو اندازہ نہیں، جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے لاپتہ افراد کے کیس میں ریمارکس دیئے ہیں کہ لوگوں کو اٹھایا جا رہا ہے مگر چیف ایگزیکٹو کچھ نہیں کر رہے، بظاہر لگ رہا ہے کہ حکومت ہی جبری گمشدگیوں کی بینیفشری ہے۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے اظہر مشوانی کے 2 لاپتہ بھائیوں کی بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت کی، درخواست گزار اظہر مشوانی کے والد کے وکیل بابر اعوان اور آمنہ علی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل بھی عدالت کے روبرو پیش ہوئے۔ دوران سماعت عدالت نے استفسار کیا کہ کچھ معلوم ہوا ہے؟ جس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل منور اقبال دوگل نے بتایا کہ آج بھی ہائی لیول پر رابطہ ہوا ہے، ہر لحاظ سے کوشش جاری ہے۔ بابر اعوان نے اپنے دلائل میں عدالت کو بتایا کہ 5 قوانین بغاوت اور بغاوت پر اکسانے کو ڈیل کرتے ہیں، کہیں نہیں بتایا گیا قومی مفاد کیا ہے، مجھ سے پوچھیں گے قومی مفاد کیا ہے تو میں کہوں گا بجلی کی قیمت کم کرو، بلوچستان والا کہے گا مجھے گیس فراہم کرو، اس کا یہ قومی مفاد ہے۔ اس دوران پنجاب پولیس لاہور سے ایس پی عدالت کے سامنے پیش ہوئے اور بتایا کہ فیملی کی جانب سے سی سی ٹی وی فوٹیج فراہم کی گئی ہے، ریزولیشن کم ہونے کی وجہ سے نادرا یا فرانزک ایجنسی سے کچھ پتا نہیں چل سکا، جیو فینسنگ 10 ہزار نمبرز کی حاصل کی لیکن ابھی تک کچھ معلوم نہیں۔ انہوں نے بتایا کہ آج 23 اگست تک کوئی بھی قابل عمل معلومات نہیں ملی، سیف سٹی پراجیکٹ ہر اینگل سے کور نہیں کر پاتا، اس وقت تک کوئی بھی لا انفورسمنٹ ایجنسی اس حوالے سے کچھ پتا نہیں چلا سکی۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے ریمارکس دیئے کہ بظاہر یوں لگ رہا ہے کہ حکومت ہی جبری گمشدگیوں کی بینیفشری ہے، کیسے اس ملک باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پاک بھارت تجارت کا سلسلہ جاری، ترجمان دفتر خارجہ لاعلم نکلیں

بھارت سے تجارت کے تحت پاکستان نے ایک ارب 62 کروڑ ڈالرز سے زائد کی اشیاء خریدیں، میڈیا رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور بھارت میں دوستی نہ ہونے کے باوجود تجارت جاری ہے، بھارت سے تجارت کے تحت پاکستان نے ایک ارب 62 کروڑ ڈالرز سے زائد کی اشیاء خریدیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق ترجمان دفتر خارجہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت ختم ہونے کا دعویٰ کر چکی ہیں، جب ان سے ہندوستان اور پاکستان کے تجارت کے متعلق سوال کیا گیا تو وہ لاعلم نکلیں اور بتایا کہ 2019 کے بعد دوطرفہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

رحیم یار خان: ڈاکوؤں کے حملے میں شہید پولیس اہلکاروں کی تعداد 12 ہو گئی

پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن نے 3 روزہ سوگ کا اعلان کر دیا

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے کچے کے علاقے ماچھکہ میں ڈاکوؤں کے پولیس کی 2 گاڑیوں پر حملے کے نتیجے میں شہید اہلکاروں کی تعداد 12 ہو گئی۔ ڈاکوؤں نے فائرنگ کے ساتھ ساتھ راکٹ بھی داغ دیے، حملے میں 6 اہل کار زخمی ہو گئے جبکہ 5 اہل کار لاپتہ ہوئے تھے جنہیں بعد میں ریسکیو کر لیا گیا۔ افسوس ناک واقعے پر رحیم یار خان بار اور پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن نے 3 روزہ سوگ کا اعلان کر دیا۔ سندھ اور پنجاب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

سپریم کورٹ، 21 سالہ پرانے مقدمہ قتل کا ملزم بری

اپیل کے فیصلے میں 6 سال کی تاخیر پر معذرت

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 21 سالہ پرانے مقدمہ قتل کے ملزم کو بری کرتے ہوئے اپیل کے فیصلے میں 6 سال کی تاخیر پر معذرت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جرمن وزیر برائے اقتصادی تعاون و ترقی ملاقات کر رہی ہیں

مریم نواز سے جرمن وزیر کی ملاقات، دو طرفہ تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال

دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی، تجارتی تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال، موسمیاتی تبدیلی، تحفظ ماحولیات سے متعلق امور پر گفتگو

تجارت، سرمایہ کاری میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ، کلین انرجی، کلائمیٹ فرینڈلی پراجیکٹس میں اشتراک کار پر اتفاق

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے جرمن وزیر برائے اقتصادی تعاون و ترقی مسز سوینجا شولز کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کرنے کے ساتھ موسمیاتی تبدیلی اور تحفظ ماحولیات سے متعلق امور پر بھی گفتگو کیا گیا۔ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ن لیگی رہنما جلسے سے متعلق غلط فہمیاں پیدا کر رہے ہیں، بیرسٹر محمد علی سیف

مینڈیٹ چوروں کے غیر ذمہ دارانہ بیانات پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے، مشیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ جلسہ بانی پی ٹی آئی کی ہدایت پر ملتوی کیا گیا تھا۔ بیرسٹر سیف نے اپنے بیان میں کہا کہ ن لیگ کے رہنما جلسے سے متعلق غلط فہمیاں پیدا کر رہے ہیں، ن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

اڈیالہ جیل میں اوپن ٹرائل کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے، نعیم پنجوتھا

پابندی نیب پراسیکیوٹر پر نہیں صرف ہمارے اوپر پابندی ہے

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کے وکیل نعیم حیدر پنجوتھا نے کہا ہے کہ پابندی نیب پراسیکیوٹر پر نہیں صرف ہمارے اوپر پابندی ہے، اڈیالہ جیل میں اوپن ٹرائل کا ڈرامہ رچایا جا رہا ہے۔ نعیم پنجوتھا نے اڈیالہ جیل کے باہر میڈیا سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

اسرائیل اگلے ایک سال میں ختم ہو جائیگا، سابق اسرائیلی میجر کا دعوی

اسرائیل جنگ کے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام ہو چکا ہے، میجر جنرل یزہاک برک

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی ڈیفنس فورس (آئی ڈی ایف) کے ایک ریٹائرڈ میجر جنرل نے دعویٰ کیا ہے کہ حماس سے جنگ اور ایران سے کشیدگی کے باعث اسرائیل اگلے سال تک صفحہ ہستی سے مٹ جائے گا۔ غیر ملکی خبر رساں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

مشورہ دوں گا وزیر اعلیٰ گنڈاپور صوبائی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ لے لیں، گورنر

سن لیں کہ آپ ہماری اجازت کے بغیر جلسہ نہیں کر سکتے، 8 ستمبر کو بھی جلسہ نہیں کر سکیں گے، گفتگو

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ جو کہہ رہے تھے کہ کسی کا باپ ہمیں ڈی چوک پر جلسے سے نہیں روک سکتا تو وہ سن لیں کہ آپ ہماری اجازت کے بغیر جلسہ نہیں کر سکتے، 8 ستمبر کو بھی جلسہ نہیں کر سکیں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

دھرنے اور جلسے اڈیالہ جیل کے قیدی کا کاروبار ہے، عظمیٰ بخاری

پوری تحریک انصاف گنگا نہا کر بھی آ جائے تو 9 مئی کے سیاہ دھبے ان کے دامن سے نہیں مٹ سکتے

فتنہ پارٹی تسلیم کر لے اس کے ستو مک چکے ہیں، گرگٹ رنگ بدلتا ہے لیکن اس کی فطرت نہیں بدلتی، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ دھرنے اور جلسے اڈیالہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

کراچی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اور برطانوی ہائی کمشنر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن پرفارمنس انڈیکس کا آغاز لانچ کر رہے ہیں

خانقاہیں بلا امتیاز مسلک و مذہب ہر ایک کیلئے فیض عام کا ذریعہ ہیں، ملک محمد احمد خان

حضرت داتا گنج بخشؒ کی تعلیمات پر عمل کر کے ملک سے فرقہ پرستی اور معاشرے سے بدامنی کا خاتمہ کر سکتے ہیں

قائم مقام گورنر پنجاب ملک احمد خان کی حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے مزار پر حاضری، سید ہجویریؒ کانفرنس سے خطاب

لاہور (خبر نگار) قائم مقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان نے حضرت داتا گنج بخش علی ہجویریؒ کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

لاہور، قائمقام گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر حاضری کے موقع پر دعا کر رہے ہیں

عمران خان کا پیغام ہے 8 ستمبر کا جلسہ ہر صورت ہوگا، علیمہ خان

اسٹیبلشمنٹ کے بغیر کچھ ممکن نہیں، صبح 7 بجے جیل میں ملاقات ہونا عجیب بات تھی، میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر اعظم عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا لیڈرشپ کو پیغام ہے 8 ستمبر کا جلسہ ہر صورت ہوگا۔ اڈیالہ جیل میں عمران خان سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علیمہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

دو ماہ بعد عوام کے لئے ریلیف ہی ریلیف ہوگا، عون چودھری کا دعویٰ

فتنہ اور انتشار کی سیاست کی اب کوئی مستقبل نہیں، سینئر رہنما استحکام پاکستان پارٹی

لاہور (این این آئی) استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی عون چودھری نے دعویٰ کیا ہے کہ دو ماہ بعد عوام کے لئے ریلیف ہی ریلیف ہوگا۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے عون چودھری نے کہا کہ ملک میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

بشریٰ بی بی، فیض حمید کی پی ٹی آئی کے فیصلوں میں قطعاً کوئی مداخلت نہیں تھی، مسرت جمشید چیمہ

عمران خان کی اہلیہ نے کبھی بھی براہ راست پارٹی معاملات میں کسی رہنما سے کوئی بات نہیں کی، سینئر رہنما

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی اور فیض حمید کی پی ٹی آئی کے فیصلوں میں قطعاً کوئی مداخلت نہیں تھی، بشریٰ بی بی نے کبھی بھی براہ راست پارٹی معاملات میں کسی رہنما سے کوئی بات باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

190 ملین پاؤنڈز ریفرنس پر سماعت 26 اگست تک ملتوی

راولپنڈی (این این آئی) احتساب عدالت میں 190 ملین پاؤنڈز ریفرنس کی سماعت 26 اگست تک ملتوی کر دی گئی۔ تفصیلات کے مطابق احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے اڈیالہ جیل میں کیس کی سماعت کی، سماعت کے دوران وکلاء صفائی عثمان گل، چودھری ظہیر عباس پیش باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن انتظامیہ کا پارلیمنٹ سے مدد لینے کا فیصلہ

قومی اسمبلی، سینیٹ کی قائمہ کمیٹیوں صنعت و پیداوار سے رجوع کر کے بندش کے اثرات سے آگاہ کیا جائیگا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کو بند کرنے کے معاملے پر یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن انتظامیہ نے پارلیمنٹ سے مدد لینے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن کے مطابق قومی اسمبلی اور سینیٹ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا بنگلہ دیش میں سیلاب سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر اظہار افسوس

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے بنگلہ دیش میں سیلاب سے ہونے والے جانی و مالی نقصان پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اس سانحہ کے موقع پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

چکن کی بین الصوبائی نقل و حرکت پر پابندی ختم

اگر ایسی کوئی پابندی ثابت ہوئی تو توہین عدالت کی کارروائی ہوگی، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چکن کی بین الصوبائی نقل و حرکت پر پابندی کو ختم کر دیا۔ لاہور ہائیکورٹ میں مرغی کی قیمتیں مقرر کرنے اور بھاری جرمانوں کے خلاف کیس کی سماعت ہوئی، جسٹس ساجد محمود سیٹھی نے درخواست باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

الیکشن ایکٹ میں ترامیم کیخلاف درخواست پر اٹارنی جنرل معاونت کیلئے طلب

لاہور ہائیکورٹ نے درخواست آئندہ سماعت پر دستیاب بنچ کے روبرو پیش کرنے کی بھی ہدایت کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے الیکشن ایکٹ میں ترامیم کے خلاف درخواست پر اٹارنی جنرل پاکستان کو آئندہ سماعت پر معاونت کے لیے طلب کر لیا۔ جسٹس شکیل احمد نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے توسط سے دائر درخواست پر سماعت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

حکومت غیر ضروری کاروبار سے باہر نکلنا چاہتی ہے، سیکرٹری صنعت کی یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کے منصوبے کی تصدیق

اسلام آباد (این این آئی) سیکرٹری صنعت و پیداوار سینیٹر عون عباس نے یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کے منصوبے کی تصدیق کر دی۔ تفصیلات کے مطابق سینیٹر عون عباس کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے صنعت و پیداوار کا اجلاس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری آئی ٹی کورس میں کامیاب ہونے والے طلبہ حوالے سے پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سردار ایاز صادق کا ڈاکوؤں کے حملے میں پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان پر افسوس کا اظہار

غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے دکھ اور غم میں برابر کا شریک ہوں، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے رحیم یار خان میں 2 پولیس وینز پر ڈاکوؤں کے حملے کی مذمت اور حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے زخمی ہونے والے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

عمر ایوب خان کی رحیم یار خان میں پولیس کی گاڑیوں پر ڈاکوؤں کے حملے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف قومی اسمبلی عمر ایوب خان نے رحیم یار خان میں پولیس کی گاڑیوں پر ڈاکوؤں کے حملے کی مذمت کرتے ہوئے حملے کے نتیجے میں پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ عمر ایوب خان نے اپنے بیان میں شہید پولیس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

آج تو لگتا ہے شہید ہو جائیں گے

کچے میں شہید اہلکاروں کی حملے سے پہلے کی وڈیو وائرل

لاہور (این این آئی) پنجاب میں رحیم یار خان کے کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے حملے میں شہید اہل کاروں کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی، جس میں وہ گفتگو کے دوران اپنی شہادت کا ذکر کر رہے ہیں۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

جسٹس چودھری محمد اقبال کی انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف درخواست پر سماعت سے معذرت

اسی طرح کے کیسز جسٹس شکیل احمد سن رہے ہیں، کیس جسٹس شکیل احمد کی عدالت میں منتقل کرنے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چودھری محمد اقبال نے ملک بھر میں انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف دائر درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ میں انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

گلگت بلتستان میں صارفین کی بائیو میٹرک رجسٹریشن کا عمل جاری

عوام رجسٹریشن لازمی کرائیں تاکہ انہیں کوٹے کے مطابق سبسڈائزڈ گندم اور آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے

گلگت (این این آئی) محکمہ خوراک گلگت بلتستان نے خطے کے تمام 10 اضلاع میں سبسڈائزڈ گندم اور آٹے کی شفاف ترسیل، تقسیم یقینی بنانے اور تمام افراد کو ان کا کوٹہ بغیر کسی رکاوٹ کے فراہم کرنے کیلئے 13 لاکھ صارفین کو رجسٹرڈ کیا ہے۔ اس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پاکستان میں ختم نبوت پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا، ضیاء الدین انصاری

مبارک ثانی کیس پر اعلیٰ عدلیہ کی اپنے فیصلہ پر نظر ثانی پوری قوم کی جیت ہے، علماء کرام اور محب رسول ﷺ مسلمانوں نے بروقت جدوجہد کر کے تاریخ رقم کی ہے

جماعت اسلامی، پاکستان کو قرآن و سنت کے مطابق اسلامی اور فلاحی ریاست بنانا چاہتی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کہا ہے کہ پاکستان میں ختم نبوت ﷺ پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

لاہور، امیر جماعت اسلامی کی کال پر مبارک ثانی کیس کی جیت پر رہنما جماعت اسلامی عبدالعزیز عابد و دیگر یوم تشکر منا رہے ہیں

وفاقی حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز کو مکمل طور پر بند کرنے کا فیصلہ کر لیا

اشیائے خورد و نوش سپلائی کرنے والی کمپنیوں سے لین دین کے معاملات نمٹانے کیلئے 2 ہفتے کا وقت دیدیا گیا

یوٹیلیٹی اسٹورز پر مستقل، کنٹریکٹ، ڈیلی ویجز پر کام کرنے والے 11 ہزار ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز کو مکمل طور پر بند کرنے کا فیصلہ کر لیا، وفاقی حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز کو بند کرنے کیلئے 2 ہفتے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

انٹرنیٹ کی بندش کا معاملہ، لاہور ہائیکورٹ نے فریقین سے جواب طلب کر لیا

جسٹس چودھری محمد اقبال کی جانب سے سماعت سے معذرت، جسٹس شکیل احمد نے سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ملک بھر میں انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف دائر درخواست پر فریقین سے جواب طلب باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

کوئٹہ، 500 سے زائد انسداد پولیو ٹیموں کے جعلی مہم چلانے کا انکشاف

گزشتہ 7 ماہ کے دوران پولیو کے 12 کیسز سامنے آ چکے جبکہ 3 اموات بھی ہوئی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 500 سے زائد انسداد پولیو ٹیموں کی جانب سے جعلی مہم چلانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیو ورکرز بغیر قطرے پلائے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

موٹروے M-5 پر تیز رفتار کار ٹرک سے جا ٹکرائی، 4 افراد جاں بحق

ملتان جانے والی کار تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر ٹرک سے جا ٹکرائی

سکھر (این این آئی) سکھر ملتان موٹروے پر تیز رفتار کار ٹرک سے جا ٹکرائی، حادثے میں خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق اور ایک خاتون زخمی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

لاہور، سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ چہلم حضرت امام حسینؓ اور عرس داتا صاحبؒ کے سکیورٹی انتظامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور



سٹی نیوز

ڈولفن سکواڈ کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ایکشن، 16 ملزمان گرفتار

ڈولفن سکواڈ نے 2 اشتہاریوں سمیت 4 عدالتی مفروروں، 2 عادی مجرموں کو گرفتار کرلیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ کا جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ایکشن، 16 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان کو تھانہ رائیونڈ، شادباغ، مغلپورہ و دیگر تھانوں کے حوالے کر دیا گیا۔ اشتہاریوں، عادی مجرموں، عدالتی مفروروں، چوری شدہ موٹر سائیکلوں کی برآمدگی کیلئے کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈولفن سکواڈ نے 2 اشتہاریوں سمیت 4 عدالتی مفروروں، 2 عادی مجرموں کو گرفتار کرلیا۔ ملزمان پر سنگین جرائم کے متعدد مقدمات درج ہیں۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق ڈولفن نے سنیپ چیکنگ کے دوران 8 چوری شدہ موٹر سائیکلیں بھی برآمد کیں۔ موٹر سائیکلوں کا ریکارڈ پولیس ایپ پر چیک کیا گیا تھا۔ گرفتار ملزمان تھانہ رائیونڈ، شادباغ، مغلپورہ و دیگر تھانوں کے حوالے کردیا۔ ایس پی ڈولفن کا کہنا ہے کہ ڈولفن سکواڈ ای پولیس ایپ کا استعمال کرتے ہوئے جرائم پیشہ کو نکیل ڈال رہا ہے۔

ایل ڈی اے کا تجاوزات کے خلاف میگا آپریشن، 30 سے زائد املاک سے تجاوزات، شیڈز، بلڈنگ میٹریل ہٹا دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کا پائن ایونیو اور اڈا پلاٹ کے اطراف میں تجاوزات کے خلاف آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا۔ ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ اور انفورسمنٹ سکواڈ نے آپریشن کے دوران 30 سے زائد املاک سے تجاوزات اور بلڈنگ میٹریل ہٹا دیا۔ ان املاک مالکان نے سروس روڈ، سیٹ بیک اور پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنا رکھی تھیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ان املاک سے عارضی تجاوزات، شیڈز، بلڈنگ میٹریل و دیگر ہٹا دیا، متعدد بار وارننگ اور نوٹسز کے باوجود تجاوزات نہ ہٹانے پر آپریشن کیا گیا۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی کی نگرانی میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور علی نصرت نے کیا۔ آپریشن میں چیف ٹاؤن پلانر ٹو، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور، ڈائریکٹر انفورسمنٹ، پولیس، ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ اور بھاری مشینری نے حصہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنانے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء سارہ رشید، فری میڈیکل کیمپ کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے

صحت مند فنکار، صحت مند فنون لطیفہ الحمراء کا آرٹسٹوں و فنکار برادری کی فلاح وبہبود کی طرف ایک اور اہم قدم

الحمراء آرٹسٹوں اور کلچر رپورٹرز کیلئے فری میڈیکل کیمپ لگائے گا

لاہور (خبرنگار) لاہور آرٹس کونسل الحمراء اور ڈائریکٹوریٹ آف پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کے مشترکہ تعاون' الحمراء میں میڈیکل کیمپ لگایا جائے گا۔ میڈیکل کیمپ میں ہیپاٹائٹس بی، سی، چھاتی، بلغم، ٹی بی کے ٹیسٹ کئے جائیں گے۔ کسی بیماری کی تشخیص کی صورت مفت ادویات فراہم کی جائیں گی۔ الحمراء کا سٹاف آرٹسٹوں کی راہنمائی کے لئے موجود ہوگا، کیمپ میں آنے والوں کی تواضع کی جائے گی۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء سارہ رشید نے اس حوالے سے کہا کہ آرٹسٹ اور کلچر رپورٹرز فنون لطیفہ کے گلدستہ کے رنگ برنگے پھول ہیں، فری میڈیکل کیمپ کے لئے تجربہ کار ڈاکٹروں کی خدمات حاصل کی جارہی ہے۔ اپنی صحت کا خیال رکھیں۔ الحمراء کی خدمات سے مستفید ہوں۔

گورنر پنجاب ملک محمد احمد خان کو داتا دربار میں منعقدہ سید ہجویر کانفرنس میں شرکت کے موقع پر سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری سوونیئر پیش کر رہے ہیں

حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981ویں سالانہ عرس کے سلسلہ میں داتا دربار میں منعقدہ سیّد ہجویر کانفرنس سے خطاب

برصغیر میں حضرت داتا گنج بخشؒ کی شخصیت ان برگزیدہ ہستیوں میں سرفہرست ہے

لاہور (سپیشل رپورٹر) حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981ویں سالانہ عرس کے سلسلہ میں داتا دربار میں منعقدہ سیّد ہجویر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب ملک احمد خان اور سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے کہا کہ خانقاہ خدمتِ خلق کا سب سے بڑا ادارہ ہے، صوفیاء نے انسانیت کے دکھوں کا مداوا کیا اور ان کے لیے آسانیوں کی ترسیل کو یقینی بنایا، صوفیاء کے اسلوب دعوت کو عام کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ برصغیر میں حضرت داتا گنج بخشؒ کی شخصیت ان برگزیدہ ہستیوں میں سرفہرست ہے جنہوں نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت میں تاریخ ساز کردار ادا کیا۔ آپ کا آستانِ فیض نہ صرف برصغیر بلکہ پوری اسلامی دنیا میں قدرو منزلت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ گورنر پنجاب نے قبل ازیں مزار شریف پر حاضری دی، پھولوں کی چادر پیش کی اور ملک کی ترقی اور استحکام کی دعا کی۔ اس موقع پر سیکرٹری اوقاف نے گورنر پنجاب کو کانفرنس کا سوینئر بھی پیش کیا۔ گورنر پنجاب اور سیکرٹری اوقاف نے اپنے خطبات میں مزید کہا کہ برصغیر ہند میں جن پاک نفس بزرگوں نے توحید کے چراغ روشن کیے، ان میں سیّد ہجویر مخدوم اُمم حضرت شیخ علی ہجویری المعروف بہ حضرت داتا گنج بخشؒ کا نام نامی ہمیشہ عزت و احترام سے لیا جاتا ہے۔ آپؒ کی مساعی جمیلہ سے یہاں اسلام کی شمع روشن ہوئی۔

صحت دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی، نان سٹاپ آپریشنز جاری

مارچ سے ابتک 4 لاکھ 74 ہزار 772 فوڈ بزنسز کی چیکنگ، 60 کروڑ 39 لاکھ 99 ہزار 200 کے جرمانے عائد

لاہور (خبرنگار) صحت دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی کے تحت نان سٹاپ آپریشنز جاری ہیں۔ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر عوام تک معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے مسلسل چیکنگ جاری ہیں۔ جاری تفصیلات کے مطابق مارچ سے ابتک 4 لاکھ 74 ہزار 772 فوڈ بزنسز کی چیکنگ، 60 کروڑ 39 لاکھ 99 ہزار 200 کے جرمانے عائد کردیے گئے۔ قوانین کی خلاف ورزی پر 1337 یونٹس اور فوڈ بزنس بند اور 508 مقدمات درج کروادیے گئے۔ 8 لاکھ 53 ہزار لٹر ملاوٹی دودھ، 2 لاکھ 72 ہزار 772 کلو گوشت، 37 ہزار 561 کلو مصالحہ جات، 35 ہزار 700 کلو ناقص گھی، 14 ہزار کلو دالیں اور 2 لاکھ 90 ہزار 900 لٹر پانی اور بیورجز تلف کردی گئی۔ پنجاب بھر میں خوراک کی تیاری اور ترسیل کا کاروبار کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جارہی ہے۔ فوڈ پوائنٹس پر حفظان صحت کے اصولوں خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ صفائی کے ناقص حالات میں کھلے، ممنوعہ ناقص اجزاء خوراک کی تیاری میں استعمال کیے جارہے تھے۔ چھوٹے بڑے ریسٹورنٹس، فاسٹ فوڈ پوائنٹس، ڈیری شاپس اور یونٹس، کنفیکشنری، سنیکس یونٹس کی سرپرائز چیکنگ کی جارہی ہے۔

حضرت علی ہجویری المعروف داتا گنج بخشؒ کا عرس مبارک/سکیورٹی پلان

06 ایس پیز، 22 ڈی ایس پیز، 82 ایس ایچ اوز/انسپکٹر، 314 اپر سب آرڈینیٹس تعینات

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ لاہور پولیس کی جانب سے حضرت علی ہجویریؒ کے 981ویں عرس مبارک کے سکیورٹی انتظامات مکمل ہیں۔ ملک بھر سے آنے والے عقیدت مندوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے محمد فیصل کامران نے بتایا کہ سکیورٹی پلان کے مطابق 06 ایس پیز، 22 ڈی ایس پیز، 82 ایس ایچ اوز/انسپکٹر، 314 اپر سب آرڈینیٹس سمیت ساڑھے چار ہزار کے قریب افسران و جوان ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ خواتین شرکاء کی تلاشی کیلئے 246 لیڈیز پولیس اہلکار ڈیوٹی پر معمور ہوں گیں جبکہ دودھ کی سبیلوں اور لنگر کی تقسیم کے وقت بھگدڑ سے بچنے کے لیے بھی خاص انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ عرس کے موقع پر شہر کے داخلی اور خارجی راستوں پر سکیورٹی ہائی الرٹ رہے گی۔ مزار داتا دربار اور گردونواح کی بلند عمارتوں پر سنائپرز تعینات ہونگے۔ انہوں نے کہا کہ زائرین کی چیکنگ کیلئے واک تھرو گیٹس، میٹل ڈیٹیکٹرز اور الیکٹرک بیریئرز کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ سپروائزری افسران دربار انتظامیہ و دیگر اداروں سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ داتا دربار سے ملحقہ علاقوں میں ڈولفن سکواڈ و پی آر یو ٹیمیں موثر پٹرولنگ کریں گی۔ شہری بھی مشتبہ افراد، لاوارث سامان، موٹر سائیکلز اور گاڑیوں پر بھی نظر رکھیں۔ مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پردیں۔ محمد فیصل کامران نے مزید کہا کہ شہری امن وامان اور سکیورٹی کو فول پروف بنانے میں لاہور پولیس کا ساتھ دیں۔

دارالعلوم سراجیہ نعیمیہ کی ناظمہ نبیرہ عندلیب نعیمی کے ساتھ سیرت النبی کوئز مقابلہ جیتنے والی طالبات کا گروپ فوٹو



ڈی سی لاہور کا سبزی وفروٹ منڈی بادامی باغ کا دورہ

ڈی سی لاہور کا سبزی وفروٹ منڈی بادامی باغ کا دورہ، سخت ہدایات جاری

ڈی سی لاہور کا سبزی وفروٹ منڈیوں کا دورہ، صفائی اور قیمتوں کے انتظامات کا جائزہ

اسسٹنٹ کمشنر سٹی بابر علی، چیف آفیسر بلدیہ عظمیٰ اور ڈپٹی سی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بھی ان کے ہمراہ تھے، اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے ڈی سی لاہور کو صورتحال سے آگاہ کیا

لاہور (خبرنگار) ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے بادامی باغ سبزی وفروٹ منڈی کا دورہ کیا اور وہاں کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی بابر علی، چیف آفیسر بلدیہ عظمیٰ اور ڈپٹی سی ای او ویسٹ مینجمنٹ کمپنی بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اسسٹنٹ کمشنر سٹی نے ڈی سی لاہور کو بریفنگ دی۔ ڈی سی لاہور نے منڈی میں صفائی کے ناقص انتظامات پر سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی پر برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے سبزی اور پھلوں کی فروخت کے عمل کا جائزہ لیا اور آڑھتیوں سے قیمتوں پر بات چیت کی۔ ڈی سی لاہور نے سرکاری نرخوں کے لیے الیکٹرانک ریٹ لسٹ کے غیر فعال ہونے پر سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی سے ناراضگی کا اظہار کیا اور فوری طور پر اسے فعال کرنے کی ہدایت کی۔ ڈی سی لاہور نے واسا کو بادامی باغ منڈی میں ڈرینج اور نکاسی آب کے عمل کو موثر بنانے کے لیے ڈسپوزل سٹیشن کو مکمل فعال رکھنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے گراں فروشی پر کسی بھی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی بھی ہدایت کی۔ شہریوں کی سہولت کے لیے انہوں نے سبزی اور پھلوں کے اسٹالز پر ریٹ لسٹ آویزاں کرنے کی ہدایت کی اور خبردار کیا کہ ریٹ لسٹ نہ لگانے کی صورت میں سخت کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں بار بار خلاف ورزی کرنے والوں پر جرمانے عائد کرنے کی بھی ہدایت دی۔ اس کے علاوہ، ڈی سی لاہور نے سبزی وفروٹ منڈی میں صفائی ستھرائی کے بہترین انتظامات یقینی بنانے اور منڈی کے راستے میں قائم غیر قانونی تجاوزات کو ختم کرنے کی ہدایت کی۔

پنجاب بھر میں 1309 ٹریفک حادثات میں 05 افراد جاں بحق، 1377 زخمی

لاہور (این این آئی) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1309 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 628 افراد شدید زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 749 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (77 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعدادوشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 765 ڈرائیوز، 57 کم عمر ڈرائیور، 438 مسافر اور 179 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعدادوشمار سے ظاہر ہوتا ہے۔

بلال یاسین کی استقبال کیلئے موجود باریش شخص کو نظرانداز کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل

عوام کی جانب سے وزیر خوراک، انکے ساتھ موجود سیکرٹری اوقاف کے رویے پر انتہائی ناراضی کا اظہار

لاہور (این این آئی) وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین کی حضرت داتا گنج بخشؒ کے عرس مبارک کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے آمد کے موقع پر داخلی راستے پر استقبال کیلئے موجود باریش شخص سے پھولوں کا گلدستہ وصول کرنے کی بجائے اسے نظر انداز کر کے آگے بڑھنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی، عوام کی جانب سے وزیر خوراک بلال یاسین اور ان کے ساتھ موجود سیکرٹری مذہبی امور و اوقاف کے رویے پر انتہائی ناراضی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ صوبائی وزیر خوراک بلال یاسین عرس مبارک کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے دربار کے احاطے میں داخل ہوتے ہیں جہاں پر سیکرٹری مذہبی امور و اوقاف سید طاہر رضا بخاری اور دیگر افسران ان کے استقبال کے لئے موجود ہیں۔ محکمہ اوقاف کی جانب سے ایک باریش بزرگ کو پھولوں کا گلدستہ پکڑا کر داخلی راستے پر کھڑا کیا گیا تھا جس نے وزیر خوراک بلال یاسین کی آمد پر آگے بڑھ کر انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کرنا چاہا تاہم سیکرٹری کی جانب سے صوبائی وزیر کو ہاتھ کے اشارے سے آگے چلنے کیلئے کہنے پر وزیر خوراک نے بزرگ کو جان بوجھ کر نظر انداز کر دیا۔

توقع ہے 22 اگست 2024ء کے تاریخی فیصلہ کے اعلان کے بعد تفصیلی تحریری فیصلہ میں تمام متنازع اُمور کا خاتمہ کر دیا جائے گا، ملی یکجہتی کونسل

لاہور (خبرنگار) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ اور مرکزی قائدین علامہ سید ساجد علی نقوی، پیر ہارون گیلانی، پیر عبدالرحیم نقشبندی، مفتی گلزار نعیمی، مولانا اللہ وسایا، پیر غلام رسول اویسی، خواجہ معین الدین محبوب کوریجہ، سید ناصر شیرازی، پیر صفدر گیلانی، علامہ عارف حسین واحدی، مفتی معرفت شاہ، مولانا عبدالمالک، حافظ عبدالغفار روپڑی، سید ضیاء اللہ شاہ بخاری، ڈاکٹر علی عباس اور دیگر رہنماؤں نے قادیانی مبارک ثانی کیس میں ملی یکجہتی کونسل کے صدر ڈاکٹر صاحبزادہ ابوالخیر محمد زبیر کی شاندار اور عشق مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز جدوجہد پر خراج تحسین پیش کیا اور مشترکہ بیان میں دیگر علماء دین، اکابرینِ ملت کی سعی جمیلہ کی تحسین کرتے ہوئے کہا ہے کہ چیف جسٹس آف پاکستان اور بنچ کے دیگر فاضل ججز کی طرف سے قادیانی مبارک ثانی مقدمہ میں نظر ثانی اپیل کے دوران گزشتہ دونوں فیصلوں میں اپنی غلطی تسلیم کرنے اور فیصلہ کو آئین، قرآن وسنت اور ملتِ اسلامیہ کے اجماع کے مطابق درست کردینے کے تازہ فیصلے اور اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔

پنجاب میں طبی سہولیات کا معیار بہتر ہوا ہے: شوکت ورک

جدید طبی سہولیات اور تعمیری اصلاحات نے شہریوں کا پنجاب حکومت پر اعتماد بحال کر دیا

لاہور (خبرنگار) ڈاکٹر اے کیو خان ہسپتال ٹرسٹ (رجسٹرڈ) کے بانی ٹرسٹی، جنرل سیکرٹری اور سماجی شخصیت ڈاکٹر شوکت بابر ورک نے کہا ہے کہ پنجاب میں طبی سہولیات کا معیار بہتر ہوا ہے۔ جدید طبی سہولیات اور تعمیری اصلاحات نے شہریوں کا پنجاب حکومت اور منتخب قیادت پر اعتماد بحال کر دیا۔ پنجاب بھر میں نجی ہسپتالوں سے رجوع کرنے کے رجحان میں خاطر خواہ کمی سے انکار نہیں کیا جاسکتا، اس تبدیلی کا کریڈٹ مریم نواز اور ان کے وزرائے صحت کو جاتا ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی دلچسپی کے نتیجہ میں پنجاب بھر کے ہسپتالوں کیلئے ڈیڑھ ارب فنڈ جاری کرنا مستحسن اقدام ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ان کے دونوں وزرائے صحت خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر کی انتھک محنت سے شعبہ صحت کی متعدد خامیاں دور ہوگئی ہیں، انہوں نے ادویات کی چوری میں ملوث اہلکاروں کا محاسبہ کرتے ہوئے کرپشن پر کاری ضرب لگائی ہے۔ اپنے ایک بیان میں ڈاکٹر شوکت بابر ورک نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر کی باری باری برطانیہ اور ترکیہ کے قونصل جنرل سے ملاقات اور انہیں پنجاب حکومت کی شعبہ صحت میں دوررس اصلاحات سے آگاہ کرنا ان کی قابل قدر خوداعتمادی کے ساتھ ساتھ قائدانہ اور انتظامی صلاحیت کا غماز ہے۔ خواجہ سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر دونوں وزرائے صحت انتہائی پیشہ ورانہ اور والہانہ انداز سے پنجاب بھر میں سرکاری ہسپتالوں کا رخ کرنیوالے بیمار شہریوں کی خدمت کر رہے ہیں۔

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے

قرآن مجید کی یہ شان ہے کہ یہ حق وباطل کو الگ الگ کر دیتا ہے، امیر عبدالقدیر اعوان

قرآن مجید کے احکامات سے ہٹ کر کوئی بھی قانون، کوئی بھی اسلوب کامل و اکمل نہیں ہو سکتا

لاہور (خبرنگار) قرآن مجید کی یہ شان ہے کہ یہ حق وباطل کو الگ الگ کر دیتا ہے اور اس میں کسی قسم کی آمیزش نہیں کی جاسکتی۔ قرآن مجید کے احکامات سے ہٹ کر کوئی بھی قانون، کوئی بھی اسلوب کامل و اکمل نہیں ہو سکتا۔ بلکہ اس سے ہٹنا ایسی ظلم کی راہ ہے جس پر قائم ہونے والی عمارت مستحکم نہیں ہو سکتی اور نہ اس میں ٹھہراؤ ہو سکتا ہے۔ اس کے تحت کسی کو حقیقی خوشی میسر نہیں آسکتی۔ اگر ہم انفرادی یا اجتماعی طور پر اپنی زندگیوں میں سکون کے طالب ہیں تو ہمیں اپنی زندگیوں کو قرآن مجید کے مطابق ڈھالنا ہوگا۔ امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان کا جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب۔ انہوں نے کہا کہ جو کوئی بھی اپنے لیے راہنمائی چاہے وہ خود کو قرآن کریم کی آیات کے سامنے رکھے کہ میں کتنا اس کے مطابق ہوں۔ کیا ہی خوبصورت بات ہو ہماری گفتگو میں قرآن ہو، ہمارے کردار میں قرآن ہو ہمیں دیکھ کر لوگ کہیں کہ یہ بندہ حق کے علاوہ کچھ نہیں بولتا۔ قرآن کریم نے حق و باطل کو واضح کر دیا ہے کوئی کسی بات میں شبہ نہیں رکھا۔ لوگ پوچھتے ہیں کہ اللہ کریم کو کیسے راضی کیا جا سکتا ہے جب ہم سچ جھوٹ، حلال وحرام کا خیال نہیں رکھیں گے اللہ کریم ہم سے کیسے راضی ہوں گے اللہ کریم کو اپنی مخلوق بہت پیاری ہے اس کے لیے سوا لاکھ انبیاء مبعوث فرمائے کتابیں نازل فرمائیں تا کہ ہماری راہنمائی ہو سکے۔ ایسا بھی ہوا سوال لوگوں نے پوچھے تو وحی الٰہی کے ذریعے جواب عطا ہوئے۔ اللہ کریم صحیح شعور عطا فرمائیں اور ہمیں اپنی زندگیاں قرآن کریم کے مطابق بسر کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔

حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981ویں سالانہ عرس کا افتتاح

افتتاح سبیل (ہفتہ) گیارہ بجے دن، ڈپٹی وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان سینیٹر کریں گے

لاہور (سپیشل رپورٹر) حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981ویں سالانہ عرس کا افتتاح، رسم چادر پوشی و افتتاح سبیل مورخہ 24 اگست 2024ء (ہفتہ) بوقت 11:00 بجے دن، ڈپٹی وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان سینیٹر محمد اسحاق ڈار کریں گے۔ جس میں صوبائی وزیر خوراک بلال یٰسین، سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور خالد محمود سندھو، خطیب داتا دربار مفتی محمد رمضان سیالوی اور ایڈمنسٹریٹر اوقاف داتا دربار شاہد حمید ورک سمیت عمائدین حکومت اور عقیدت مندوں کی کثیر تعداد شرکت کرے گی، اس موقع پر داتا دربار میں حرمِ نبوی کی طرز پر چھتریوں کی تنصیب کے منصوبے کا افتتاح اور ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی تصنیف ”معارف سیرت“ کی رونمائی بھی ہوگی۔

چیئرمین ریٹیلرز پولٹری ایسوسی ایشن پنجاب کامران عباسی کی زیر صدارت اجلاس

چور دروازے سے بننے والی جعلی تنظیم کو تمام ریٹیلرز نے مسترد کر دیا ہے، کامران عباسی

لاہور (خبرنگار) گیریژن کلب لاہور میں چیئرمین کامران عباسی ریٹیلرز پولٹری ایسوسی ایشن پنجاب کی زیر صدارت اجلاس منعقد کیا گیا، اجلاس میں صدر ریٹیلر ونگ شہزاد عباسی، شیخ ندیم جنرل سیکرٹری ریٹیلر ونگ، سیکرٹری اطلاعات ریٹیلرز پولٹری ایسوسی ایشن قاری محمد احسان ریاض سمیت دیگر عہدیداروں کی شرکت۔ چیئرمین کامران عباسی کا اجلاس سے خطاب کے دوران کہنا تھا کہ ہماری ایسوسی ایشن بننے کے بعد چور دروازے سے بننے والی جعلی تنظیم کو تمام ریٹیلرز نے مسترد کر دیا ہے، ہماری تمام دکانداروں سے گزارش ہے کہ وہ کسی جعلی تنظیم کے جھانسے میں نہ آئیں ہم نے ریٹیلرز کو اب اصل پلیٹ فارم مہیا کر دیا ہے ان کے حقوق کیلئے ہمیشہ آواز بلند کریں گے اور ہر پلیٹ فارم پر ریٹیلرز کا مقدمہ لڑیں گے۔

چیئرمین ریٹیلر پولٹری ایسوسی ایشن پنجاب کامران عباسی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایل ڈی اے کا پائن ایونیو، اڈا پلاٹ کے اطراف میں تجاوزات کے خلاف میگا آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا

ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر غیر قانونی تعمیرات/تجاوزات بنانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں

لاہور (خبرنگار) ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر ایل ڈی اے ٹیموں کا پائن ایونیو اور اڈا پلاٹ کے اطراف میں تجاوزات کے خلاف آپریشن تیسرے روز بھی جاری رہا۔ ایل ڈی اے ٹاؤن پلاننگ اور انفورسمنٹ سکواڈ نے آپریشن کے دوران 30 سے زائد املاک سے تجاوزات اور بلڈنگ میٹریل ہٹا دیا۔ ان املاک مالکان نے سروس روڈ، سیٹ بیک اور پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنا رکھی تھیں۔ ایل ڈی اے ٹیموں نے ان املاک سے عارضی تجاوزات، شیڈز، بلڈنگ میٹریل و دیگر ہٹا دیا، متعدد بار وارننگ اور نوٹسز کے باوجود تجاوزات نہ ہٹانے پر آپریشن کیا گیا۔ آپریشن چیف ٹاؤن پلانر ٹو اظہر علی کی نگرانی میں ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور علی نصرت نے کیا۔ آپریشن میں چیف ٹاؤن پلانر ٹو، ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ زون فور، ڈائریکٹر انفورسمنٹ، پولیس، ایل ڈی اے انفورسمنٹ سکواڈ اور بھاری مشینری نے حصہ لیا۔ ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی ہدایت پر پارکنگ کی جگہ پر تجاوزات بنانے والوں کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری ہیں۔

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران جامع مسجد مدینہ مون مارکیٹ میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران کی جامع مسجد مدینہ مون مارکیٹ اقبال ٹاؤن میں کھلی کچہری

شہری جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں، خاتمہ ہم کریں گے

لاہور (خبرنگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ شہریوں کی دادرسی کیلئے ہر ممکن اقدامات عمل میں لائے جارہے ہیں۔ تاجر حضرات اپنی دکانوں اور اطراف میں سی سی ٹی وی کیمروں اور سکیورٹی گارڈز کی تعیناتی یقینی بنائیں۔ شہری جرائم پیشہ عناصر کی نشاندہی کریں، خاتمہ ہم کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامع مسجد مدینہ مون مارکیٹ اقبال ٹاؤن میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری کے دوران شہریوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن و دیگر متعلقہ افسران موقع پر موجود تھے۔ شہریوں سمیت مارکیٹ تاجروں کی کثیر تعداد نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ محمد فیصل کامران نے شہریوں کے مسائل سنے اور درخواستوں پر متعلقہ افسران کو فوری کارروائی کے احکامات صادر کئے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے مزید کہا کہ شہری اپنے بچوں کو پتنگ بازی جیسے خونی کھیل سے باز کریں۔

جنرل ہسپتال لاہور کے لیڈیز ہوسٹل سے چوریاں کرنے والا ملزم گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) کوٹ لکھپت پولیس نے جنرل ہسپتال لاہور کے لیڈیز ہوسٹل سے چوریاں کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کو گرفتار کیا، ملزم پہلے بھی ہوسٹل سکیورٹی کو چکما دیکر ہوسٹل سے موبائلز اور دیگر چیزیں چوری کر چکا ہے۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ نے بتایا کہ سی سی ٹی وی فوٹیج میں ملزم کو چوری کے بعد فرار ہوتے دیکھا جاسکتا ہے۔

پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن پاکستان سمیت پوری دنیا میں طبی شعبہ میں خدمات سرانجام دے رہی ہے، خواجہ سلمان رفیق

پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن نومبر میں بین الاقوامی کانفرنس منعقد کرنے جارہی ہے، پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم

لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سربراہ پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن پروفیسر جاوید اکرم و دیگر عہدیداران نے ملاقات کی۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود خان اور ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر وسیم بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور پروفیسر جاوید اکرم کے درمیان کلینیکل آڈٹ و گائیڈ لائنز بارے تبادلہ خیال ہوا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن پاکستان سمیت پوری دنیا میں طبی شعبہ میں خدمات سرانجام دے رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق عوام تک صحت کی بہترین سہولیات کی فراہمی کیلئے کوشاں ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کی خدمت کرنے کا نادر موقع فراہم کیا ہے۔ پروفیسر جاوید اکرم نے کہا کہ پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن نومبر میں بین الاقوامی کانفرنس منعقد کرنے جارہی ہے۔ محکمہ صحت کے ساتھ کلینیکل گائیڈ لائنز کے حوالے سے ایک معاہدہ کرنا چاہتے ہیں۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں سربراہ پاکستان سوسائٹی آف انٹرنل میڈیسن پروفیسر جاوید اکرم سے ملاقات کر رہے ہیں

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

گوجرانوالہ: سرکاری ہسپتالوں میں ادویا چوری نہ رک سکی

میڈیکل سپرنٹینڈنٹ ڈاکٹر ارشاد اللہ گورائیہ اگر میرٹ پر انکوائری کرے تو چوری ہونے والی ادویات میں چیف فارماسسٹ، مین میڈیسن/سرجیکل سٹور فارماسسٹ، سٹور کیپرز اور ابوبکر سٹریچر بیریئر جو خود کو اسسٹنٹ سٹور کیپر شو کرواتا ہے تمام افراد ملوث ہو سکتے ہیں، سٹوڈنٹس

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سرکاری ادویات کی چوری روکنے کے لیے ہسپتال انتظامیہ ابھی تک پائیدار نظام مرتب نہ کر سکی، جس سے ماہانہ کروڑوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے، تفصیلات کے مطابق جی ایم سی ٹیچنگ ہسپتال گوجرانوالہ میں چوری ہونے والی ادویات کا حصہ ملنے پر مین میڈیسن سٹور میں ڈیوٹی سرانجام دینے والے درجہ چہارم کے ملازم ابوبکر سٹریچر بیریئر نے آئی فون 12 پرومیکس خرید لیا، جسکی قیمت 2 لاکھ 60 ہزار روپے ہے، سٹوڈنٹس کا کہنا ہے کہ میڈیکل سپرنٹینڈنٹ ڈاکٹر ارشاد اللہ گورائیہ اگر میرٹ پر انکوائری کرے تو چوری ہونے والی ادویات میں چیف فارماسسٹ، مین میڈیسن/سرجیکل سٹور فارماسسٹ، سٹور کیپرز اور ابوبکر سٹریچر بیریئر جو خود کو اسسٹنٹ سٹور کیپر شو کرواتا ہے تمام افراد ملوث ہو سکتے ہیں، تاہم سٹوڈنٹس نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، ڈی جی انٹی کرپشن پنجاب، سیکرٹری ہیلتھ اور کمشنر گوجرانوالہ سے التماس کی ہے کہ ہمیں ان افسران و ملازمین کی طرف سے دیکھ کر ادویات چوری کی عادت پڑی ہے کیونکہ یہ خود بھی ادویات یہاں سے لیکر جاتے ہیں، لہذا ہمارے کیریئر کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیں معاف کیا جائے اور ذمہ داران افسران و ملازمین کو قانونی کارروائی کرتے ہوئے قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔

چوہدری مبشر رندھاوا نمبردار انتقال کر گئے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) معروف سماجی شخصیت چوہدری مبشر رندھاوا نمبردار انتقال کر گئے مرحوم کو سینکڑوں سوگواروں کی موجودگی میں رکھے کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا نماز جنازہ میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

ترقیاتی کام کی مقررہ مدت میں تکمیل یقینی بنائی جائیگی، فیصل اکرام

شہر میں سیوریج اور واٹر سپلائی و دیگر منصوبوں میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں گی

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) رکن صوبائی اسمبلی فیصل اکرام نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق سیالکوٹ میں پلسپ کے تحت پروگرام جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار اور مقررہ ٹائم لائن کے اندر تکمیل کو یقینی بنایا جائے گا، اس ضمن میں پنجاب انٹرمیڈیٹ سٹیز امپرومنٹ انویسٹمنٹ پروگرام کے تحت شہر میں سیوریج اور واٹر سپلائی کے جاری میگا پراجیکٹ اور عدالت گڑھا فلائی اوور کی تعمیر کے منصوبوں کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جا رہا ہے۔ یہ بات انہوں نے ڈی سی آفس کمیٹی روم سیالکوٹ میں پلسپ کے زیر نگرانی جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے دوران کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اقبال، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ مظفر مختار، خواجہ ٹیپو، ڈی او ریگولیشن میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ رانا ثقلین، ایس ڈی او بلال احمد، پلسپ اور نیسپاک کے مقامی حکام اور کنٹریکٹرز موجود تھے۔ رکن صوبائی اسمبلی چودھری فیصل اکرام نے پلسپ حکام کو ہدایت کی کہ وہ عدالت گڑھا فلائی اوور کے ڈیزائن میں پاکستان ریلوے کی ہدایت کے مطابق تبدیلی کر کے آئندہ دو روز میں فوری جمع کروائیں جبکہ لاری اڈی کشمیر روڈ پر مجوزہ فلائی اوور کی 3 ڈی پریزینٹیشن بنائیں تاکہ اسٹیک ہولڈرز اور متعلقہ حکام کی مشاورت سے پل کی تعمیر کی فزیبلیٹی تیار کر کے حکومت پنجاب سے اصولی منظوری حاصل کی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر محمد اقبال نے کہا کہ پلسپ حکام کی جانب سے منصوبوں کی تکمیل کیلئے دی جانے والی ڈیڈ لائن کو فالو کیا جائے گا اور سیوریج اور واٹر سپلائی کی لائنز ڈالنے کے بعد روڈ کی بحالی کیلئے میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ سے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے پابند ہونگے۔

عزیز کراس تا چندا قلعہ جی ٹی روڈ کو پروٹیکٹڈ یوٹرن کے ذریعے سگنل فری بنانے کے لئے بہت جلد کام کا آغاز کر دیا جائے گا، کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ عزیز کراس تا چندا قلعہ جی ٹی روڈ کو پروٹیکٹڈ یوٹرن کے ذریعے سگنل فری بنانے کے لئے بہت جلد کام کا آغاز کر دیا جائے گا اس سلسلہ میں تمام متعلقہ محکمے ہائی ویز کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ مل جل کر اشتراک عمل سے اس فلاحی منصوبے کو جلد از جلد پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے چندا قلعہ تا عزیز کراس تک جی ٹی روڈ کو کاریڈ سگنل فری کوریڈور بنانے کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ عبدالروف، ایس ای ہائی ویز محمد نواز، ڈی جی پی پی ایچ اے شاہد عباس جوتہ، ڈائریکٹر انجنیئر نگ واسا کاشان حفیظ بٹ، کنزرویٹر فاریسٹ قاضی عبدالرحیم، ڈویژنل آفیسر این ٹی سی عثمان شہزاد، جی ایم گیپکو نوید چیمہ، اے ڈی این ایچ اے لاہور غلام عباس، اے ڈی پی ایچ اے راشد چٹھہ، محکمہ واپڈا، سوئی گیس، ٹیلی فون و دیگر متعلقہ اداروں کے افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔ منصوبے کا مقصد جی ٹی روڈ سے سفر کے وقت کا دورانیہ کم سے کم کرنا ہے۔ جس سے نہ صرف گوجرانوالہ بلکہ دوسرے شہروں سے بھی آنے والے مسافروں کو فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق جی ٹی روڈ پر ٹریفک کی بندش کے باعث محکمہ ہائی ویز کے زیر اہتمام سگنل فری کوریڈور بنانے کا آغاز کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کا مقصد سگنل فری کوریڈور کی تعمیر کے ذریعے شہریوں کو سہولت فراہم کرنا ہے۔

صدر سیالکوٹ چیمبر عبدالغفور ملک کی زیر صدارت ریسکیو اہلکاروں کے اعزاز میں تقریب

ریسکیو سروسز 1122 سیالکوٹ کی خدمات کے اعتراف میں ایوارڈ دیئے گئے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ریسکیو سروسز 1122 سیالکوٹ کی انسانیت کی بھلائی و شہریوں کے جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے گرانقدر عملی خدمات کے اعتراف میں پروقار تقریب کا انعقاد ایوان صنعت و تجارت کی ڈپارٹمنٹل کمیٹی برائے سیفٹی اینڈ رسک محمد شہباز صائم کی جانب سے ایوارڈ ڈسٹری بیوشن تقریب کا انعقاد زیر صدارت صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری عبدالغفور ملک ہوا۔ تقریب میں ایڈمنسٹریٹر ریسکیو سروسز 1122 پنجاب سید کمال عابد، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر سیالکوٹ نوید اقبال، سینئر وائس پریزیڈنٹ سیالکوٹ چیمبر وہب جہانگیر، نائب صدر سیالکوٹ چیمبر عامر مجید نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں سیکریٹری جنرل اتحاد فاؤنڈرز گروپ میاں محمد خلیل، ایگزیکٹو ممبر محمد اعجاز غوری، ڈپارٹمنٹل کمیٹی چیئرمینز محمد سلیم بھٹہ، اویس احمد بٹ، شیخ شاہد، شیخ خیام، محمد جواد، شیخ خالد، ڈپارٹمنٹل کمیٹی ممبرز سیفٹی اینڈ رسک خواجہ عامر جاوید، جنید آفتاب، علی عمران، بشارت نور، ملک علی و دیگر نے شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک و نعت شریف سے ہوا اس کے بعد چیئرمین ڈپارٹمنٹل کمیٹی برائے سیفٹی اینڈ رسک محمد شہباز صائم، صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ عبدالغفور ملک، عہدیداران وہب جہانگیر، عامر مجید و دیگر نے خطبہ استقبالیہ دیتے ہوئے ریسکیو سروسز 1122 سیالکوٹ کی شہریوں کیلئے نہ صرف ضلع سیالکوٹ بلکہ پنجاب بھر کے اضلاع اور بیرون ملک قدرتی آفات و ایمرجنسی کی صورتحال میں گرانقدر عملی خدمات کے اعتراف پر زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

ایکسین واپڈا لیسکو سب ڈویژن چونیاں کی مبینہ غفلت لاپرواہی، پرائیویٹ ملازم کرنٹ لگنے سے زخمی

الہ آباد (نامہ نگار) ایکسین واپڈا لیسکو سب ڈویژن چونیاں کی مبینہ غفلت لاپرواہی ان کی نگرانی میں متعدد ایس ڈی اوز نے الیکٹرک پول پر کام کرنے کے لیے پرائیویٹ بندے رکھے ہیں پرائیویٹ ملازم ناصر اور لیسکو ملازمین سدھا فیڈر چونیاں 11 ہزار کے وی بجلی کی تاروں کی مرمت کر رہے تھے کہ کرنٹ لگنے سے ناصر شدید زخمی ہوا تو 40 سے 45 منٹ تک الیکٹرک پول پر لٹکا رہا، ریسکیو 1122 امدادی ٹیم نے ریسکیو کیا اور چونیاں سے لاہور ریفر کر دیا گیا ہے جہاں اس کی حالت خطرے سے باہر ہے۔ وزیر پانی و بجلی، چیف لیسکو اور ایس ای قصور پرائیویٹ ملازمین رکھنے اور مذکورہ حادثہ کا فوری نوٹس لیں

مایہ ناز کنسلٹنٹ فزیشن ڈاکٹر عبدالغفور ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں ہیڈ آف میڈیسن ڈیپارٹمنٹ تعینات

چکوال (ایم ایوب سلطانی) چوآ سیدن شاہ کے مایہ ناز کنسلٹنٹ فزیشن ڈاکٹر عبدالغفور صاحب کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں ہیڈ آف میڈیسن ڈیپارٹمنٹ بنا دیا گیا نوٹیفکیشن جاری۔ دوست احباب کی طرف سے مبارکباد

ڈاکٹر انجم قدیر گریڈ 19 میں پرموٹ

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال چکوال ڈاکٹر انجم قدیر کو گریڈ انیس میں پروموٹ کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق سیکریٹری پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال ڈاکٹر انجم قدیر کو گریڈ انیس میں پروموشن دے دی گئی۔

مستری مقصود احمد بھٹہ خالق حقیقی سے جا ملے، نماز جنازہ ادا کر دی گئی

الہ آباد (نامہ نگار) الہ آباد کے نواحی گاؤں ارزانی پور کی جانی پہچانی اور کاروباری شخصیت مستری غلام محمد بھٹہ عرف گامن لوہار کے بڑے بھائی اور ہر دلعزیز شخصیت بھٹہ کیبل نیٹ ورک کے اونر خادم حسین بھٹہ کے والد محترم جناب مستری مقصود احمد بھٹہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے ان کی نماز جنازہ میں سینکڑوں سوگواروں نے شرکت کی اور اپنے آبائی قبرستان بونگی روڈ میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کی وفات پر ڈی ایس پی عبدالغفور بھٹی، سردار سلیم ڈوگر، چوہدری اختر ضیاء بانی و چیئرمین عوامی پریس کلب الہ آباد کی پوری ٹیم اور وائس چیئرمین عوامی پریس کلب الہ آباد مدثر بھٹہ اور بھٹہ خاندان نے تعزیت کا اظہار کیا ہے اور مرحوم کے لئے دعائے مغفرت اور ورثاء کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے

ڈی۔جی۔لائنز کلب کی ہدایات پر سیالکوٹ سٹار لائنز کلب کیجانب سے شجر کاری مہم جاری

جلد 1000 پودے لگانے کا ٹارگٹ مکمل کر لیں گے، فیضان ایم کپور

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی۔جی لائنز کلب انٹرنیشنل لائن طاہر مجید کپور کی ہدایات پر شجر کاری مہم کا آغاز ہو چکا ہے جس کے تحت پہلے دن سیالکوٹ سٹارز لائن کلب ممبرز نے سابق ڈسٹرکٹ گورنر لائن فیضان ایم۔کپور کی زیر قیادت لائنز نے سیالکوٹ جموں بارڈر کے خوبصورت دیہی علاقوں میں سڑک کنارے 250 پودے لگا کر شجر کاری مہم مزید تیز کر دی۔ لائن کلب انٹرنیشنل کے انتہائی قابل و عملی کاوشیں کرنے والے انسان دوست لائن فیضان مجید کپور کا کہنا ہے کہ ڈی۔جی لائنز کلب انٹرنیشنل لائن طاہر مجید کپور کی ہدایات پر سٹار لائن کلب کے مستعد لائنز کی جانب سے 1000 پودوں کا ٹارگٹ انشاء اللہ جلد پورا کر لیا جائیگا۔ میڈیا کے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں گلوبل وارمنگ کیوجہ سے تیزی سے بدلتے موسمی حالات والے ممالک میں وطن عزیز پاکستان بھی آ رہا ہے جس کی وجہ سے گرمی و سردی کی شدت سمیت موسمیاتی تبدیلیوں میں تیزی کے اثرات پاکستان کے تقریباً تمام صوبوں میں دکھائی دیتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ جنگلات و پودے لگا کر گلوبل وارمنگ کے ممکنہ اثرات کو کم کیا جا سکتا ہے جس کیلئے سٹار لائنز کلب کے لائنز آہنی پوری توانائی سے عملی اقدامات کر رہے ہیں۔

اسٹنٹ کمشنر کی غیر قانونی آئل ایجنسیوں کیخلاف کارروائی۔ چار سیل کر دیں

غیر قانونی فعل سے کوئی بھی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے، محمد اقبال

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) اسٹنٹ کمشنر کی غیر قانونی آئل ایجنسیوں کے خلاف کارروائی، 4 کو سیل کر دیا گیا بھاری جرمانے عائد۔ تفصیلات کے مطابق میاں چنوں اسٹنٹ کمشنر محمد اقبال نے غیر قانونی آئل ایجنسیوں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا، کارروائی کرتے ہوئے 4 مختلف علاقوں میں قائم غیر قانونی آئل ایجنسیوں کو سیل کر کے مالکان کو بھاری جرمانے عائد کئے گئے، اسٹنٹ کمشنر نے میڈیا کو بتایا کہ غیر قانونی فعل سے کوئی بھی بڑا حادثہ رونما ہو سکتا ہے اسلئے انتظامیہ ایسے عناصر کو کوئی رعایت نہیں دے سکتی اور کارروائیوں کا عمل مزید تیز کیا جا رہا ہے۔

گوجرانوالہ: پنجاب پولیس کا جوابی وار، کچے کا ڈاکو کیفر کردار کو پہنچ گیا

زخمی ڈاکوؤں میں ثنا اللہ شر، گدا علی، کملو شر، رمضان شر اور گدی شامل ہیں، پولیس کے جوابی آپریشن میں مزید ڈاکوؤں کے زخمی ہونے کی اطلاعات

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ترجمان پنجاب پولیس کی رپورٹ کے مطابق بشیر شر گذشتہ روز پولیس اہلکاروں پر ہونے والے حملے کے مرکزی ملزمان میں شامل تھا، رات سے جاری پولیس آپریشن میں ڈاکو بشیر شر کے 05 ساتھی ڈاکو شدید زخمی ہو گئے ہیں، زخمی ڈاکوؤں میں ثنا اللہ شر، گدا علی، کملو شر، رمضان شر اور گدی شامل ہیں، پولیس کے جوابی آپریشن میں مزید ڈاکوؤں کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا کہنا ہے کہ واقعہ میں ملوث ڈاکوؤں کے قلع قمع کیلئے آپریشن جاری ہے، پولیس اہلکاروں پر حملے میں ملوث تمام ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ آئی فون 12 پرومیکس کی کہانی انڈر ٹریننگ ڈیسپنسر سٹوڈنٹس کی زبانی۔ ابوبکر سٹریچر بیریئر درجہ چہارم کے ملازم نے چوری ہونے والی ادویات کا حصہ ملنے پر آئی فون 12 پرومیکس خرید لیا۔ چوری ہونے والی ادویات پر میڈیکل سپرنٹینڈنٹ نے ذمہ داران افسران و ملازمین کے خلاف قانونی کارروائی کی بجائے ایف آئی آر سٹوڈنٹس پر درج کروا دی۔ انکے کچہ ماچھکہ، پنجاب پولیس کا جوابی وار۔ پنجاب پولیس کی جوابی کارروائی میں پولیس اہلکاروں پر حملے کا مرکزی ملزم بشیر شر انجام کو پہنچ گیا۔ رات گئے جاری پولیس آپریشن میں کچے ایریا کا خطرناک ڈاکو بشیر شر کیفر کردار کو پہنچا، ترجمان پنجاب پولیس

RAHIMYAR KHAN

جہلم شہر و مضافاتی علاقوں میں قد آور قاتل ہولڈنگ بورڈز کی بھرمار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور مضافاتی علاقوں میں قد آور قاتل ہولڈنگ بورڈز کی بھرمار، اندرون شہر کی سڑکوں، پلازوں، دکانوں، مارکیٹوں کی چھتوں پر غیر قانونی طور پر بغیر منظوری کے میونسپل کمیٹی نے درجنوں ہولڈنگ بورڈ نصب کروا دیئے جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتے ہیں ہولڈنگ بورڈ نصب کرنے کا طریقہ کار بھی غیر معیاری ہے ان غیر قانونی ہولڈنگ بورڈز کو لگانے میں بھی مروجہ قانون کی دھجیاں اڑا دی گئیں، شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب، کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر سمیت ضلع بھر کی سڑکوں، عمارتوں پر نصب ہولڈنگ بورڈز کو فوری ویران علاقوں کی سڑکوں پر منتقل کرانے کے احکامات جاری کیے جائیں۔

جہلم شہر اور گردونواح کے بازاروں میں غیر معیاری کاسمیٹکس کی بھرمار

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور گردونواح کے بازاروں میں غیر معیاری کاسمیٹکس کی بھرمار، جلدی امراض بڑھنے سے خواتین خصوصاً طالبات جلدی امراض کا شکار، غیر معیاری کاسمیٹکس، سجنے سنورنے کی اشیاء نے خواتین کو مختلف قسم کی جلدی بیماریوں میں مبتلا کرنا شراع کر رکھا ہے، شہریوں کا محکمہ صحت کے ارباب اختیار سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ خاص طور پر فشل، ماسک، مختلف کریمیں، بالوں کو رنگنے کے مختلف ہیئر کلرز نیل پالش کی صورت میں زہریلے کیمیکل کے استعمال کے باعث خواتین کے چہرے اور بالوں کی مختلف اقسام کی بیماریاں سامنے آنا شروع ہو چکیں۔

تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال شورکوٹ: فزیوتھراپی وارڈ بند، مریض مشکل میں

فزیوتھراپی کیلئے یا دوسرے شہروں میں یا پرائیویٹ کلینکوں میں جانا پڑتا ہے، مریض

شورکوٹ (حاجی گلزار احمد جٹ۔ نمائندہ قوت) تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال شورکوٹ میں فزیوتھراپسٹ ڈاکٹر نہ ہونے کی وجہ سے فزیوتھراپی کا وارڈ بند پڑا ہے جسکی وجہ سے فزیوتھراپی کے مریضوں کو دوسرے شہریوں میں جا کر فزیوتھراپی کروانی پڑتی ہے یا پھر پرائیویٹ کلینک سے فزیوتھراپی کروانی پڑتی ہے جو کہ غریب آدمی کی پہنچ سے دور ہے واضح رہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں فزیوتھراپی کی کروڑوں روپے مالیت کی مشینری موجود ہے جو کہ استعمال نہ ہونے کی وجہ سے زنگ آلودہ اور خراب ہوتی جا رہی ہے کئی مرتبہ ایم ایس کی توجہ اس مسئلے کو حل کرنے اور فزیوتھراپسٹ کی تعیناتی کروانے کی جانب مبذول کروائی گئی لیکن بس ڈنگ ٹپاؤ پالیسی اپناتے ہوئے کوئی خاص کوشش نہیں کی جاتی شورکوٹ کے عوامی و سماجی حلقوں نے سی او ہیلتھ جھنگ ڈی سی جھنگ سیکریٹری ہیلتھ پنجاب چیف منسٹر پنجاب سے مطالبہ کیا ہے کہ ٹی ایچ کیو ہسپتال شورکوٹ میں فزیوتھراپسٹ کی تعیناتی کی جائے تاکہ شورکوٹ کی عوام کو فزیوتھراپی کے لیے دوسرے شہریوں میں نہ جانا پڑے۔

میاں الطاف حسین وٹو کے اعزاز میں نجی ہوٹل میں پرتکلف عشائیہ

ممبران پریس کلب کی جانب سے عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی گئی

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ۔ قوت) چیئرمین پریس کلب سکندر چوک میاں الطاف حسین وٹو کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کی خوشی میں ان کے اعزاز میں بونگہ حیات کے ایک نجی ہوٹل میں پرتکلف عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ عشائیہ میں پریس سکندر چوک پاکپتن کے تمام عہدیداران و ممبران نے شرکت کی۔ عشائیہ سے پہلے غیر رسمی اجلاس بھی منعقد کیا گیا جس میں عوامی مسائل کو اجاگر کرنے پر زور دیا گیا اجلاس کی کارروائی تلاوت قرآن پاک سے کی گئی جس کی سعادت ممبر پریس کلب محمد شکیل نے حاصل کی۔ صدر پریس کلب میاں محمد انعام نے تمام عہدیداران اور ممبران کے ہمراہ چیئرمین میاں الطاف حسین وٹو کو پھولوں کی مالائیں پہنا کر شاندار استقبال کیا اور عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد دی۔ تقریب کے اختتام پر ملک و قوم کی سلامتی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

عقیدہ ختم نبوت پر پہرہ دینے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں، شہباز احمد

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) عقیدہ ختم نبوت پر پہرہ دینے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں ہمارے علماء کے مضبوط دلائل سے چیف جسٹس کو اپنے فیصلے سے پیچھے ہٹنا پڑا جس جس نے بھی کردار ادا کیا سب کو سلام پیش کرتے ہیں عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہمارے ایمان کا حصہ ہے اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہو سکتا ان خیالات کا اظہار سابق صدر امن کمیٹی شہباز احمد کڑھائی والے نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ جب تک ہمارے جسم میں خون کا آخری قطرہ موجود ہے ختم نبوت پر پہرہ دیتے رہیں گے چیف جسٹس جس منصب پر براجمان ہے اسے اس طرح کے اسلام دشمن اور متنازعہ فیصلے زیب نہیں دیتے اس کے پیچھے بیٹھے کردار بھی یاد رکھیں ہم سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں لیکن عزت رسول پر کچھ بھی برداشت نہیں کریں گے قادیانی اسلام دشمن ہیں ان کیلئے کوئی نرم گوشہ نہیں

پی ایم ایس پروبیشنرز سندھ کے زیر تربیت افسران کا فیصل آباد کا دورہ

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) سول سرونٹ ٹریننگ پروگرام برائے پی ایم ایس پروبیشنرز سندھ کے زیر تربیت افسران نے فیصل آباد کا دورہ کیا۔ ڈی سی آفس میں بریفنگ سیشن کا انعقاد ہوا۔ کمشنر فیصل آباد سلوت سعید نے زیر تربیت افسران کا خیر مقدم کیا۔ ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر اکیڈمک عبدالخلیل شیخ کے علاوہ دیگر افسران نے شرکت کی۔ کمشنر نے زیر تربیت افسران کو ڈویژن کے تاریخی وثقافتی، صنعتی وجغرافیائی پہلوؤں سے آگاہ کیا اور کہا کہ زیر تربیت افسران کے گروپ میں خواتین کی بھرپور نمائندگی خوش آئند ہے۔ کمشنر نے ڈویژن میں حکومتی اقدامات پر عملدرآمد بارے بریفنگ دی اور بتایا کہ حکومت پنجاب کی طرف سے مختص کی پوائنٹ انڈیکیٹرز (KPIs) پر ذمہ دارانہ عملدرآمد جاری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ KPIs کی تکمیل سے عوامی مسائل کے حل میں مدد مل رہی ہے۔ کمشنر نے ڈویژن میں فصلوں کی صورتحال بارے بھی آگاہ کیا اور بتایا کہ گندم، چاول، گنا اور کپاس فیصل آباد ڈویژن کی اہم فصلیں ہیں جبکہ گزشتہ سالوں میں کپاس کی ریکارڈ پیداوار حاصل ہوئی ہے۔ کمشنر نے بتایا کہ ڈویژن میں پرائس کنٹرول میکنزم پر بھرپور عملدرآمد کی بدولت اشیائے ضرورت صوبہ بھر سے سستی ہیں۔ قیمتوں کی مسلسل چیکنگ سے صارفین کو معیاری اشیاء کنٹرول قیمتوں پر دستیاب ہیں جبکہ منڈیوں میں ڈپٹی کمشنرز سبزیوں و پھلوں کی بولی کی کڑی نگرانی کر رہے ہیں جس سے قیمتوں میں استحکام آیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ روٹی کی مقررہ 13 روپے قیمت کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں تاجر تنظیموں سے میٹنگز کا سلسلہ تسلسل سے جاری ہے۔ کمشنر نے بتایا کہ فیصل آباد ٹیکسٹائل کا مرکز اور ملک کا بڑا صنعتی شہر ہے، فیصل آباد انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ مینجمنٹ کمپنی (فیڈمک) میں غیر ملکی سرمایہ کاری جاری ہے۔

نارنگ منڈی: چوہدری سخاوت علی ڈوگرا کی سرپرستی میں امن کمیٹی کا اجلاس

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) چوہدری سخاوت علی ڈوگرا کی سرپرستی میں امن کمیٹی کا اجلاس قاری الیاس شاہد کی زیر صدارت جامع مسجد طیبہ میں منعقد ہوا جس میں چیئرمین حاجی اشرف چیمہ جنرل سیکرٹری مولانا عبدالماجد میاں شفاعت علی سہیل محمود بٹ فاروق اعوان عامر جمیل بٹ یاسین بھٹی حاجی شیخ اعجاز احمد حافظ سیف اللہ ابتسام عاشق گجر سہیل سرور بھٹی مولانا زبیر صوفی قاسم سلیم شہباز احمد کڑھائی والے قاری محمد خالد چشتی اعظم علی باجوہ آصف علی نمبردار اور ذوالقرنین زرگر نے شرکت کی شرکاء نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہمارے ایمان کا حصہ ہے سپریم کورٹ کے فیصلے میں متنازعہ شقیں حذف ہونا خوش آئند ہے کوئی بھی مسلمان سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ختم نبوت میں چھیڑ چھاڑ کسی صورت بھی برداشت نہیں کر سکتا جس جس نے بھی کردار ادا کیا سب کو خراج تحسین اور مبارکباد پیش کرتے ہیں صادق آباد کے علاقے میں کچے کے ڈاکوؤں کے حملے سے ڈیڑھ درجن کے قریب پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے دہشتگردوں کی طرح ڈاکوؤں کے خلاف بھی آرمی آپریشن ہونا چاہیے تاکہ ریاست کو یرغمال بنانے والے جہنم واصل ہوں امن کمیٹی ڈاکوؤں کے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے محرم الحرام میں بہترین کردار ادا کرنے پر انتظامیہ اور مسالک کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔

علماء اور محافظین ختم نبوت کو سلام پیش کرتے ہیں، چوہدری رمضان مصطفی سیہول

عاشقان رسول ختم نبوت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے، ٹکٹ ہولڈر ٹی ایل پی

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) علماء اور محافظین ختم نبوت کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے ہر حال میں ختم نبوت پر پہرہ دیا ہے علماء اور عاشقان رسول کی کوششوں سے چیف جسٹس کو مبارک ثانی کیس میں متنازعہ شقیں حذف کرنی پڑیں یہ عاشقان رسول کی بہت بڑی کامیابی ہے جب بھی دین کو ضرورت پیش آئی تحریک لبیک سب سے پہلے میدان میں نظر آئی تحریک لبیک سمیت تمام علماء جنہوں نے سپریم کورٹ میں دلائل دیئے مبارکباد کے مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار تحریک لبیک پی پی 136 کے ٹکٹ ہولڈر چوہدری رمضان مصطفی سیہول اور نائب امیر پی پی 136 چوہدری محمد گلفام سیہول ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ کوئی کسی بھول میں نہ رہے عاشقان رسول ختم نبوت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے۔

ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی چارج سنبھالتے ہی عوامی خدمت کے لیے متحرک ہو گئے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی چارج سنبھالتے ہی عوامی خدمت کے لیے متحرک ہو گئے پولیس ورکنگ کا جائزہ لینے کے لیے اچانک پولیس خدمت اور تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن پہنچ گئے جہاں پر صفائی ستھرائی اور درخواستوں پر کارروائی سمیت دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا تھانہ سٹیلائٹ ٹاؤن میں ڈی پی او نے حوالاتیوں کا ریکارڈ چیک کرتے ہوئے حوالات کی سیکورٹی مزید موثر بنانے کی تاکید کی خدمت مرکز اور تھانہ میں موجود شہریوں سے ملاقات کی اور پولیس کے رویے بارے دریافت کیا اس موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ تھانوں میں آنیوالے شہریوں کو سازگار ماحول فراہم کرنا ترجیحات میں شامل کیا جائے کسی بھی شہری کی بے توقیری یا بدسلوکی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

میموشدہ اصل چیک خرد برد کرنے پر اے ایس آئی کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) میموشدہ اصل چیک خرد برد کرنے پر اے ایس آئی کیخلاف مقدمہ درج پولیس رپورٹ کے مطابق تھانہ سٹی ڈسکہ میں تعینات اے ایس آئی افضال احمد نے مقدمہ نمبر 2637/23 بجرم 489F تفتیش عمل میں لائی اور چالان عدالت مجاز میں بھجوایا لیکن اصل چیک ہمراہ لف نہ کیا جس پر محکمانہ انکوائری عمل میں لائی گئی اور دوران انکوائری افضال احمد اے ایس آئی اصل چیک متذکرہ میموشدہ خرد برد کرنے میں ملوث پایا گیا پولیس نے اے ایس آئی افضال احمد کیخلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے

تھانہ صدر پولیس نے پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر بوگس کال کرنے والے کالر کو دھر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ صدر پولیس نے پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار 15 پر بوگس کال کرنے والے کالر کو دھر لیا۔ کالر نے پولیس کو ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر تھانہ صدر کے علاقہ موضع پترا کی میں دوران واردات 85 ہزار روپے چھن جانے کی اطلاع دی۔ اطلاع ملتے ہی انچارج چوکی برجیاں اے ایس آئی غلام عباس ٹیم کے ہمراہ موقع پر پہنچ گئے۔ پولیس نے واردات سے متعلق موقع پر تحقیق کی۔ پولیس تحقیق میں موقع پر واردات ہونے کے کسی قسم کے شواہد نہ ملے۔ کالر ملزم طاہر نے مالک کے پیسے ہڑپ کرنے کے لیے واردات کی جھوٹی کال کی۔ واردات کی جھوٹی کال کرنے پر کالر طاہر کیخلاف تھانہ صدر میں مقدمہ درج کر کے ملزم کو حراست میں لے لیا گیا۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہری صرف ایمرجنسی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر مدد کیلئے کال کریں۔

فرنٹ لائن پر کام کرنے والے ملازمین سے ڈپٹی کمشنر ننکانہ کی ملاقات



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ستھرا پنجاب پروگرام کو کامیاب بنانے اور فرنٹ لائن پر کام کرنے والے ملازمین سے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ کی ضلع کونسل ہال میں ملاقات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مزمل الیاس، اسٹنٹ کمشنر ننکانہ وجیہہ ثمرین، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رانا عنصر جمیل، ضلع کونسل کے افسران، سیکرٹری یونین کونسلز، نمبرداران سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع کی 60 دیہی یونین کونسلز میں مرحلہ وار صفائی ستھرائی کا عمل جاری ہے جبکہ ضلع کی تمام میونسپل کمیٹیاں روزانہ کی بنیاد پر صفائی کا عمل تیزی سے جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے ہر دیہات میں ویلج کمیٹیاں بھی قائم کی جا چکی ہیں جو اپنی نگرانی میں صفائی کے عمل کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کے 08 دیہاتوں کو ماڈل ویلجز کا درجہ دیا گیا ہے، ضلع کے تمام ماڈل ویلجز میں سٹریٹ لائٹس، سٹریٹ نمبرز اور گھرانہ نمبرز لگانے کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔

محمد پرویز رانجھا کو قائداعظم گولڈ میڈل سے نواز دیا گیا

استحکام پاکستان فاؤنڈیشن کی طرف سے انہیں قائداعظم گولڈ میڈل دیا گیا

شکرگڑھ (نامہ نگار) محمد پرویز رانجھا کو قائداعظم گولڈ میڈل سے نوازا گیا، معروف سماجی تنظیم استحکام پاکستان کی طرف سے 14 اگست کے حوالے سے لاہور میں منعقدہ ایک بہت بڑی تقریب منعقد ہوئی، تقریب کے دوران محمد پرویز رانجھا کو ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ سماجی حوالے سے کیے جانے والے اقدامات کے پیش نظر خصوصی طور پر استحکام پاکستان فاؤنڈیشن کی طرف سے انہیں قائداعظم گولڈ میڈل دیا گیا۔ محمد پرویز رانجھا کو گولڈ میڈل ملنے پر نارووال کی مذہبی، سیاسی سماجی اور صحافتی حلقوں کے نمائندگان نے محمد پرویز رانجھا کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

صحافی برادری کو بہترین سہولیات فراہم کی جائیں، ڈپٹی کمشنر

فیصل آباد پریس کلب کی عمارت کی تزئین و بحالی کے لئے اقدامات میں بھرپور معاونت کریں گے، ڈپٹی کمشنر

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ضلعی انتظامیہ کی طرف سے صحافی برادری کو پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی میں بہترین سہولیات کی فراہمی اور ان کی فلاح و بہبود کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو پورا کیا جائے گا اس ضمن میں فیصل آباد پریس کلب کی عمارت کی تزئین و بحالی کے لئے اقدامات میں بھرپور معاونت کریں گے۔ یہ بات ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے گروپ لیڈر فیصل آباد پریس کلب شاہد علی کی قیادت میں پریس کلب کے عہدیداران سے ملاقات کے دوران کہی۔ صدر پریس کلب چوہدری عبدالرحمن گجر، سیکرٹری میاں کاشف فرید، سینئر نائب صدر شوکت وٹو، سابق سیکرٹری عزادار حسین، نائب صدر محمد کاشف، فنانس سیکرٹری محسن فاروق، جوائنٹ سیکرٹری محمد طاہر اور دیگر ارکان موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے پریس کلب کے ارکان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پرائس کنٹرول میکنزم، صفائی ستھرائی کے ساتھ ساتھ عوامی مسائل اور تعمیر و ترقی کی سرگرمیوں کو اجاگر کرنے کے سلسلے میں میڈیا کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے جس کے تعاون اور نشاندہی سے انتظامی امور میں بہتری لانے اور محکمانہ سروسز کی اصلاح میں مدد ملتی ہے لہذا صحافی برادری کے مسائل کے حل کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو ہر ممکن ریلیف کی فراہمی پر خصوصی توجہ دے رہی ہے اس سلسلے میں عوامی فلاح و بہبود اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سے متعلق حکومتی پالیسیوں اور ترقیاتی پروگرام پر پرعزم انداز میں عملدرآمد کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے شہری ترقی اور عوام کو جدید شہری سہولتوں کی فراہمی کے لئے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بھی آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے صحافی برادری کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ جلد پریس کلب کا دورہ بھی کریں گے۔ اس موقع پر شاہد علی، عبدالرحمن گجر، کاشف فرید، شوکت وٹو و دیگر نے ڈپٹی کمشنر کو تعیناتی اور گریڈ 19 میں ترقی ملنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے پریس کلب میں ممبران کے لئے دستیاب سہولیات سے آگاہ کیا اور پریس کلب کی ترقی و صحافی برادری کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بعض عوامی مسائل کی نشاندہی پر ڈپٹی کمشنر کی طرف سے فوری ایکشن لینے پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

تھانہ صفدرآباد کے علاقہ پھلروان چوک کے قریب دو گروہوں کے درمیان فائرنگ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ صفدرآباد کے علاقہ پھلروان چوک کے قریب دو گروہوں کے درمیان فائرنگ کے نتیجہ میں 42 سالہ ارشد اور 20 سالہ تابش شدید زخمی ہو گئے جنہیں ریسکیو اہلکاروں نے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا، علاوہ ازیں تھانہ سٹی فاروق آباد کی حدود میں پستول مرمت کرتے ہوئے اچانک گولی چل جانے سے محمود نامی شخص زخمی ہو گیا جسے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

دارالسلام جیون پورہ فیصل آباد روڈ پر 25 اگست بروز اتوار بوقت دوپہر 1 بجے تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا جائے گا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) دارالسلام جیون پورہ فیصل آباد روڈ پر 25 اگست بروز اتوار بوقت دوپہر 1 بجے تقریب تقسیم انعامات کا انعقاد کیا جائے گا جس کا اہتمام دارالسلام شعبہ دعوت و تبلیغ کی طرف سے کیا گیا ہے تقریب میں ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ، حاجی محمد اشرف، طاہر ورک، میاں طارق، جمشید احمد بطور مہمان خصوصی شرکت کریں گے جبکہ ابوابراہیم فضیلۃ الشیخ محمد ندیم آف مکہ مکرمہ یونیورسٹی خصوصی خطاب کریں گے۔ جبکہ مولانا عبدالمالک مجاہد، حافظ عبدالعظیم اسد، فاروق اکرام و دیگر نمائندہ افراد شرکت کریں گے۔

انسانی جانوں کیساتھ کھیلنے والوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، ڈرگ انسپکٹر

میاں چنوں (تحصیل رپورٹر) انسانی جانوں کے ساتھ کھیلنے والوں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، ڈرگ انسپکٹر نے 2 میڈیکل سٹور سیل کر دیئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈرگ انسپکٹر میاں چنوں ڈاکٹر شہروز خان نے خواجہ عمران نذیر ہیلتھ منسٹر پنجاب اور ڈرگ کنٹرولر پنجاب اظہر جمال سلیمی کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے غشیات اور سٹیرائیڈز ادویات فروخت کرنے والے دو میڈیکل سٹور کو چالان کر کے سیل کر دیا، جن میں نعیم کلینک/میڈیکل سٹور گاؤں ونجاری اور کیئر میڈیکل سٹور گاؤں 2 ایٹ آر شامل ہیں۔

ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسر دوکانیں میں قائم

سول ڈیفنس سیالکوٹ کی ملی بھگت کیساتھ ایل۔پی۔جی ریفلنگ بھی جاری

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سیالکوٹ بھر کی چاروں تحصیلوں کے مضافات و شہر سیالکوٹ کے وسطی گنجان آباد محلوں چوراہوں اور دور دراز علاقوں میں سول ڈیفنس سیالکوٹ کی معاونت کیساتھ کھلے پیٹرول ڈسپنسر دوکانوں پر کیمیکل ملے پیٹرول ڈیزل کی کھلے عام فروخت جاری ہے۔ باوثوق انویسٹی گیٹیو رپورٹ کے مطابق پسرور کے شہری دیہی علاقوں، سیالکوٹ کے وسطی و مضافاتی دیہی شہری علاقوں اگوکی، بھگوال اعوان، فتح گڑھ ایجنسی روڈ، مدثر شہید روڈ تا کھروٹہ سیداں، پرُوپی آرائیاں، جموں روڈ، شفیع کا بھٹہ و بھلورہ روڈ کوٹلی لوہاراں، ہیڈ مرالہ روڈ تا کلووال روڈ، سمبڑیال جیٹھیکی روڈ، کوٹ اللہ یار، ماجرا کلاں و کوٹھے چشتیاں، بھکھڑیوالی روڈ، بھوپالوالہ بطرف ساہووالہ روڈ و بلنگن، وائیں، گوجرہ، ڈسکہ روڈ و پرانی سبزی منڈی و صابوسراں و بھلووالی، ایمن آباد روڈ، کلاسوالہ صدر لڈھیکی تا اڈہ ستراہ و ستراہ قصبہ، چونڈہ و سرحدی دیہات چاروہ و مضافات، کنگرہ موڑ تا سبز پیر، چوبارہ و دیگر الغرض ہزاروں کی تعداد میں پیٹرول ڈسپنسر گنجان آبادیوں و مضافاتی علاقوں میں غیر قانونی پیٹرول اور ایل پی جی کی غیر قانونی ریفلنگ سرعام کر رہے ہیں جب بھی ریفلنگ کے دوران سلنڈر دھماکہ یا پھر موٹر سائیکل، کار یا بوتلوں میں پیٹرول بھرتے آگ لگنے سے جانی و مالی نقصان ہوتا ہے تو سیالکوٹ کی ضلعی انتظامیہ چار دن متحرک دکھائی دیتے سول ڈیفنس سیالکوٹ عملہ کو استعمال کر کے مشینیں ضبط و دوکانیں سیل و ڈیلی ویجز والے چند فلر افراد گرفتار کر لیتے ہیں جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں علی باجوہ و احسان و دیگر اس قسم کے مالدار ڈسپنسر مشین مالکان عدالتوں سے 5 ہزار کے لگ بھگ جرمانے بھر کر اپنے بندے چھڑوا لیتے ہیں جبکہ سول ڈیفنس سیالکوٹ میں ضبط پیٹرول وایل۔پی۔جی مشینیں 15 سے 20 ہزار میں ڈیکنگ کر کے انسپکٹنگ آفیسر زکریا اقبال سے دوں ارہ لیکر پھر غیر قانونی ریفلنگ کا مکروہ دھندہ شد و مد سے شروع کر کے انتظامیہ کا منہ چڑا رہے ہوتے ہیں۔ واضح رہے زکریا اقبال کرپشن کیسز کی وجہ سے دو بار سرنڈر ہو چکا، پھر نارووال ٹرانسفر ہوا اس کے بعد دوں ارہ اپنے پیسے و سیاسی تعلقات کی بنیاد پر سول ڈیفنس سیالکوٹ تعینات ہو کر غیر قانونی پیٹرول، ایل۔پی۔جی ریفلنگ دوکانوں سے وہی روایتی انداز میں منتھلی و پنڈری رشوت وصولی کر کے شہریوں کے جان و مال کیلئے مہلک ایسے مکروہ دھندے کو بڑھاوا دیتا ہے اور کرپشن کی کمائی سے اپنے اثاثہ جات میں مسلسل اضافہ کرتا ہے۔

DAILY QUWAT ایڈیٹوریل

quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

قومی یکجہتی کی متقاضی وزیراعظم اور آرمی چیف کی سوچ

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کی ترقی کی کنجی نوجوان نسل کے ہاتھ میں ہے، نوجوانوں کی ترقی کیلئے تمام وسائل مہیا کرینگے۔ گزشتہ روز اسلام آباد میں منعقدہ یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان مسلم دنیا کی پہلی جوہری قوت ہے۔ آج کوئی دشمن پاکستان کی جانب میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ملکی ترقی کیلئے سب اپنا کردار ادا کریں۔ ہم نے ہرصورت دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہے۔ آئین پاکستان کی قومی وحدت کی علامت ہے جس نے پاکستان کو معاشی اور سیاسی لحاظ سے جوڑا ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مشرقی پاکستان میں پاکستان مخالف تحریک چلانے والے اور نظریہ پاکستان کو دفن کرنے کی بات کرنے والے کے بنگلہ دیش میں مجسمے تک توڑ دیئے گئے۔ ہمیں اس سے سبق حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ آج پاکستان کو تقسیم کی نہیں بلکہ اتفاق اور اتحاد کی ضرورت ہے۔ ہم اگر نیک نیتی سے پاکستان کی حالت بدلنے کا عزم کرلیں تو پاکستان اقوام عالم میں عزت اور وقار کے ساتھ سر اٹھا کر چل سکتا ہے۔ آج کے معروضی حالات کا تقاضا ہے کہ سیاست دان مل کر ملک کی خدمت کریں اور آئینی اداروں کے ساتھ انکے دائرہ کار میں رہتے ہوئے مل کر کام کریں گے تو تاریخ ہمیشہ ہمیں یاد رکھے گی۔ ہم پاکستان کے سپہ سالار کے ساتھ یکجان دو قالب ہو کر پاکستان کی ترقی کیلئے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بجلی بلوں میں ریلیف پر کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیے بلکہ دیگر صوبے بھی اس ریلیف میں حصہ ڈالیں۔

چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر نے بھی یوتھ کنونشن سے خطاب کیا اور نوجوانوں کو پاکستان کا مستقبل قرار دیتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ ریاست عوام کو سوشل میڈیا سے پیدا شدہ ہیجان اور فتنے کے مضمرات سے دور رکھے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ ڈیفالٹ کا بیانیہ بنانے والے آج کہاں ہیں۔ وہ آزادی کی اہمیت غزہ، کشمیر، شام اور لیبیا کے عوام سے پوچھیں۔ انکے بقول عوام، حکومت اور فوج کے درمیان مضبوط رشتہ ہی پاکستان کے تحفظ وترقی کا ضامن ہے۔

بے شک ملک میں حقیقی معنوں میں آئین کی حکمرانی و پاسداری ہو تو ملک کی سلامتی اور سسٹم کے استحکام کو کسی قسم کا خطرہ لاحق نہیں ہو سکتا۔ ہم ان سطور میں عرض کرتے رہتے ہیں کہ ادارہ جاتی ہم آہنگی کا بھی آئین پاکستان ہی ضامن ہے جس میں تمام ریاستی انتظامی اداروں کی حدود وقیود اور اختیارات متعین ہیں۔ اگر تمام ریاستی، انتظامی ادارے اپنے اختیارات کے تناظر میں آئین میں متعین کردہ پیرامیٹرز کو حرز جاں بنائیں تو اختیارات کے استعمال کے معاملہ میں کسی شک وشبہ کی کوئی گنجائش ہی نہ نکلے۔ امور حکومت ومملکت کی انجام دہی میں رکاوٹیں اسی وقت پیدا ہوتی ہیں جب ادارہ جاتی سطح پر اپنی آئینی حدود وقیود کی پاسداری سے گریز کیا جاتا ہے۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ آئین پاکستان کے تحت ہمارا سسٹم وفاقی پارلیمانی ڈھانچے پر استوار ہوا ہے جس میں وفاق اور اسکی اکائیوں کی باہمی تال میل سسٹم کی بقاء واستحکام کی علامت ہوتی ہے اور اسکے ثمرات سے عوام کے مستفید ہونے کا راستہ نکلتا ہے۔ بدقسمتی سے آئین کی پاسداری کے معاملہ میں ادارہ جاتی سطح پر ہمارا ٹریک ریکارڈ قابل فخر نہیں رہا۔ اول تو قیام پاکستان کے 9 سال بعد تک ہماری آزاد وخودمختار مملکت سرزمین بے آئین رہی۔ 1956ء میں صدارتی پارلیمانی آئین مرتب ہوا مگر دو سال بعد ہی اکتوبر 1958ء میں جنرل ایوب خان نے ماورائے آئین اقدام کے تحت اس آئین کو چلتا کیا اور ملک میں پہلا مارشل لاء نافذ کر دیا۔ اس طرح یہ ارض وطن پھر سرزمین بے آئین ہو گئی جبکہ 1962ء میں اسی جرنیلی آمر نے اپنے ہاتھوں آئین مرتب کرکے ملک میں صدارتی نظام نافذ کیا اور اپنی ذات کو اختیارات کا سرچشمہ بنا لیا۔

اسکے باوجود آئین کی پاسداری کے تقاضے نہ نبھائے گئے جس سے عوام کے دلوں میں بالخصوص نوجوان نسل میں شورش واشتعال پیدا ہوتا رہا اور تمام تر اختیارات کے باوجود ایوب خان کو بوریا بستر سمیٹ کر اقتدار کے ایوانوں سے رخصت ہونا پڑا جبکہ وہ رخصت ہوتے ہوئے بھی اقتدار ایک دوسرے جرنیلی آمر یحییٰ خان کے سپرد کر گئے جن کے ہاتھوں 62ء کا آئین معلق اور سخت گیر مارشل لاء کا نفاذ ہوا اور ایک بار پھر وطن عزیز سرزمین بے آئین ہو گیا جس میں علاقائی اور صوبائی تعصبات نے سر اٹھایا تو ہمارے ازلی دشمن بھارت کو بھی ہماری اندرونی کمزوریوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع مل گیا۔ چنانچہ اس نے دسمبر 1971ء میں ہم پر جنگ مسلط کی اور اپنی عسکری تنظیم مکتی باہنی کو مشرقی پاکستان میں متحرک کرکے پاکستان سے بدگمان عناصر کو اپنے ساتھ ملایا اور اس ارض وطن کو سانحہ سقوط ڈھاکہ سے دوچار کر دیا۔

دشمن کے ہاتھوں اس ارض وطن کو لگنے والے ان زخموں کی ٹیسیں آج بھی اسے سرزمین بے آئین بنانے کی سازشوں کا ماتم کرتی رہتی ہیں۔ سقوط ڈھاکہ کے بعد ذوالفقار علی بھٹو کی سربراہی میں تشکیل پانے والی عبوری حکومت نے 1973ء میں ملک کو متفقہ آئین کا تحفہ دیکر اسکے ماتھے سے سرزمین بے آئین والا کلنک اتار دیا مگر انکے دور میں بھی آئین کی مثالی عملداری والا ماحول استوار نہ ہو سکا۔

وہ محبتیں جو سایہ بن کر رہیں

اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایک خاص نظام فطرت میں پیدا کیا، جہاں والدین کا رشتہ بے مثل و بے نظیر ہے۔ باپ وہ ہستی ہے جو محبت، محنت اور قربانی کا استعارہ بن کر اپنے بچوں کو زندگی کی شاہراہ پر قدم رکھنے کے قابل بناتا ہے۔ دنیا میں والد کی محبت ایک چھتنار درخت کی طرح ہوتی ہے، جو زندگی کے سرد وگرم میں اپنے بچوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ والد کی شخصیت کو ایک سائبان، ایک محافظ، اور ایک مشعل راہ کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ سیٹھ بھائی محمد لطیف، جنہیں محبت اور احترام سے ''بھائی لطیف'' کے نام سے یاد کیا جاتا تھا، ایک ایسی ہی شخصیت تھے۔ ان کی محبت، شفقت، اور عزم نے نہ صرف ہمارے خاندان کو زندگی کی مشکل راہوں پر کامیابی سے گزرنے کا راستہ دکھایا بلکہ ان کی ذات برادری اور کاروباری حلقوں میں بھی ایک مثال بن کر ابھری۔

سیٹھ بھائی محمد لطیف 02 نومبر 1945 کو ریاست پٹیالہ کے ایک چھوٹے سے گاؤں بھلکھی میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد چوہدری عبدالغنی، ایک قابل احترام شخصیت تھے، اور خاندان کا تعلق راجپوت طور برادری سے تھا۔ بچپن میں ہی ان کے دل میں ایسی خوبیاں پروان چڑھیں جو بعد ازاں ان کی پوری زندگی کا حصہ بن گئیں۔ 1947 میں جب پاک و ہند تقسیم ہوئی، تو ہمارے خاندان نے ہجرت کا صبر آزما سفر کیا اور اوکاڑا کو اپنا مستقل ٹھکانہ بنایا۔ اس کٹھن سفر نے میرے والد کے دل میں محنت اور قربانی کے جذبے کو مزید مضبوط کیا۔ یہ ہجرت ایک عظیم امتحان تھا، مگر میرے والد نے اس آزمائش کو اپنی زندگی کی تعمیر کا سنگ بنیاد بنا دیا۔

بچپن میں انہوں نے جالندھر اسلامیہ ہائی اسکول میں داخلہ لیا، جہاں سے انہوں نے 1962 میں میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ ان کی زندگی کا یہ وقت ایک ایسا دور تھا جہاں تعلیم اور روزگار کے درمیان کشمکش جاری تھی۔ مرحوم شیخ عبدالحق جیسے اساتذہ کی تربیت نے ان کے دل میں علم کی محبت اور عزت کو مزید بڑھایا تاہم، ان کی بصیرت اور وژن نے انہیں کاروباری دنیا کی طرف مائل کیا۔ میرے والد کی شخصیت میں عاجزی، صبر اور خدا پر توکل کی جھلک ہمیشہ نمایاں رہی۔ یہی وہ صفات تھیں جنہوں نے انہیں کاروباری دنیا میں کامیابی کی بلندیوں پر پہنچایا۔

سیٹھ بھائی لطیف کی کاروباری زندگی ایک کامیاب سفر کی داستان ہے، لیکن ان کی اصل شناخت ان کی محبت بھری شخصیت اور اخلاقی عظمت تھی۔ والد صاحب کی زندگی کا ایک اہم پہلو ان کی کاروباری سوچ اور اعلیٰ اخلاقی اقدار تھے۔ تقسیم کے بعد سیٹھ بھائی محمد لطیف ابتدائی کچھ دن چڑہ منڈی اوکاڑا میں مقیم رہے، پھر مستقل سکونت راوی روڈ اوکاڑا اختیار کی، جہاں ان کا بچپن، لڑکپن اور ابتدائی زندگی گزری۔ تاہم، اسی کی دہائی کے آخری سالوں میں وہ ایم اے جناح روڈ منتقل ہو گئے جہاں وہ تاحیات انجمن تاجران کے سرپرست رہے۔ ان کا خاندان تقسیم سے پہلے بھی کاروباری اور تجارتی پیشے سے وابستہ تھا، اور آج بھی ان کے زیادہ تر افراد کاروباری ذہنیت رکھتے ہیں۔ تعلیمی اسناد میں ان کا نام لطیف محمد تھا، جبکہ عام نام محمد لطیف معروف ہوا مگر عوامی مزاج کے باعث وہ بھائی لطیف پکارے جاتے تھے کیونکہ ایک تو کاروباری زندگی دوسرا مطالعہ اور ادبی ذوق سے وہ شروع سے ہی معززین میں شمار ہونے لگے۔ ان کی کاروباری ذہانت اور عوامی خدمت کا جذبہ ان کی کامیابی کا راز بنا۔

ذوالفقار علی بھٹو کے دور حکومت میں سرکاری ڈپو کھلے تھے جہاں راشن کارڈ دکھا کر چینی ملتی تھی، اور لوگوں کو بازار کے مقابلے میں بہت سستی چینی میسر آتی تھی۔ مسجدوں میں اعلان ہوتا کہ ڈپو پر چینی آ گئی ہے، جس کے بعد لوگ اپنے خاندان کے افراد کے حساب سے چینی لیتے۔ آج کے دور میں اگر دیکھا جائے تو اس وقت سستی چینی ملنا ایک بڑی نعمت سمجھا جاتا تھا۔ سیٹھ بھائی لطیف کی کاروباری مہارت کی وجہ سے انہیں سیٹھ عبدالغنی اینڈ سنز'' کے نام سے چینی کا ڈپو الاٹ ہوا، جس میں ان کے بھائی حاجی محمد شفیق طور قادری اور محمد رفیق گڈو ان کے معاون تھے۔ اس دوران، انہیں بھٹو حکومت کے مقامی نمائندوں کی شدید مخالفت کا سامنا کرنا پڑا کیونکہ سیٹھ بھائی لطیف بھٹو مخالف نو ستاروں والے قومی اتحاد سے وابستہ تھے۔ ان کی کاروباری ذہانت اور ادبی ذوق نے انہیں شاعر مجید امجد صاحب کے قریب کر دیا۔ اس وقت مجید امجد اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر محکمہ خوراک تھے، اور ان کی ملاقاتوں کا زیادہ وقت منٹگمری ساہیوال میں گزرا۔ چینی کے ڈپو کی بدولت سیٹھ بھائی لطیف اور مجید امجد کے درمیان ملاقاتیں قائم رہیں۔ علمی و ادبی محافل میں شرکت اور مطالعے کے شوق نے سیٹھ بھائی لطیف کو سماجی حلقوں میں بھی نمایاں مقام عطا کیا۔



تحریر: مسعود شہباز الغنی

سیٹھ بھائی محمد لطیف کی زندگی کا دوسرا اہم پہلو وہ تھا جب انہوں نے کاروباری میدان میں اپنی نئی راہیں تلاش کیں اور کامیابی کے ساتھ چاول کے کاروبار کا آغاز کیا۔ اس دور میں، 1980 کی دہائی کے آخری سالوں میں، انہوں نے اپنے چھوٹے بھائی الحاج محمد شفیق طور قادری کے نام پر شفیق رائس ملز'' کی بنیاد رکھی۔ اس کاروبار نے انہیں شہرت اور کامیابی کی نئی بلندیوں تک پہنچایا۔ کاروبار کی وسعت کا عالم یہ تھا کہ انہوں نے کراچی کے جوڑیا بازار میں ایک ذیلی دفتر قائم کیا اور وہ وہاں کے مقامی تاجر بورڈ کے ممبر بھی بن گئے۔

نوے کی دہائی کے ابتدائی سالوں میں رائس ملز کے ساتھ ساتھ آئل ملز کا پراجیکٹ بھی شروع کیا، جو کچھ عرصے کی کامیابی کے بعد بدترین خسارے کا شکار ہوا اور چاولوں کے بہترین کاروبار کو بھی اپنے ساتھ لے ڈوبا، یوں وہ ابتلا کا شکار ہوئے۔ یہ خسارے کے چند سال ان کے لیے آزمائش بنے اور شدید مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، جس نے ان کی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کیے۔ تاہم، اللہ کی ذات پر بھروسہ، حوصلہ، صبر، اور مسلسل محنت نے ان کے ذوق وشوق اور مزاج میں کبھی لغزش نہ آنے دی۔ وہ تھوڑے بہت کام کے ساتھ اپنی زندگی کے ایام میں متحرک رہے اور اس دوران غلہ منڈی کی اجناس کی خرید وفروخت میں مصروف رہے۔ باردانہ وغلہ کے معاملات چلنے کے بعد وہ جننگ اور ویسٹ کاٹن کے شعبے سے منسلک ہوئے اور ایک چھوٹے درجے کا صنعتی یونٹ قائم کیا جو مقامی مارکیٹ کی کھپت کو کسی حد تک پورا کر رہا ہے۔

سیٹھ بھائی محمد لطیف کی زندگی کا ایک اور روشن پہلو ان کی برادری کے لیے بے لوث خدمات تھیں۔ انہوں نے اپنے خاندان اور برادری کو ہمیشہ اتفاق واتحاد کی لڑی میں پروئے رکھا۔ ان کی علمی صحبت اور ادبی محفلیں ان کی شخصیت کا ایک حسین پہلو تھیں، جس نے ان کے خیالات اور نظریات کو مزید نکھارا۔ علمی اور ادبی لحاظ سے سیٹھ بھائی لطیف ایک خاندانی انسان تھے جو اپنی ذات برادری کے اتحاد و اتفاق میں ہمیشہ پیش پیش رہے۔ کاروباری زندگی کے ساتھ ساتھ میرے والد نے راجپوت طور برادری کے سماجی تعاون کو مضبوط کرنے کے لیے ایک کمیٹی تشکیل دی اور رسالہ ''شان طور'' کا اجرا کیا، جس میں خود بھی مضامین لکھتے تھے۔ ان کے رسالے ''شان طور'' نے برادری کے نوجوانوں کو تعلیم وتربیت کے راستے پر ڈالنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس رسالے نے نہ صرف معلومات بلکہ برادری کے افراد کے درمیان رابطے کا بھی بہترین ذریعہ فراہم کیا۔ سیٹھ بھائی لطیف نے ہمیشہ اپنے وژن اور نظریات کی روشنی میں نئی نسل کو آگے بڑھنے کا حوصلہ دیا۔ ان کی محنت، محبت، اور اخلاص نے نہ صرف ہمارے خاندان کو بلکہ اس پورے علاقے کو بھی متاثر کیا۔ ان کی شخصیت کا اثر ہمیشہ قائم رہا اور وہ ہر دل عزیز شخصیت کے طور پر جانے جاتے تھے۔

پانچ محرم الحرام 1446 بمطابق 11 جولائی 2024 کو وہ اللہ کو پیارے ہو گئے۔ ان کی وفات کی خبر پورے شہر میں پھیل گئی اور ان کے چاہنے والے سوگوار ہو گئے۔ ان کا نماز جنازہ تیرہ جولائی کو اوکاڑا کی مرکزی جنازہ گاہ میں ادا کیا گیا، جہاں ہزاروں لوگوں نے شرکت کی۔ ان کی وفات ایک ایسا سانحہ تھا جو لوگوں کے دلوں پر نقش ہو گیا۔

وہی بزم ہے وہی دھوم ہے، وہی عاشقوں کا ہجوم ہے
ہے کمی تو بس میرے چاند کی، جو تہہ مزار چلا گیا

سیٹھ بھائی محمد لطیف کی وفات کے بعد بھی ان کی یادیں، ان کی محبت اور ان کے اعمال ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ ان کی شخصیت کا یہ اثر ہے کہ ان کے پوتے پوتیاں اور نواسے نواسیاں آج اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ ان کے بچے مختلف شعبوں میں نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں، اور ان کے خاندان کے افراد آج بھی ان کی زندگی کی روشنی میں آگے بڑھ رہے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سیٹھ بھائی محمد لطیف کی مغفرت فرمائے، ان کے درجات بلند کرے میرے والد کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین۔ اور ان کے خوابوں کی تعبیر ان کے خاندان کے ذریعے جاری رکھے۔

جسے میں سناتا تھا درد دل وہ جو پوچھتا تھا غم دروں
وہ گدا نواز بچھڑ گیا، وہ عطا شعار چلا گیا

صاحب غنیۃ الطالبین حضرت غوث اعظمؒ کی نظر میں

تحریر

علامہ پیر محمد تبسم بشیر

محبوب سبحانی، قطب ربانی، قندیل نورانی، غوث صمدانی، حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی ؒ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں بھلائی کا حکم دینے اور برائی سے روکنے والوں کا ذکر کیا ہے اور انکی تعریف اس طرح فرمائی ہے: ''تم لوگوں کی ہدایت کے لئے بہترین گروہ بنا کر بھیجے گئے ہو۔ بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو۔'' ایک اور آیت میں اس طرح فرمایا گیا: ''مومن مرد اور مومن عورتیں باہم ایک دوسرے کے دوست ہیں بھلائی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں۔'' ایک روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا تم قطعاً بھلائی کا حکم دو اور بری باتوں کی ممانعت کرو، ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے نیکوں پر تمہارے بروں کو ضرور مسلط کر دیگا۔ پھر نیک لوگ دعا کرینگے مگر انکی دعا قبول نہ ہوگی۔

حضرت سالم رضی اللہ عنہ بن عبداللہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا! ''اچھی باتوں کا حکم دو اور بری باتوں سے روکو قبل ازیں کہ تمہارے نیک لوگوں کی دعائیں قبول نہ ہوں اور تم استغفار کرو مگر تمہیں معاف نہ کیا جائے۔ خوب سمجھ لو کہ اچھائی کا حکم دینا اور برائی سے روکنا رزق کو دور کر دیتا ہے نہ عمر کی مدت کو کم کرتا ہے۔ خوب سن لو! کہ یہودی علماء اور عیسائی عابدوں نے نیکی کا حکم دینا اور بدی سے روکنا جب ترک کر دیا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے پیغمبروں کی زبان سے ان پر لعنت بھیجی اور سب کو مصیبت میں ڈال دیا۔

ہر مسلمان آزاد عاقل بالغ پر جو معروف اور منکر سے واقف ہو (یعنی عالم ہو) لازم ہے کہ لوگوں کو اچھی اور نیک باتوں کا حکم دے اور بری باتوں سے روکے اگر منع کرنے کی طاقت رکھتا ہو اور ایسا کرنے سے کوئی ایسا بگاڑ اور فساد پیدا نہ ہو جس سے اسے مال یا اس کے اہل وعیال کو نقصان پہنچے۔ ان احکام کے پہچاننے کے لئے کوئی تخصیص نہیں حاکم ہو یا عالم، خلیفہ (حاکم وقت) ہو یا عام رعیت کا کوئی فرد ہو۔ ہم نے بدی کے ساتھ علم اور اس سے قطعی طور پر آگاہی کی جو شرط لگائی ہے اس کی بنیاد یہ ہے کہ بغیر علم گناہ میں مبتلا ہو جانے کا اندیشہ ہے اس لئے کہ بدی سے منع کرنے والا محفوظ نہیں کہ اس نے جو گمان کیا ہے ممکن ہے کہ حقیقت اس کے خلاف ہو اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''مسلمانو! بہت بدگمانی کرنے سے بچو بیشک بعض بدگمانی گناہ ہے۔'' (غنیۃ الطالبین)

پردہ دری: صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں کسی پر جو بات پوشیدہ ہے اس کا اظہار اس پر واجب نہیں کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''ٹوہ میں مت رہا کرو۔'' بدی سے روکنے والے کا فرض ہے کہ جو بدی ظاہر میں ہو صرف اسی کو دور کرے اور اسے ترک کرنے کی تلقین کرے جو بدی پوشیدہ ہے اسے پردے ہی میں رہنے دے۔

منع کرنے پر قدرت: صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں نیکی کا حکم کرنے کیلئے طاقت کی شرط اس لئے لگائی گئی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: ''اگر کسی قوم میں کوئی شخص گناہ کر رہا ہے اور لوگ اس کو بدلنے کی قدرت رکھتے ہوں اور اس کو نہ بدلیں (نہ روکیں) تو اللہ کی طرف سے توبہ کرنے سے پہلے ہی عذاب نازل ہو جاتا ہے۔ اس حدیث میں حضور ﷺ نے قدرت وطاقت کی قید (شرط) لگائی ہے اور قدرت اس وقت حاصل ہوتی ہے جب نیک لوگوں (اہل صلاح) کا غلبہ ہو۔ حاکم عادل ہو اور اہل خیر کی مدد بھی حاصل ہو لیکن ایسی حالت میں جب کہ جان کا خطرہ ہو یا مال کا ضرر ہو تو باز داشت واجب نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اپنے ہاتھوں سے اپنے آپکو ہلاکت میں نہ ڈالو۔'' دوسری آیت میں ہے: ''خودکشی نہ کرو'' رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا اپنے آپ کو بے عزت کرنا مومن کیلئے زیبا نہیں، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ کوئی خود اپنے کو کیسے بے عزت کرتا ہے؟ فرمایا! ایسی بات کے درپے نہ ہو جس کی اس کو طاقت نہ ہو، حضور ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔ ''جب تم ایسی بات دیکھو جس کے بدلنے پر تم قادر نہ ہو تو صبر کرو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ ہی اسے بدل دے، کیونکہ وہی اسے بدل سکتا ہے۔''

پس جب کسی پر یہ ثابت ہو جائے کہ منع کرنے کی قدرت نہیں رکھتا تو اس پر منع کرنا واجب نہیں، خوف کے غالب ہونے پر یہ سوچنا کہ منع کرنا جائز ہے یا نہیں۔ تو ہمارے نزدیک صاحب غنیۃ الطالبین اپنی طرف اشارہ فرماتے ہیں منع کرنا جائز ہے بلکہ اگر مانع اولو العزم اور صابر ہے تو اور اچھا ہے کہ اس صورت میں منع کرنا جہاد کی طرح ہے۔ اللہ تعالیٰ نے لقمان کے قصے میں فرمایا ہے: ''اچھائی کا حکم دو، بری بات سے روکو اور جو کچھ تم کو دکھ پہنچے اس پر صبر کرو۔'' آنحضرت ﷺ نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا ''اے ابوہریرہ! نیکی کا حکم کرو اور بدی سے باز رکھو اور جو مصیبت آئے اس پر صبر کرو۔ جابر حاکم کے سامنے یا کلمہ کفر کے غلبہ کے وقت ایمان کا کلمہ زبان پر لانا روا ہے۔ اس دونوں مقامات پر اظہار حق کرنے پر فقہا کا اتفاق ہے، اختلاف کے مواقع اس سے الگ ہیں۔

منع کرنے والوں کے گروہ: صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں امر منکر سے روکنے والے تین قسم کے ہوتے ہیں۔

1) بادشاہ اور حاکم جو منع کرنے کی طاقت اور قدرت رکھتے ہیں۔

2) زبان سے منع کرنیوالے یہ علماء ہوتے ہیں۔

3) دل سے برا جاننے والے یہ عام لوگ ہیں۔

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا اگر تم میں سے کوئی شخص خلاف شرع بات دیکھے تو اسے ہاتھ سے روک دے ایسا نہ کر سکے تو زبان سے اس کو روکے اور اگر ایسا بھی نہ کر سکے تو دل سے اسے برا جانے۔ یہ ضعیف ترین ایمان ہے (ایمان کا کمزور ترین پہلو)۔ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کا قول ہے کہ اگر کوئی شخص کوئی امر ممنوع دیکھے اور اس کو روکنے (منع) کی طاقت نہ رکھتا ہو تو تین مرتبہ کہے: الٰہی بلاشبہ یہ برا کام ہے اگر ایسا کہہ دے گا تو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا ثواب اس کو ملے گا۔

ظن غالب: صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں اگر اس بات کا گمان غالب ہے کہ منع کرنے سے بھی برائی دور نہ ہوگی اور برائی کرنے والا اس پر جما رہے گا تو ایسی صورت میں اسے منع کرنا چاہیے یا نہیں؟ اس سلسلہ میں امام احمد رحمۃ اللہ علیہ سے دو قول مروی ہیں ایک سے وجوب ثابت ہے کیوں کہ ممکن ہے منع کرنے سے وہ باز آ جائے، اس کے دل میں نرمی پیدا ہو جائے اس کو اللہ کی طرف سے توفیق مل جائے، منع کرنے والے کی سچائی کی برکت سے اس کو ہدایت مل جائے اور وہ اپنے برے عمل سے باز آ جائے۔ پس گمان منع کرنے کی راہ میں حائل نہیں۔

دوسری روایت میں ہے کہ جب تک اس بات کا یقین کامل نہ ہو کہ منع کرنے سے برائی دور ہو جائے گی اس وقت تک منع کرنا واجب نہیں کیونکہ روکنے کا مقصد ہی یہ ہے کہ برائی دور ہو جائے پس اگر قوی گمان ہے کہ برائی دور نہ ہوگی تو ترک نصیحت اولیٰ ہے۔

امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی شرائط: صاحب غنیۃ الطالبین فرماتے ہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی پانچ شرائط ہیں: 1) جس نیکی کا حکم کرتا ہے اور جس بدی سے روکتا ہے اس کا خود عالم ہو۔

2) اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے، دین کو قوی کرنے اور اللہ کا بول بالا کرنے کیلئے ہو۔ دکھاوٹ، شہرت اور اپنے نفس کی بیجا تعریف مقصود نہ ہو اگر منع کرنے والا سچا اور مخلص ہوگا تو اللہ کی طرف سے اس کی مدد ہوگی توفیق خداوندی شامل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمایا ہے ''اگر تم اللہ کے دین کی حمایت کرو گے تو اللہ تمہاری مدد کریگا اور تمہارے قدموں کو جما دے گا۔ پھر ارشاد فرمایا! ''اللہ پرہیزگاروں اور احسان کرنیوالوں کی مدد کرتا ہے۔'' لہٰذا پس جب تم شرک سے بچو گے اور اس سے باز رکھنے میں لوگوں کا دکھاوا چھوڑ دو گے اور اخلاص کے ساتھ عمل کرو گے تو تم کو کامیابی حاصل ہوگی۔ اسکے برعکس کیا تو بے عزتی، رسوائی، جگ ہنسائی اور برائی باقی رہے گی بلکہ اس میں برابر اضافہ ہوتا رہے گا۔ اسکا غلبہ ہوگا اور اہل معاصی اسکی طرف دوڑیں گے۔ اللہ تعالیٰ کی مخالفت، نافرمانی، ممنوعات کے ارتکاب پر جن وانس کے شیاطین اتفاق کرینگے۔

3) امر ونہی نرمی اور محبت کے ساتھ ہو اور بدخلقی اور سختی کے ساتھ نہ ہو تاکہ نیک مقصد کے ساتھ ہو اور برائی کرنے والے کو شیطان کے چنگل سے آزادی حاصل ہو جو رب کی نافرمانی کو اس کی نظر میں آراستہ کرکے لایا اور برائی کرنے والے کی آنکھوں پر پردہ ڈال دیا۔ اس شیطان کا مقصد صرف یہ تھا کہ اس گنہگار کو تباہ کر دے اور دوزخ میں پہنچا دے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''شیطان اپنے گروہ والوں کو دعوت دیتا ہے کہ وہ دوزخی ہو جائیں۔''

اللہ تعالیٰ حضور ﷺ کو خطاب کر کے فرماتا ہے: ''اللہ کی کتنی رحمت ہے کہ آپ کے لئے نرم دل ہیں اور اگر آپ بدخلق اور سخت دل ہوتے تو یقیناً یہ لوگ آپ کے گرد وپیش سے پراگندہ ہو جاتے۔'' اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون علیہما السلام کو پیغمبر بنا کر فرعون کے پاس بھیجا تو فرمایا: ''اس سے نرمی سے بات کرنا شاید وہ نصیحت قبول کرے یا (اللہ کی نافرمانی سے) ڈر جائے۔''

مہاتما کی فرمائش سمجھنے میں غلطی

ترنول میں پی ٹی آئی کا جلسہ ملتوی ہونے کی خبر پارٹی رہنما شیر مروت نے ایک روز پہلے ہی دے دی تھی۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا تھا کہ ترنول کی جلسہ گاہ بہت چھوٹی ہے۔ لوگوں نے اس بیان کا مطلب جو بھی سمجھا ہو، اصل مطلب یہی تھا کہ ارے، اتنی چھوٹی جگہ پر جلسہ کیا کرنا، پھر کبھی کسی اور جگہ پر کرلیں گے۔ پارٹی رہنماؤں کے مطابق سات لاکھ افراد نے جلسہ گاہ میں آنا تھا۔ اتنی بڑی تعداد کے پیش نظر پارٹی کو اگلے جلسے کا مقام دیوسائی کے میدان کو رکھنا چاہیے۔ وہاں سات کیا، ستر لاکھ افراد بھی سما سکتے ہیں اور اتنا دور بھی نہیں ہے، بس سکردو پہنچے اور وہاں سے دیوسائی۔ عالمی ورثے میں دیوسائی پہلے ہی شامل ہے حقیقی آزادی والے وہاں پہنچ گئے تو اس دیومالائی مقام کی یادگاری اہمیت اور بھی بڑھ جائے گی۔ پارٹی نے جلسے کی نئی تاریخ 7 ستمبر رکھی ہے۔ امید ہے جلسہ گاہ کا انتخاب بھی کر لیا جائے گا۔ چلو چلو دیوسائی چلو!

مہاتما نے مطالبہ کیا کہ جنرل فیض حمید پر جو کورٹ مارشل کی کارروائی ہو رہی ہے، اسے کھلی عدالت میں چلایا جائے اور کارروائی براہ راست نشر بھی کی جائے۔ اس پر عسکری ذرائع نے انہیں زبردست ڈانٹ پلائی اور کہا میاں تم کون ہوتے ہو جو فوج کو اس کے اندرونی معاملے پر ہدایات دے رہے ہو۔ ذرائع کے سامنے دراصل حقائق پوری طرح واضح نہیں تھے اس لئے ڈانٹ پلا دی۔ مہاتما کا مقصد کہنے کا یہ تھا کہ مجھ پر مقدمہ کھلی عدالت میں چلایا جائے۔ ایک ماجرا من تو شدی تو من شدی والا ہوتا ہے۔ مہاتما کا معاملہ جنرل فیض حمید کے ساتھ یہ نہیں ہے۔ اس میں تو ایک فرمائش اور تجویز ہوتی ہے کہ میں تُو ہو جاؤں اور تُو میں ہو جائے۔ مہاتما اور فیض کا معاملہ من تو شدہ تو من شدہ والا ہے۔ یعنی میں تو ہو چکا اور تو میں ہو چکا۔ مہاتما کے مطالبے کو اس تناظر میں دیکھتے تو ذرائع کبھی ہش ہش والی ڈانٹ نہ پلاتے۔

مہاتما اور فیض ایک جان دو قلبوت تھے اور ہیں تینوں تاپ چڑھے تے میں ہونگاں والا معاملہ ہے، چنانچہ مہاتما نے جب یہ کہا کہ فیض پر مقدمہ کھلی عدالت میں چلاؤ تو دراصل انہوں نے یہ کہا کہ مجھ پر مقدمہ کھلی عدالت میں چلاؤ۔



مزے کی بات ہے کہ ''ذرائع'' یہ مطالبہ پہلے ہی مان چکے۔ ذرائع نے جو بیان جاری کیا، اس کے اگلے حصے میں ''اگر'' کا غیر ضروری لاحقہ، شاید ضرورت ''شعری'' کے تحت لگا کر کہا کہ جب تم پر مقدمہ چلے گا تو وہ کھلی عدالت ہی میں چلے گا، وہ تسلی رکھیں اور اس طرح ساری دنیا کو پتہ چلے گا کہ بانی پی ٹی آئی کیا کرتے رہے ہیں۔ یعنی کھلی عدالت کی کارروائی ''کرتوت'' نامہ ہو جائے گی۔ بظاہر ذرائع نے مہاتما کا یہ مطالبہ تسلیم کرتے ہوئے شعوری طور پر من تو شدہ تو من شدہ والی بات، عملاً مان لی۔

اسلام آباد میں یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل حافظ عاصم منیر نے قوم کو بڑے امید افزا پیغامات دیئے۔ شہ سرخی بننے والا ان کا فقرہ دراصل ایک سوال تھا۔ انہوں نے پوچھا کہ ملک کو دیوالیہ بنانے کا بیانیہ بنانے والے آج کہاں ہیں۔

دیوالیہ کرنے کا بیانیہ بنانے والے کہاں ہیں، سب کو معلوم ہے اور کہاں ہیں، یہ بھی سب کو معلوم ہیں۔ آرمی چیف فی الحقیقت اس سوال کا جواب نہیں مانگ رہے تھے، قوم کو یہ حقیقت بتا رہے تھے کہ ملک دیوالیہ نہیں ہوا اور ملک دیوالیہ نہیں ہوگا۔ بہرحال ان کے اس سوال سے ماضی بہت ہی قریب میں ہونے والے واقعات کا پورا سلسلہ یاد آ گیا کہ کس طرح ملک کو دیوالیہ بنانے کی نہ صرف دھمکیاں دی گئیں بلکہ اس کیلئے ایک پورے ماسٹر پلان پر بھی عمل کیا گیا۔ آئی ایم ایف کو خط لکھ کر مطالبہ کیا گیا کہ پاکستان کو قرضہ نہ دیا جائے۔ یورپی یونین سے پاکستان کی برآمدات کا بائیکاٹ کرنے کو کہا گیا، امریکی کانگرس سے پاکستان پر پابندیاں لگانے کا مطالبہ کیا گیا۔ اس ہدف کی تکمیل کیلئے بھاری عوضانہ پر لابی انگ فرموں کی خدمات حاصل کی گئیں۔ وغیرہ وغیرہ، پھر ان سب کے ساتھ وہی ہوا جسے تقدیر پرکنند خندہ کا عنوان دیا جاتا ہے۔ کچھ بندی خانے میں بند ہو گئے، کچھ بند ہونے کے قریب ہیں، کچھ فرار، کچھ خوار ہو گئے۔

اٹک میں دردناک سانحہ پیش آیا۔ سکول کے معصوم ننھے منے بچوں پر کسی وحشی ٹولے نے فائرنگ کر دی۔ دو ننھی جانیں شہید، 5 بچے زخمی ہو گئے۔ ایسی درندگی کرنے والا کون ہو سکتا ہے۔ ابھی سراغ نہیں ملا لیکن دھیان اسی خارجی بلکہ ماورائے خارجی ٹولے کی طرف جاتا ہے جس نے کئی برس قبل سانحہ اے پی ایس کیا تھا اور 200 ننھے بچے، شہید کر دیئے تھے۔

بھارت سے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر گردش کر رہی ہے۔ ایک کیس میں جنونی پاگل فرقہ پرست ہندوؤں نے آگ بھڑکا رکھی ہے اور وہ بکری کے بچوں کو ان میں پھینک رہے ہیں۔ بکری کے بچے آگ لگنے کے بعد بری طرح چیختے، فریاد کرتے باہر دوڑتے ہیں، یہ وحشی راکھشش پھر انہیں اندر پھینک دیتے ہیں۔ دوسری بار یا تیسری بار اندر پھینکے جانے کے بعد ان بچوں میں باہر بھاگنے کی طاقت نہیں رہتی، وہ اندر ہی جل کر مرجاتے ہیں۔ بھارت کی اکثریت جیو ہتیا کے خلاف ہے یعنی عقیدہ ہے کہ کسی بھی جاندار کو مارنا حرام ہے۔ پھر بھی ایسے واقعات وہاں ہوتے رہتے ہیں۔ ایسی ویڈیوز سب سے زیادہ چین، ویت نام، ملائیشیا (جہاں 40 فیصد آبادی زرد فام ہے) جنوبی کوریا وغیرہ سے آتی ہیں۔ ایک تازہ ویڈیو میں ایک چینی نے ٹب میں بلی کا ننھا بچہ قید کر رکھا ہے اور الیکٹرک کیتلی سے اس پر گرم، ابلتا کھولتا پانی پھینکتا ہے۔ بچہ بری طرح تڑپتا ہے اور ایسے چیخیں مارتا ہے کہ سماعت جواب دے جاتی ہے۔ ٹھہر ٹھہر کر پھر پانی پھینکتا ہے اور اس طرح کافی دیر تڑپنے کے بعد بچہ ہلاک ہو جاتا ہے۔ ایک اور ویڈیو میں چینی شہری کو بلی کے ایک ہفتے کے بچوں کے ایک ایک ہاتھ اور ایک ایک پاؤں نوچ کر جسم سے الگ کرتے، تیسری ویڈیو میں بلی کے بچے کو رسیوں سے باندھ کر بجلی کا کرنٹ بار بار لگا کر ہلاک کرتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ایسی اور کئی ویڈیوز اس ہفتے جاری ہوئی ہیں۔ حیرت ہے یہ کیسے انسان ہیں اور مزید حیرت یہ ہے کہ قانوناً یہ سب کرنے کی کھلی اجازت ہے۔

قیامت کی بڑی نشانیاں، احادیث نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی روشنی میں!!!!!!

ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے پوچھا گیا سب سے بہتر عمل کون سا ہے؟ آپ نے فرمایا اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔ عبداللہ بن حبشی خثعمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے پوچھا گیا کون سا عمل سب سے بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا: ایسا ایمان جس میں کوئی شک نہ ہو، اور ایسا جہاد جس میں چوری نہ ہو، اور حج مبرور، انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا تین چیزیں جس میں ہوں گی، وہ ایمان کی مٹھاس اور اس کا مزہ پائے گا، ایک یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول اس کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب و پسندیدہ ہوں، دوسرے یہ کہ آدمی محبت کرے تو اللہ کے لیے اور نفرت کرے تو اللہ کے لیے، تیسرے یہ کہ اگر بڑی آگ بھڑکائی جائے تو اس میں گرنا اس کے نزدیک زیادہ محبوب ہو بہ نسبت اس کے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک کرے جب کہ اللہ تعالیٰ نے اسے اس سے نجات دی۔ عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، اتنے میں ایک شخص آیا، جس کے کپڑے بہت سفید اور بال بہت کالے تھے، اس پر سفر کے آثار بھی نہیں دکھائی دے رہے تھے اور ہم میں سے کوئی اسے جانتا بھی نہیں تھا، وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آ کر بیٹھا اور اپنے گھٹنے کو آپ کے گھٹنے سے لگا لیا، اپنی ہتھیلیاں آپ کی رانوں پر رکھی، پھر کہا محمد! مجھے اسلام کے بارے میں بتائیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں، اور نماز قائم کرنا، زکواۃ دینا، رمضان کے روزے رکھنا، اور اگر طاقت ہو تو بیت اللہ کا حج کرنا، وہ بولا آپ نے سچ فرمایا، ہمیں اس پر تعجب ہوا کہ خود ہی آپ سے سوال کرتا ہے اور پھر خود ہی اس کی تصدیق بھی کرتا ہے۔ پھر بولا مجھے ایمان کے بارے میں بتائیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ پر اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

رسولوں پر، آخرت کے دن پر، اور ہر اچھی بری تقدیر پر ایمان لانا وہ بولا آپ نے سچ فرمایا۔ اس نے کہا مجھے احسان کے بارے میں بتائیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تو تمہیں دیکھ رہا ہے وہ بولا اب مجھے قیامت کے بارے میں بتائیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس سے سوال کیا جا رہا ہے وہ سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ اس نے کہا اچھا تو مجھے اس کی نشانی بتائیے، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ایک یہ کہ لونڈی اپنی مالکن کو جنے گی دوسرے یہ کہ تم دیکھو گے کہ ننگے پاؤں، ننگے بدن، مفلس اور بکریاں چرانے والے بڑے بڑے محل تعمیر کریں گے۔ عمرؓ کہتے ہیں میں تین (دن) تک ٹھہرا رہا۔ پھر مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا عمر! تم جانتے ہو پوچھنے والا کون تھا؟ میں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: وہ جبرائیل (علیہ السلام) تھے، تمہیں تمہارے دین کے معاملات سکھانے آئے تھے۔

ابوہریرہ اور ابوذرؓ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم صحابہ کے درمیان اس طرح بیٹھتے تھے کہ اجنبی آتا تو آپ کو پہچان نہیں پاتا جب تک پوچھ نہ لیتا، ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے خواہش ظاہر کی کہ ہم آپ کے بیٹھنے کی جگہ بنا دیں تاکہ جب کوئی اجنبی شخص آئے تو آپ کو پہچان لے، چنانچہ ہم نے آپ کے لیے مٹی کا ایک چبوترہ بنایا جس پر آپ بیٹھتے تھے۔ ایک دن ہم بیٹھے ہوئے تھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اپنی جگہ پر بیٹھے تھے، اتنے میں ایک شخص آیا، جس کا چہرہ سب لوگوں سے اچھا تھا، جس کے بدن کی خوشبو سب لوگوں سے بہتر تھی، گویا کپڑوں میں میل لگا ہی نہ تھا، اس نے فرش کے کنارے سے سلام کیا اور کہا السلام علیک یا محمد اے محمد! آپ پر سلام ہو، آپ نے سلام کا جواب دیا، وہ بولا اے محمد! کیا میں نزدیک آؤں؟ آپ نے فرمایا آؤ، وہ کئی بار کہتا رہا: کیا میں نزدیک آؤں؟ اور آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس سے فرماتے رہے: آؤ، آؤ، یہاں تک کہ اس نے اپنا ہاتھ آپ کے دونوں گھٹنوں کے اوپر رکھا۔ وہ بولا اے محمد! مجھے بتائیے اسلام کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اسلام یہ ہے کہ تم اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ، نماز ادا کرو، زکواۃ دو، بیت اللہ کا حج کرو اور رمضان کے روزے رکھو۔ وہ بولا جب میں ایسا کرنے لگوں تو کیا میں مسلمان ہو گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہاں، اس نے کہا آپ نے سچ کہا۔ جب ہم نے اس شخص کی یہ بات سنی کہ آپ نے سچ کہا تو ہمیں عجیب لگا (خود ہی سوال بھی کرتا ہے اور جواب کی تصدیق بھی)۔ وہ بولا محمد! مجھے بتائیے، ایمان کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، کتاب پر، نبیوں پر ایمان رکھنا اور تقدیر پر ایمان لانا، وہ بولا اگر میں نے یہ سب کر لیا تو میں مومن ہو گیا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا ہاں، وہ بولا آپ نے سچ کہا۔ پھر بولا محمد! مجھے بتائیے، احسان کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ والہ نے فرمایا یہ کہ تم اللہ کی عبادت اس طرح کرو گویا تم اسے دیکھ رہے ہو، اور اگر تم اسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ وہ بولا آپ نے سچ کہا۔ پھر بولا وہ تمہیں دیکھ رہا ہے۔ وہ بولا آپ نے سچ کہا۔ پھر بولا محمد! مجھے بتائیے کہ قیامت کب آئے گی؟ یہ سن کر آپ نے اپنا سر جھکا لیا اور اسے کوئی جواب نہیں دیا۔ اس نے سوال دہرایا تو آپ نے اسے کوئی جواب نہ دیا، اس نے پھر سوال دہرایا تو آپ نے اسے کوئی جواب نہ دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اپنا سر اٹھایا اور فرمایا جس سے سوال کیا جا رہا ہے وہ قیامت کے آنے کے متعلق سوال کرنے والے سے زیادہ نہیں جانتا۔ البتہ اس کی کچھ نشانیاں ہیں جن سے تم جان سکتے ہو: جب تم دیکھو کہ جانوروں کو چرانے والے بڑی بڑی عمارتیں بنا رہے ہیں اور دیکھو کہ ننگے پاؤں، ننگے بدن پھرنے والے زمین کے بادشاہ ہو رہے ہیں اور دیکھو کہ غلام عورت اپنے مالک کو جنم دے رہی ہے (تو سمجھ لو کہ قیامت نزدیک ہے) پانچ چیزیں ایسی ہیں۔

فاتح اندلس کی یاد میں

تاریخ اندلس میں مسلم حکمرانوں کی بغاوت اور زوال ہو یا دور حاضر میں فیض نیازی گٹھ جوڑ، بغاوت کی سازباز۔ وقت بدل جاتا ہے مگر کردار نہیں بدلتے، تاریخ نہیں بدلتی، ہوس اقتدار میں بڑے بڑے چہرے مسخ ہو جاتے ہیں۔ سپین کی اسلامی تاریخ دیکھنے کے لئے مالاگا ایئرپورٹ لینڈ کیا تو سقوط بغداد، سقوط غرناطہ، سقوط دہلی اور سقوط ڈھاکا کی تاریخ نظروں کے سامنے گھومنے لگی، مسلمانوں کے زوال کا سلسلہ یوں تو بارہویں صدی عیسوی سے بیسویں صدی تک پھیلا ہوا ہے کہ چاروں ہی مختلف مسلمان حکومتوں کے زوال اور بربادی کے مظہر ہیں۔ مشرقی پاکستان میں مجیب الرحمان کو تاریخ غدار لکھتی آئی ہے۔ لیکن پچاس برس بعد اچانک پاکستان میں ایک گروہ اسے اپنا ہیرو کہنے لگا۔ پچاس برس کی مکارانہ سیاست کے بعد جب غدار کی بیٹی بھاگ گئی تو سقوط ڈھاکہ کا غدار مزید ننگا ہو گیا۔ سقوط غرناطہ کی تاریخ کا آخری پارٹ بھی آج تک بغاوت اور غداری کا ماتم کر رہا ہے۔ بغاوت اور غداری کا ظلم مسلمانوں کی تاریخ کا خاصہ رہا ہے۔ اندلس کے آخری مسلم امرائے سلطنت بھی سازش میں مصروف ہو گئے تھے۔ پس پردہ مسیحیوں سے رابطے قائم کرنے لگے ان سازشی عناصر کا سرغنہ وزیراعظم غرناطہ ابوالقاسم تھا۔ مسیحی شاہ فرنڈیڈ نے غرناطہ پر قبضے کی صورت میں اس کو غرناطہ کا اہم عہدہ دینے کا وعدہ کر لیا۔ (ابو قاسم) کی غداری سقوط غرناطہ کی آخری قسط ثابت ہوئی اور مسیحی لابی مسلم سلطنت پر مکمل قابض ہو گئی۔ تاریخ اپنا آپ دہراتی رہتی ہے۔ فاتح اندلس کی شاندار تاریخ اور غداروں کی شرمناک پسپائی کی یاد تازہ کرنے کے لئے اندلس کا سفر کیا اور جنوبی سپین کے شہر مالاگا ایئرپورٹ پر جا اترے۔ اگست کے آخری دنوں کی شدید گرمی میں مالاگا کے ساحلی علاقے میں قیام کیا۔ جنرل طارق بن زیاد کی یاد نے گرمی کی شدت کا احساس ہی مٹا دیا۔



طارق بن زیاد بربر نسل سے تعلق رکھنے والے مسلم سپہ سالار اور بنو امیہ کے جرنیل تھے، جنہوں نے 711ء میں ہسپانیہ (اسپین) میں عیسائی حکومت کا خاتمہ کرکے یورپ میں مسلم اقتدار کا آغاز کیا۔ انہیں اسپین کی تاریخ کے اہم ترین عسکری رہنماؤں میں سے ایک سمجھا جاتا ہے۔ شروع میں وہ اُموی صوبے کے گورنر موسیٰ بن نصیر کے نائب تھے جنہوں نے ہسپانیہ میں وزی گوتھ بادشاہ کے مظالم سے تنگ عوام کے مطالبے پر طارق کو ہسپانیہ پر چڑھائی کا حکم دیا۔ طارق بن زیاد نے مختصر فوج کے ساتھ یورپ کے عظیم علاقے اسپین کو فتح کیا اور یہاں دین اسلام کا علم بلند کیا۔ اسپین کی فتح اور یہاں پر اسلامی حکومت کا قیام ایک ایسا تاریخی واقعہ ہے، جس نے یورپ کو سیاسی، معاشی اور ثقافتی پسماندگی سے نکال کر ایک نئی بصیرت عطا کی اور اس پر ناقابل فراموش اثرات مرتب کیے تھے۔ طارق بن زیاد کی تعلیم وتربیت موسیٰ بن نصیر کی زیر نگرانی ہوئی تھی، جو ایک ماہر حرب اور عظیم سپہ سالار تھے۔ اسی لیے طارق بن زیاد نے فن سپہ گری میں جلد ہی شہرت حاصل کر لی۔ ہر طرف ان کی بہادری اور عسکری چالوں کے چرچے ہونے لگے۔ طارق بن زیاد بن عبداللہ نہ صرف دنیا کے بہترین سپہ سالاروں میں سے ایک تھے بلکہ وہ متقی، فرض شناس اور بلند ہمت انسان بھی تھے۔ ان کے حُسن اخلاق کی وجہ سے عوام اور سپاہی انہیں احترام کی نظر سے دیکھتے تھے۔ افریقا کی اسلامی سلطنت کو اندلس کی بحری قوت سے خطرہ لاحق تھا، جب کہ اندلس کے عوام کا مطالبہ بھی تھا۔ اسی لیے گورنر موسیٰ بن نصیر نے دشمن کی طاقت اور دفاعی استحکام کا جائزہ لے کر طارق بن زیاد کی کمان میں سات ہزار (بعض مؤرخین کے نزدیک بارہ ہزار) فوج دے کر انہیں ہسپانیہ کی فتح کے لیے روانہ کیا۔ اسلامی لشکر ہسپانیہ کے ساحل پر اترا اور ایک پہاڑ کے نزدیک اپنے قدم جما لیے، جو بعد میں طارق بن زیاد کے نام سے جبل الطارق کہلایا۔ طارق بن زیاد نے جنگ کے لیے محفوظ جگہ منتخب کی۔ اس موقع پر اپنی فوج سے نہایت ولولہ انگیز خطاب کیا اور کہا کہ ہمارے سامنے دشمن اور پیچھے سمندر ہے۔ جنگ سے قبل انہوں نے اپنے تمام بحری جہازوں کو جلا دینے کا حکم دیا تاکہ دشمن کی کثیر تعداد کے باعث اسلامی لشکر بد دل ہو کر اگر پسپائی کا خیال لائے تو واپسی کا راستہ نہ ہو۔ اس صورت میں اسلامی فوج کے پاس صرف ایک ہی راستہ باقی تھا کہ یا تو دشمن کو شکست دے دیں یا اپنی جان جان آفرین کے سپرد کر دیں۔ یہ ایک ایسی زبردست جنگی چال تھی کہ جس نے اپنی اہمیت کی داد آنے والے عظیم سپہ سالاروں سے بھی پائی۔ 7 ہزار کے مختصر اسلامی لشکر نے پیش قدمی کی اور عیسائی حاکم کے ایک لاکھ کے لشکر کا سامنا کیا، گھمسان کا رن پڑا، آخر کار دشمن فوج کو شکست ہوئی اور شہنشاہ راڈرک مارا گیا، بعض روایتوں کے مطابق وہ بھاگ نکلا تھا جس کے انجام کا پتا نہ چل سکا۔ اس اعتبار سے یہ جنگ فیصلہ کن تھی کہ اس کے بعد ہسپانوی فوج کبھی متحد ہو کر نہ لڑ سکی۔ فتح کے بعد طارق بن زیاد نے بغیر کسی مزاحمت کے دارالحکومت طلیطلہ پر قبضہ کر لیا۔ طارق بن زیاد کو ہسپانیہ کا گورنر بنا دیا گیا۔ طارق بن زیاد کی فتح کی خبر سن کر موسیٰ بن نصیر نے حکومت اپنے بیٹے عبداللہ کے سپرد کی اور خود طارق بن زیاد سے آ ملے۔ دونوں نے مل کر مزید کئی علاقے فتح کیے۔ اسی دوران خلیفہ ولید بن عبدالملک نے اپنے قاصد بھیج کر دونوں کو دمشق بلوا لیا اور یوں طارق بن زیادہ کی عسکری زندگی کا اختتام ہوا جب کہ اسلامی دنیا کے اس عظیم فاتح نے 720ء وفات پائی۔ انھوں نے اموی خلافت کی خدمت کی اور اسپین اور پرتگال پر مسلم اموی فتح کا آغاز کیا۔ انھوں نے اپنی فوجوں کو اس مقام پر مستحکم کیا جسے آج جبرالٹر کی چٹان کے نام سے جانا جاتا ہے۔ (جاری ہے)

پلس مقابلہ'' کی سازشی تھیوری

جولائی 2023ء سے ایک ٹی وی چینل کے لئے پیر سے جمعرات شام آٹھ بجے ایک لائیو شو کر رہا ہوں۔ حالات حاضرہ پر تبصرہ آرائی پر توجہ دیتے اس شو کی تیاری کے لئے دوپہر کے کھانے اور قیلولہ کی کوشش کے بعد 4 بجے کے قریب گھر سے نکلنا پڑتا ہے۔ گھر میرا اسلام آباد کے سیکٹر F-8/2 میں ہے۔ دفتر ریڈ زون کے پچھواڑے میں پارلیمان ہاؤس وسپریم کورٹ کی عمارتوں کے عین سامنے واقعہ سڑک کی پچھلی گلی میں ہے۔ گھر سے دفتر تک پہنچنے میں 20 منٹ درکار ہوتے ہیں۔

پیر کی سہ پہر حسب معمول گھر سے نکلا تو میرے ایک مہربان دوست نے جو ایک معروف بینک کے سینئر افسروں میں سے ایک ہیں مجھے واٹس ایپ کے ذریعے مقامی پولیس کی جانب سے تیار کردہ ایک رپورٹ بھجوائی۔ اس کے مطابق ''مذہبی جماعتوں'' کے کارکنوں پر مشتمل ایک گروہ ریڈ زون میں داخل ہو گیا ہے۔ یہ کارکن آب پارہ اور میلوڈی چوک سے روانہ ہوئے تھے۔ راولپنڈی سے ان کے لئے کارکنوں کو مزید کمک بھی متوقع ہے۔ اسلام آباد کے بلیو ایریا کو لہٰذا سیل کر دیا گیا ہے۔

جو لوگ اسلام آباد سے واقف نہیں انہیں بتانا ہوگا کہ دنیا کے نیویارک جیسے بڑے شہروں کی طرح اسلام آباد میں بھی دو رویہ تین تین لین پر مشتمل ''ایونیو'' بنائی گئی ہیں۔ مقصد ان کا شہریوں کو اپنے گھروں یا دوسرے شہروں سے آئے سیاحوں کو سگنل فری انتظامات کے ذریعے منزل مقصود تک تیز تر رفتار سے پہنچانا ہے۔ بلیو ایریا مگر دوکھری نوعیت کا ہے۔ اسلام آباد داخل ہونے کے بعد آپ چند کلومیٹر چل کر دائیں ہاتھ مڑیں تو ایک طویل اور کشادہ سڑک پر آ جاتے ہیں۔ اس پر چلتے ہوئے آپ کو پارلیمان ہاؤس کی عمارت بہت دور سے نظر آنا شروع ہو جاتی ہے۔ غالباً اس ایریا کو ڈیزائن کرتے ہوئے پیغام یہ دینا مقصود تھا کہ پاکستان میں ایک منتخب پارلیمان ہے جو ریاست کے باقی سب اداروں پر بالادست ہے۔ اسی باعث اسلام آباد میں داخل ہو کر دائیں ہاتھ مڑیں تو آپ کی نگاہ کے سامنے پارلیمان کے علاوہ کوئی عمارت نہیں آتی۔ بلیو ایریا کے دائیں اور بائیں جانب اگرچہ بلند قامت عمارتیں موجود ہیں۔ ان کے نیچے قیمتی سامان اور برانڈڈ کپڑے فروخت کرنے والی دوکانیں ہیں۔ کئی مشہور ریستوران بھی اس ایریا میں پائے جاتے ہیں۔

برملا
نصرت جاوید
nusrat.javeed@gmail.com

بہرحال بلیو ایریا کو نظرانداز کرتے ہوئے میں ''چور راستوں'' سے گزرتے ہوئے 20 منٹ کے بجائے تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کی خجل خواری کے بعد اپنے دفتر پہنچا۔ وہاں پہنچ کر رپورٹروں کی زبانی معلوم ہوا کہ مذہبی جماعتوں کے کارکنوں کا ایک گروہ ''اچانک'' ریڈ زون میں در آیا ہے۔ وہ سپریم کورٹ کی جانب سے ایک حساس ترین مسئلہ پر سنائے ایک فیصلے کے بارے میں مضطرب ہے اور اپنے جذبات کا اظہار کرنے اعلیٰ ترین عدالت کی عمارت کے روبرو پہنچ کر دھرنا دینا چاہ رہا ہے۔ پولیس انہیں روکنے کی کوشش میں مصروف ہے۔ امید ہے کہ جلد ہی ہجوم کو منتشر کرنے میں کامیاب ہو جائے گی۔ ''اچانک'' کا لفظ ذات کے اس رپورٹر کو ہضم نہیں ہوتا۔ اپنے جونیئر ساتھیوں کو جھکی پن کا استعمال کرتے ہوئے میں نے حقائق کا سراغ لگانے کو اکسایا۔ بچوں نے تحقیق پر توجہ دی تو دریافت ہوا کہ مشتعل افراد ''اچانک'' اسلام آباد میں داخل نہیں ہوئے تھے۔ راولپنڈی کے تاجران کے ایک گروہ نے ایک شدت پسند مذہبی جماعت کے ساتھ مل کر پیر کے روز بعد از دوپہر اسلام آباد کے ریڈ زون پہنچنے کی کال دے رکھی تھی اور اس کی خاطر بینر اور پوسٹر بھی لگائے گئے تھے۔ پیر کے روز لہٰذا ریڈ زون میں پلس مقابلہ ''اچانک'' نہیں ہوا تھا۔

''اچانک'' کے تاثر نے مگر ایک سازشی تھیوری سے روشناس کروایا۔ جو متحرک رپورٹر تحریک انصاف سے رابطوں میں رہتے ہیں یہ دعویٰ کرتے رہے کہ پیر کی دوپہر اسلام آباد میں جو ہنگامہ آرائی ہوئی ہے اس کا اصل مقصد تحریک انصاف کو 22 اگست کے دن جلسے کے انعقاد سے روکنا ہے۔ یہی بات ہے جو سازشی تھیوری میں نے سنی اسے ہضم کرنا مشکل لگا۔ اسے رد کرنے کو مگر معقول دلیل بھی ذہن میں نہیں آئی۔ سازشوں سے وطن عزیز میں اقتدار کا کھیل عرصے سے جاری ہے۔ انہیں فی الفور رد کر دینا میرے جیسے عقل کے غلام کے لئے بھی تقریباً ناممکن ہے۔

بہرحال بدھ کے روز دفتر جانے کے لئے بلیو ایریا کے اختتام پر پہنچا تو پارلیمان کی جانب بڑھتے راستے پر کنٹینرز لگا دیئے گئے تھے۔ اسے دیکھتے ہی مجھے خیال آیا کہ فرض کیا کہ میں غیر ملکی ہوتا۔ اسلام آباد میں دفتر بنانے کی خاطر گزشتہ ایک ہفتے سے یہاں مقیم ہوتا تو پیر سے بدھ تک پھیلی اضطرابی کیفیت کو بھانپنے کے بعد کیا محسوس کرتا۔ یہ سوچتے ہوئے دل بوجھل ہو گیا۔ دفتر پہنچا تو علم ہوا کہ انتظامیہ نے تحریک انصاف کی 22 اگست کے جلسے کیلئے دی اجازت منسوخ کر دی ہے۔ تحریک انصاف کی قیادت مگر اس کے باوجود اس کے انعقاد کو ڈٹی ہوئی تھی۔

22 اگست کے جلسے کے لئے ترنول کا انتخاب ہوا تھا۔ یہ علاقہ اسلام آباد سے باہر راولپنڈی کو پشاور سے ملانے والی قدیم جی ٹی روڈ پر واقع ہے۔ وہاں ریل کا ایک پھاٹک بھی ہے۔ نظر بظاہر اس مقام پر جلسے کا انعقاد اسلام آباد کی روزمرہ زندگی میں خلل ڈالنے کے قابل نہیں۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

150 رنز رضوان پانچویں پاکستانی وکٹ کیپر بن گئے

راولپنڈی میں بنگلا دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان نے 171 رنز بنائے، اس سے قبل محمد رضوان نے ٹیسٹ میں سب سے زیادہ 115 رنز بنا رکھے تھے

راولپنڈی: (ویب ڈیسک) قومی کرکٹر محمد رضوان ٹیسٹ میں 150 رنز بنانے والے پاکستان ٹیم کے پانچویں وکٹ کیپر بلے باز بن گئے۔ راولپنڈی میں بنگلا دیش کے خلاف پہلے ٹیسٹ کی پہلی اننگز میں وکٹ کیپر بلے باز محمد رضوان نے 171 رنز بنائے، اس سے قبل محمد رضوان نے ٹیسٹ میں سب سے زیادہ 115 رنز بنا رکھے تھے۔ یاد رہے کہ سال 2009 میں سابق وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے آخری مرتبہ سری لنکا کے خلاف کراچی ٹیسٹ میں 158 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔

پنڈی ٹیسٹ کا تیسرا دن: بنگلا دیش کی پاکستان کیخلاف 4 وکٹیں گر گئیں

بلے بازوں نے پاکستان کیخلاف محتاط انداز میں بیٹنگ کا آغاز کیا

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) پنڈی ٹیسٹ کے تیسرے دن بنگلا دیش کی پاکستان کیخلاف بیٹنگ جاری ہے۔ میچ کے تیسرے دن مہمان ٹیم کے بلے بازوں نے پاکستان کیخلاف محتاط انداز میں بیٹنگ کا آغاز کیا جو زیادہ دیر نہ برقرار رکھ پائے، 31 کے مجموعی سکور پر نسیم شاہ نے بنگلا دیشی اوپنر ذاکر حسن کو پویلین کی راہ دکھا دی۔ بنگلا دیش کی دوسری وکٹ 53 رنز پر گری، کپتان نجم الحسین شنتو 16 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے جن کی وکٹ خرم شہزاد نے لی جبکہ بنگلا دیش کے تیسرے آؤٹ ہونے والے بلے باز مومن الحق تھے جو 76 گیندوں پر 50 رنز کی اننگز کھیل کر خرم شہزاد کی ہی گیند کا شکار ہو گئے۔ سیریز کے پہلے ٹیسٹ میچ کے دوسرے دن محمد رضوان اور سعود شکیل کی شراکت داری نے شاہینوں کا بھرم رکھ لیا، دونوں نے ذمہ دارانہ بلے بازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قومی ٹیم کا سکور آگے بڑھایا اور اپنی بھی سنچریاں مکمل کیں۔ میچ کے دوسرے دن قومی ٹیم نے 4 وکٹوں کے نقصان پر 158 رنز سے اننگز آگے بڑھائی، دوسرے دن سعود شکیل 141 رنز بنا کر آؤٹ ہو گئے۔ بعد ازاں محمد رضوان کا ساتھ دینے کیلئے فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی میدان میں آئے اور انہوں نے آتے ہی جارحانہ انداز اپنا لیا۔

ای پی ایل میں فٹ بال کے انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے جاری

انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں آج مزید 7 میچوں کا فیصلہ ہوگا

لندن (این این آئی) انگلش پریمیئر فٹ بال لیگ میں آج ہفتہ 24 اگست کو مزید 7 میچ کھیلے جائیں گے۔ ای پی ایل میں شائقین فٹ بال کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ پہلا میچ برائٹن اینڈ ہووالبیون اور مانچسٹر یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان امریکن ایکسپریس سٹیڈیم، فالمر، انگلینڈ میں کھیلا جائے گا، دوسرا میچ کرسٹل پیلس اور ویسٹ ہیم یونائیٹڈ کی ٹیموں کے درمیان سیلہرسٹ پارک، لندن میں کھیلا جائے گا، تیسرے میچ میں فلہم اور لیسٹر سٹی کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی اور یہ میچ کریون کاٹیج، لندن میں کھیلا جائے گا، چوتھا میچ دفاعی چیمپئن مانچسٹر سٹی اور اپسوچ ٹاؤن کی ٹیموں کے درمیان اتحاد سٹیڈیم، مانچسٹر میں کھیلا جائے گا۔

جرمن کھلاڑی الکے گنڈوگن کا بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

برلن (اے ایف پی) جرمنی کی فٹ بال ٹیم کے کپتان الکے گنڈوگن نے بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا، انہوں نے یورو 2024 کپ میں اپنے ملک کی قیادت کرنے کے بعد بین الاقوامی فٹ بال سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کیا ہے جس کی وجہ انہوں جسمانی اور ذہنی تھکاوٹ ظاہر کی ہے، سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنی پوسٹ میں گنڈوگن نے کہا کہ وہ چند ہفتوں کے غورو فکر کے بعد وہ اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ اب وقت آگیا ہے کہ اپنے قومی ٹیم کے کیریئر کو خیر آباد کہہ دیں، انہوں نے کہا کہ میں اپنے ملک کے لئے 82 بین الاقوامی میچز کھیلے جن پر مجھے بڑا فخر ہے، یہ ایک ایسی تعداد ہے جس کا میں نے خواب میں بھی نہیں سوچا تھا جب میں نے 2011 میں سینئر قومی ٹیم کے لئے ڈیبیو کیا تھا، گنڈوگن کو یورو 2024 کے کوارٹر فائنل میں پہنچنے والی جرمنی کی ٹیم کو اضافی وقت کے بعد حتمی چیمپئن سپین سے ہارنے سے پہلے کپتان بنایا گیا تھا۔

فیڈرل فٹ بال لیگ میں رائل پلیئرز کلب نے رائزنگ اسٹار کلب کو ایک یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-5 گول سے ہرا دیا

اسلام آباد (اے ایف پی) فیڈرل فٹ بال لیگ زیر اہتمام جاری فیڈرل فٹ بال لیگ میں رائل پلیئرز کلب نے رائزنگ اسٹار کلب کو ایک یکطرفہ مقابلے کے بعد 0-5 گول سے ہرا دیا۔ اس موقع پر فیڈرل فٹ بال کلب کے صدر ولید خان نیازی کے علاوہ شائقین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ گزشتہ روز کھیلے گئے لیگ کے میچ میں وقفے تک رائل پلیئرز کلب کو رائزنگ اسٹار کلب کے خلاف ایک گول کی برتری حاصل تھی۔

محسن نقوی نے کی محمد رضوان کو شاندار اننگز پر شاباش

پاکستان اور بنگلا دیش کے مابین ہونے والے ٹیسٹ میچ کے انتظامات کا جائزہ لیا

اولپنڈی: (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے بنگلادیش کیخلاف 171 رنز کی شاندار اننگز کھیلنے پر محمد رضوان کو شاباش دے دی۔ محسن نقوی نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کر کے پاکستان اور بنگلا دیش کے مابین ہونے والے ٹیسٹ میچ کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ بعد ازاں پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی نے قومی کرکٹ ٹیم کے وکٹ کیپر محمد رضوان کو سنچری بنانے پر مبارک باد دی اور کہا کہ رضوان آپ آج نہ رکنے والی طاقت ثابت ہوئے۔ محسن نقوی نے کہا کہ رضوان نے شاندار کھیل پیش کر کے خود کو پاکستان ٹیسٹ کرکٹ کے لیے اثاثہ ثابت کر دیا، امید ہے آنے والے میچز میں محمد رضوان کی کارکردگی مزید بہتر ہوگی۔

بنگلا دیش کے کرکٹر شکیب الحسن پر ڈھاکا میں قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا

ڈھاکا: (ویب ڈیسک) بنگلا دیش کے کرکٹر شکیب الحسن پر ڈھاکا میں قتل کا مقدمہ درج کرلیا گیا۔ بنگلا دیشی میڈیا کے مطابق شکیب الحسن پر گارمنٹ فیکٹری کے ملازم کے قتل کا الزام ہے، مقتول کے والد نے ڈھاکا کے تھانے میں قتل کا مقدمہ درج کروایا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق کرکٹر شکیب الحسن کو سابق وزیر اعظم شیخ حسینہ واجد کے ساتھ قتل کے مقدمے میں نامزد کیا گیا ہے۔

پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان میچ کے دوران کھلاڑی کے آؤٹ ہونے کے بعد کے مناظر

سابق کرکٹر فاروق احمد بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے نئے صدر منتخب

ڈھاکہ (این این آئی) سابق کرکٹر فاروق احمد بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے نئے صدر منتخب ہو گئے۔ بنگلا دیش کرکٹ بورڈ کے صدر ناظم الحسن پوپن اپنے عہدے سے مستعفی ہو گئے تھے جس کی تصدیق کرکٹ بورڈ کی جانب سے کی گئی تھی۔ بنگلا دیشی میڈیا کے مطابق ناظم الحسن پوپن سابق وزیر اعظم حسینہ واجد کے قریبی افراد میں شامل تھے اور ان کے پاس وزیر کھیل کا بھی قلمدان تھا۔

پانچواں شہدائے پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ 6 ستمبر سے شروع ہوگا

فیصل آباد (اے ایف پی) ایم ایچ عاطف ہاکی اکیڈمی فیصل آباد کے زیر اہتمام شہدائے پاکستان گولڈ کپ ہاکی ٹورنامنٹ کا پانچواں ایڈیشن 6 ستمبر سے فیصل آباد ہاکی سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کے سرپرست اعلیٰ بانی چیئرمین اکیڈمی اولیمپین راؤ سلیم ناظم اور ٹورنامنٹ ڈائریکٹر اولمپین خالد بشیر ہوں گے۔ چیئرمین ٹورنامنٹ کمیٹی ملک شہزاد انٹرنیشنل، چیئرمین استقبالیہ رانا عبدالخالق اور محمد یامین بھٹی آرگنائزنگ سیکرٹری ہیں۔ ٹورنامنٹ میں 12 ٹیمیں شرکت کریں گی اور ٹورنامنٹ کا فائنل 13 ستمبر کو کھیلا جائے

جشن آزادی باڈی بلڈنگ مقابلے 25 اگست کو ہونگے

اسلام آباد (اے ایف پی) پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام جشن آزادی باڈی بلڈنگ مقابلے 25 اگست کو لاہور میں منعقد ہونگے۔ پاکستان باڈی بلڈنگ فیڈریشن کے صدر شیخ فاروق اقبال نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں اور ایونٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔

ورلڈ ملٹری کیڈیٹ گیمز: پاکستان کے معید بلوچ کا ایک اور میڈل

کراکس (این این آئی) ورلڈ ملٹری کیڈیٹ گیمز میں پاکستان کے معید بلوچ نے ایک اور میڈل جیت لیا۔ 200 میٹر دوڑ میں معید بلوچ نے سلور میڈل حاصل کیا، معید بلوچ نے فاصلہ 21 عشاریہ 72 سیکنڈز میں طے کیا۔ وینزویلا کے ایتھلیٹ نے 21 عشاریہ 69 کی ٹائمنگ کے ساتھ گولڈ جیتا۔ واضح رہے کہ معید بلوچ اس سے قبل 400 میٹر دوڑ میں گولڈ میڈل جیت چکے ہیں۔

باکسر محمد وسیم کی مریم نواز سے پاسپورٹ واپس دلوانے کی اپیل

پاسپورٹ پھنس جانے سے تربیتی کیمپ میں شامل نہ ہونے پر مشکلات ہیں، محمد وسیم



لاہور (شہروز میاں سے) باکسر محمد وسیم نے مریم نواز سے پاسپورٹ واپس دلوانے کی اپیل کر دی۔ محمد وسیم نے سوشل میڈیا پر مریم نواز کیلئے اپنا پیغام جاری کیا۔ باکسر محمد وسیم نے کہا کہ پاسپورٹ پھنس جانے سے تربیتی کیمپ میں شامل نہ ہونے پر مشکلات ہیں، 4 اکتوبر کو عالمی ٹائٹل کیلئے فائٹ ہے۔ انھوں نے بتایا کہ میرے پاس پاسپورٹ نہیں، تاخیر سے پاسپورٹ ملا تو تیاری متاثر ہو سکتی ہے۔ جلد پاسپورٹ واپس کیا جائے تا کہ اپنی فائٹ کی تیاری کر سکوں۔ محمد وسیم کی ڈبلیو بی ایف بینٹم ویٹ ٹائٹل فائٹ مالٹا میں شیڈول ہے۔ محمد وسیم نے 22 جولائی کو ڈینش ایمبیسی میں ویزے کیلئے پاسپورٹ جمع کروایا تھا۔

SHOWBIZ
قوت

جھانوی کپور نے ڈھائی کروڑ کی نئی لگژری گاڑی خرید لی

جھانوی کپور کی کار کلیکشن میں پہلے ہی مرسڈیز GLE250D جس کی قیمت 67 لاکھ روپے ہے

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ جھانوی کپور نے ڈھائی کروڑ کی نئی لگژری گاڑی خرید لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ نے ٹویوٹا لیکسس ایم پی وی خریدی ہے جو انڈیا میں پہنچی کی سب سے مہنگی گاڑی ہے۔ جھانوی کپور کی کار کلیکشن میں پہلے ہی مرسڈیز GLE 250D جس کی قیمت 67 لاکھ روپے ہے، BMW X5 جس کی قیمت 95 لاکھ روپے ہے، اور مرسڈیز بینز ایس کلاس کی قیمت 62.1 کروڑ روپے موجود ہیں۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی ایک ویڈیو میں اداکارہ کی نئی سواری کی نمائش کی گئی، گاڑی کی ایکس شوروم قیمت تقریباً 50.2 کروڑ روپے بتائی گئی ہے، جس کی آن روڈ لاگت 87.2 کروڑ روپے کے قریب ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ رنبیر کپور اور عالیہ بھٹ نے بھی اس سال کے شروع میں سلور کلر میں ایسا ہی ماڈل خریدا تھا۔ یاد رہے کہ جھانوی کپور فی الحال اپنی آنے والی تیلگو پہلی فلم، دیوارا: پارٹ 1 کی ریلیز کے لیے تیار ہیں۔

معروف گلوکارہ مہک علی دس روزہ دورے پر امریکہ پہنچ گئیں

LIVE TO LAUGH

کھڈیاں خاص (این این آئی) معروف گلوکارہ مہک علی دس روزہ دورے پر امریکہ پہنچ گئیں۔ سان فرانسسکو میں اپنی پرفارمنس کا مظاہرہ کرینگی تفصیلات کے مطابق نامور پلے بیک سنگر مہک علی امریکہ کے شہر سان فرانسسکو میں پہنچ گئیں ان کو وہاں مقیم پاکستانی کمیونٹی کی جانب سے خصوصی طور پر دورے کی دعوت دی گئی ہے جہاں وہ رواں ہفتے اپنی پرفارمنس کا مظاہرہ کرینگی اس حوالے سے ایونٹ آرگنائزر کی جانب سے تمام تیاری مکمل کر لی گئی ہیں جبکہ گلوکارہ مہک علی امریکہ سے قبل اپنے مختصر دورے پر ترکیہ کے شہر استنبول پہنچی جہاں انہوں خوبصورت مقامات کی سیر وتفریح کرتے ہوئے تصاویر بنائی گلوکارہ مہک علی کا کہنا تھا کہ وہ امریکہ کینیڈا میں کافی عرصہ سے اپنی پرفارمنس کا مظاہرہ کر رہی ہیں ان کہنا تھا مجھے امریکہ میں مقیم پاکستانی اور انڈین پنجاب سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب ہمیشہ بے حد پزیرائی حاصل ہوئی ہے اس بار بھی سان فرانسسکو میں مقیم پاکستانی کمیونٹی نے اپنی محبتوں کا اظہار کرتے ہوئے مجھے خصوصی طور پر پرفامنس کے لیے مدعو کیا گیا ہے اس حوالے سے میں ایونٹ آرگنائزر اور اپنے مداحوں کی شکر گزار ہوں۔

اداکارہ مریم نور کے گھر بیٹے کی پیدائش، نام بھی بتادیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی باصلاحیت ماڈل و اداکارہ مریم نور کے یہاں پہلے بچے کی پیدائش ہوئی ہے، جس کا اعلان انہوں نے گزشتہ روز کیا۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر اداکارہ نے اپنی چند دلکش تصاویر شیئر کرتے ہوئے بیٹے کی پیدائش سے مداحوں کو آگاہ کیا اور اس کا نام بھی بتادیا۔ اداکارہ نے انسٹا پوسٹ میں بچے کی پیدائش سے قبل کروایا گیا فوٹو شوٹ شیئر کیا، جس میں انہوں نے سفید میکسی زیب تن کر رکھی ہے۔ سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی تصاویر میں اداکارہ جاذب نظر آرہی ہیں، انہوں نے پوسٹ کے کیپشن میں اپنے چاہنے والوں کے ساتھ اس خوش خبری کو شیئر کرتے ہوئے بیٹے کا نام بھی بتایا۔

معروف ادیب، سیاستدان بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) معروف ادیب بشریٰ رحمن کی سالگرہ 29 اگست کو منائی جائے گی۔ پاکستانی مصنفہ 29 اگست 1944 کو پیدا ہوئیں۔ انھوں نے جامعہ پنجاب سے ایم اے صحافت کی سند حاصل کی۔ انھوں نے اپنا سیاسی سفر 1983ء میں شروع کیا۔ بشریٰ رحمن 1985ء اور 1988ء میں رکن پنجاب اسمبلی جبکہ 2002ء اور 2008ء میں رکن قومی اسمبلی بنیں۔ 17 سے زائد ناول اور سفرنامے ان کے قلم کا شاخسانہ ہیں۔ انہوں نے پی ٹی وی اور پرائیویٹ پروڈکشن کے لیے بھی کئی ڈرامے بھی لکھے، ان کے ناول اور افسانے خواتین میں بہت مقبول تھے ان کے افسانوں کے کئی مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ بشریٰ رحمان کے معروف ناولز میں اللہ میاں جی، بہشت، براہ راست، بت شکن چاند سے نہ کھیلو اور چارہ گر شامل ہیں۔

پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں غیر روایتی موسیقی کا عالمی دن 24 اگست کو منایا جائے گا۔ اس دن کو عجیب وغریب موسیقی کے عالمی دن کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ اس دن کے منانے کا مقصد ان فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے جنہوں نے موسیقی کو اپنا رہن سہن بنایا ہوتا ہے، تاہم وہ اس سے خاطر خواہ مالی فوائد حاصل نہیں کر سکتے اور زیادہ تر گمنامی و کسمپرسی کی حالت میں ہی زندگی بسر کرتے ہیں۔ دنیا کے کئی ممالک میں موسیقی کے اس خاص دن کو ہفتہ بھر تقریبات کی صورت بھی منایا جاتا ہے۔ غیر روایتی موسیقی کے عالمی دن کی مناسبت سے ملک بھر میں سرکاری وغیر سرکاری اداروں اور تنظیموں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا۔

حافظ قرآن ہوں اسی لیے والد نے شوبز میں آنے سے منع کردیا تھا: لائبہ خان

لاہور (این این آئی) پاکستان اداکارہ لائبہ خان نے انکشاف کیا ہے کہ انہوں نے 9 سال کی عمر میں قرآن پاک حفظ کرلیا تھا۔ اداکارہ لائبہ خان کا ایک انٹرویو کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہورہا ہے جس میں انہوں نے انکشاف کیا کہ 'میں حافظ قرآن ہوں، 7 سال کی عمر میں والدین کی خواہش پر حفظ شروع کیا تھا اور 9 سال کی عمر میں مکمل کرلیا۔ لائبہ نے بتایا کہ بچپن میں حفظ کی خواہش میری نہیں تھی لیکن امی کی خواہش پر حفظ کیا اور جب قرآن پاک پڑھنا شروع کیا تو دل لگ گیا چونکہ میری میموری بہت اچھی ہے لہٰذا 2 سال کے دوران ہی حفظ مکمل کرلیا۔ اداکارہ نے کہا کہ حفظ کے بعد میں نے اپنی پڑھائی کا دوبارہ آغاز کیا اور اسی وجہ سے مجھے 2 سال پیچھے کلاس 6th میں ایڈمیشن ملا اور میٹرک کرلیا۔ شوبز میں آنے سے متعلق انہوں نے بتایا کہ 'میٹرک کے بعد میں اپنی امی کے ساتھ چھوٹی بہن اور اداکارہ ایمان کے ڈرامہ سیٹ پر چلی گئی تھی، اسی سیٹ پر کاسٹنگ ہیڈ نے مجھے ایکٹنگ کی آفر کی تھی جس پر میں نے پہلے انکار کردیا تھا لیکن پھر حامی بھرلی اسی دوران میں نے ایکٹنگ شروع کی اور پھر انٹر کرلیا۔ لائبہ خان نے مزید بتایا کہ چونکہ حافظ قرآن ہوں یہی وجہ ہے کہ شوبز کے آغاز میں والد کو ڈراموں میں آنا پسند نہیں تھا، والد بات نہیں کرتے تھے اور غصے میں رہتے تھے حتیٰ کہ ڈرامے بھی نہیں دیکھتے تھے، بابا کا کہنا تھا کہ میں نے چونکہ حفظ کیا ہے اس لیے مجھے شوبز میں نہیں آنا چاہیے'۔ اداکارہ نے کہا کہ 'میرے دادا کو بھی ایکٹنگ کرنا نہیں پسند تھا لیکن والدہ کی سپورٹ نے سب کا رویہ تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔

عائشہ ٹاکیہ نے نیا روپ دھار لیا، مداح حیران

مداحوں کی جانب سے اداکارہ کے اس انداز کو بالکل پسند نہیں کیا گیا

ممبئی: (ویب ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ عائشہ ٹاکیہ نے نیا روپ دھار لیا جسے دیکھ کر ان کے مداح حیران ہو گئے۔ عائشہ ٹاکیہ کافی عرصے سے فلم انڈسٹری سے دور ہیں تاہم سوشل میڈیا پر وہ مداحوں کے درمیان رہتی ہیں، حال ہی میں انہوں نے اپنی ایک تصویر پوسٹ کی جسے مداحوں نے خاص پسند نہیں کیا۔ بالی ووڈ سپر سٹار سلمان خان کی فلم وانٹڈ سے شہرت حاصل کرنے والی اداکارہ عائشہ ٹاکیہ جو کہ اب عائشہ فرحان ہیں کافی عرصے سے فلمی دنیا سے دور ہیں۔ عائشہ ٹاکیہ نے انسٹاگرام پر اپنی ایک تصویر پوسٹ کی جسے دیکھ کر مداح حیران رہ گئے کیونکہ نئے روپ میں وہ بالکل پہچانی نہیں جا رہیں۔ مداحوں کی جانب سے اداکارہ کے اس انداز کو بالکل پسند نہیں کیا گیا اور اکثر نے اس انداز پر ان پر تنقید کی۔ خیال رہے کہ چند سال قبل خبریں سامنے آئی تھیں کہ عائشہ ٹاکیہ نے ہونٹوں کی سرجری کروائی ہے، ان کے چہرے پر بھی واضح فرق محسوس کیا گیا تھا تاہم اداکارہ نے کسی بھی قسم کی سرجری کروانے سے انکار کیا تھا۔

ہدایتکار ویویک اگنی ہوتری مختصر لباس پہنا کر بٹھائے رکھتے تھے: تنوشری دتہ

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ میں ہراسانی کے خلاف آواز اٹھانے والی اداکارہ تنوشری دتہ نے فلمساز ویویک اگنی ہوتری پر سب کے سامنے مختصر لباس میں بٹھائے رکھنے کا الزام عائد کیا ہے۔ حال ہی میں تنوشری دتہ نے ایک انٹرویو کے دوران متنازع فلم ''دی کشمیر فائلز'' کے ہدایت کار ویویک اگنی ہوتری کی جانب سے ناروا سلوک سمیت ہراساں کیے جانے کا الزام عائد کیا ہے۔ تنوشری دتہ نے اگنی ہوتری کی ہدایت کاری میں بننے والی بالی فلم ''چاکلیٹ'' (2005) کے سیٹ پر کام کے دوران پیش آنے والی تکالیف اور ناروا سلوک سے متعلق اپنے ایک انٹرویو میں بتایا کہ سیٹ پر 5 منٹ تاخیر سے پہنچنے پر مجھ پر غیر پیشہ ورانہ ہونے کا لیبل لگایا گیا۔ اداکارہ نے کہا کہ 'شوٹنگ کے دوران کئی مواقع پر جب میں وقت پر پہنچی تو دیکھا کہ تیاریاں مکمل نہیں ہیں حتیٰ کہ لائٹس بھی نہیں لگی ہوتیں لیکن جب ایک مرتبہ میں 5 منٹ تاخیر کا شکار ہوئی تو اس نے میرے ساتھ بدتمیزی کرتے ہوئے کہا میں غیر پیشہ ورانہ ہوں'۔ فلم ''ڈھول'' کی اداکارہ نے انکشاف کیا کہ 'مجھے اپنی وین میں آرام کرنے کی بھی اجازت نہیں تھی، مختصر لباس پہننے کے بعد اداکاراؤں کو وین میں آرام کرنے کی اجازت ہوتی ہے خاص طور پر اس وقت جب شوٹنگ نہ ہو رہی ہو لیکن ویویک مجھے مختصر لباس (شارٹ اسکرٹس) میں سب کے سامنے بٹھائے رکھتے تھے۔ اداکارہ کا مزید بتانا تھا کہ مختصر لباس پہننے کے بعد اگر کبھی میں خود کو ڈھانپنے کی کوشش کرتی تو مجھے کہا جاتا ابھی تمہارا شاٹ آنے والا تو اس کو اتارو۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

کوآرڈینیٹر تاجر دوست سکیم برائے وزیراعظم پاکستان محمد نعیم میر نے فیصل آباد کا دورہ

ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں ڈویژن بھر کے تاجروں سے سکیم کی آگاہی بارے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی

FAISALABAD

فیصل آباد: کوآرڈینیٹر تاجر دوست سکیم برائے وزیراعظم پاکستان محمد نعیم میر اور کمشنر سلوت سعید ڈویژن کے تاجروں سے سکیم پر عملدرآمد بارے میٹنگ کررہے ہیں، ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کیپٹن (ر) ندیم ناصر و دیگر افسران موجود ہیں۔

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کوآرڈینیٹر تاجر دوست سکیم برائے وزیراعظم پاکستان محمد نعیم میر نے فیصل آباد کا دورہ کیا اور کمشنر سلوت سعید کے ہمراہ ڈی سی آفس کے کمیٹی روم میں ڈویژن بھر کے تاجروں سے سکیم کی آگاہی بارے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ ڈپٹی کمشنر فیصل آباد کیپٹن (ر) ندیم ناصر، ڈپٹی کمشنر ٹوبہ ٹیک سنگھ محمد نعیم، کمشنر ایف بی آر، پنجاب ریونیو اتھارٹی کے افسران اور تاجروں نے شرکت کی۔ کوآرڈینیٹر نے ڈویژن بھر کے تاجروں کے مسائل سنتے ہوئے کہا کہ تاجر دوست سکیم کا مقصد نان فائلر تاجر کو آسان طریقہ سے فائلر بنانا ہے۔ اس ضمن میں نان فائلر موبائل ایپ کے ذریعے بغیر کسی کنسلٹنٹ کے رجسٹرڈ ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکیم کا دوسرا مرحلہ ٹیکس کی ادائیگی ہے اور تاجروں کے تحفظات پر ٹیکس ٹیبل کو ریویو کررہے ہیں۔ ٹیکس کولیکشن کے لئے اختیارات کو نچلی سطح پر منتقل کیا جارہا ہے اور ریجنل کمشنر ایف بی آر کی سطح پر تاجروں کے ساتھ مل کر ٹیکس ٹیبل کو ازسرنو ترتیب دیں گے۔ محمد نعیم میر نے کہا کہ حکومت کو ماہانہ کی بجائے ششماہی بنیاد پر ٹیکس کی وصولی کی تجویز فراہم کی ہے جبکہ تاجروں کو ٹیکس ریٹرن فائل میں ریفنڈ کی سہولت بھی حاصل ہوگی۔ کوآرڈینیٹر نے تاجروں کے مطالبہ پر سکیم میں حتمی ترمیم تک ایف بی آر کی طرف سے نوٹسز جاری نہ ہونے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ تاجر احتجاج سے گریز کریں اور کسی منفی سرگرمی کا حصہ نہ بنیں۔ انہوں نے بتایا کہ تاجر دوست سکیم کے تحت ایڈوانس ٹیکس لاگو نہیں ہوگا جبکہ مختلف سروسز فراہم کرنے والے ایڈوانس ٹیکس سے مستثنیٰ ہونگے۔ تاجر دوست سکیم انکم ٹیکس رجسٹریشن سے متعلق ہے جس کا سیلز ٹیکس سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ٹیکس منصفانہ اور انصاف کے تقاضوں کے مطابق ہوگا۔ آپ کے ٹیکس کی رقم عوامی بہبود پر خرچ کی جاتی ہے۔ کوآرڈینیٹر نے کمشنر فیصل آباد سمیت ڈپٹی کمشنرز اور دیگر افسران کی معاونت کا شکریہ

الہ آباد: متروکہ وقف املاک کی جگہ ظاہر کرکے قبضہ کرنے کی کوشش ناکام

مقامی انتظامیہ نے کروڑوں روپے کی 7 کنال 13 مرلہ کمرشل جگہ کو واگزار کروالیا

الہ آباد (نامہ نگار) صوبائی گورنمنٹ کی جگہ کو محکمہ متروکہ وقف املاک کی جگہ ظاہر کرکے قبضہ کرنے کی کوشش ناکام، اسسٹنٹ کمشنر نے کروڑوں روپے کی کمرشل جگہ کو واگزار کروالیا تفصیلات کے مطابق محکمہ اوقاف کا کھاتہ کھوکھاتے محکمہ اوقاف کا کھاتہ ظاہر کرکے صوبائی گورنمنٹ کی جگہ پر قبضہ کرنے کی کوشش ناکام مقامی انتظامیہ نے کروڑوں روپے کی 7 کنال 13 مرلہ کمرشل جگہ کو واگزار کروایا۔ قبضہ روکنے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر چونیاں طلحہ انوار، ڈی ایس پی چونیاں رانا زاہد، تحصیلدار، چیف افسر، حلقہ پٹواری، ایس ایچ او چونیاں، ایس ایچ او چھانگا مانگا اسلم بھٹی نے موقع پر رقبہ تالاب واگزار کروایا اور اسسٹنٹ کمشنر چونیاں نے موقع پر ہی تالاب والی جگہ کو فیملی پارک بنانے کا اعلان کردیا۔ جس میں عورتوں کو بھی مخصوص ٹائم دیا جائے گا اور موقع پر ہی صوبائی گورنمنٹ نے رقبہ اپنی تحویل میں لے کر پودے بھی لگوادیے۔ عوام الناس نے اسسٹنٹ کمشنر چونیاں کو قابضین کے خلاف کاروائی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا جبکہ محکمہ متروکہ وقف املاک قصور کا کہنا ہے کہ تالاب والی جگہ ہماری ملکیت ہے اور محکمہ نے یہ جگہ 7 کنال 13 مرلہ کرائے پر دی تھی

تیز رفتار مزدا اور ویگن میں تصادم ایک شخص جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تیز رفتار مزدا اور ویگن میں تصادم ایک شخص جاں بحق جبکہ متعدد شدید زخمی نواحی گاؤں اکبر کے محسن کا بھائی راشد اپنے دوست عثمان و دیگر کے ہمراہ ٹیوٹا ہائی ایس میں واپس آرہا تھا جب وہ اکبر کے قریب پہنچے تو ان کی گاڑی کو پیچھے سے آنیوالے تیز رفتار مزدا نے ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں اس کا بھائی راشد موقع پر ہی جاں بحق ہوگیا جبکہ اس کے دوست عثمان وغیرہ شدید زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچادیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل کا مرکز ایمن آباد کے مختلف علاقوں کا دورہ

مختلف علاقوں کا دورہ غیر معیاری فرٹیلائزر کی فروخت پر کھاد ڈیلر کے خلاف استغاثہ دے دیا



گوجرانوالہ: پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل مرکز ایمن آباد کے گاؤں اکبریا کے مختلف علاقوں میں غیر معیاری فرٹیلائزر کی فروخت پر دوکانداروں کو استغاثہ دے رہے ہیں۔

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو)۔ پرنسپل ایگریکلچر آفیسر/اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) محمد اعظم مغل کا مرکز ایمن آباد کے گاؤں اکبریاں کے مختلف علاقوں کا دورہ غیر معیاری فرٹیلائزر کی فروخت پر کھاد ڈیلر کے خلاف استغاثہ دے دیا انہوں نے کہا کہ کھلی کھاد فروخت کرنے والوں کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل گوجرانوالہ میں ٹیمیں تشکیل دیدی گئی ہیں۔ کھادوں کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے فرٹیلائزر کے ڈیلر کے خلاف متعلقہ تھانہ میں استغاثہ دائر کر دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈی جی زراعت (توسیع) چوہدری عبد الحمید اور ڈائریکٹر زراعت گوجرانوالہ ڈویژن ڈاکٹر محمد شکیل کی ہدایات کی روشنی میں جعلی وممنوعہ کھاد کی فروخت کے خلاف بھرپور ایکشن لیا جارہا ہے اور کسانوں کو معیاری کھاد کی فراہمی ہماری ذمہ داری ہے اس ضمن میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ اور جعل سازی کے خاتمے کیلیے سرگرم

20 کلو حشرات زدہ مٹھائی، 10 کلو چائنہ نمک اور کھلا رنگ تلف کر دیا گیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) پنجاب فوڈ اتھارٹی ملاوٹ اور جعل سازی کے خاتمے کیلیے سرگرم۔ ڈائریکٹر آپریشنز ساؤتھ آصف اقبال کی زیرنگرانی دیسی گھی یونٹ، سوئیٹس اینڈ بیکرز اور پاپڑ فیکٹری کی انسپکشن۔ 784 کلو ویجیٹیبل فیٹ، 3 کلو تیار دیسی گھی، 932 ٹن پیک، 270 کارٹن اور 12 ڈرم ضبط۔ 20 کلو حشرات زدہ مٹھائی، 10 کلو چائنہ نمک اور کھلا رنگ تلف کردیا گیا۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی۔ دیسی گھی یونٹ مالکان کیخلاف ایف آئی آر درج، 2 سوئیٹس یونٹس کی اصلاح تک پروڈکشن بند۔ محمد عاصم جاوید کارروائیاں بابا فرید کالونی، چک 100 نائن ایل، 90 موڑ چیچہ وطنی اور ریلوے روڈ دوسہرہ گراؤنڈ میں کی گئیں۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی۔ دیسی گھی کی تیاری میں ویجیٹیبل آئل کی ملاوٹ کی جارہی تھی۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی۔ مٹھائی کی تیاری میں کھلے رنگ اور ممنوعہ اجزائ کی ملاوٹ کرنے پر 2 سوئیٹس یونٹس کو اصلاح تک بند کردیا گیا۔ مٹھائی میں مردہ حشرات پائے جانے اور صفائی کے ناقص انتظامات پر سوئیٹس شاپ کیخلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی۔ خوراک کی تیاری میں چائنہ نمک اور کھلے رنگ کی ملاوٹ کرنے پر 40 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا گیا۔

مصطفی آباد: محمد طیب قمر کا دعوت ولیمہ سیاسی اجتماع بن گیا

مشیر وزیر اعظم، ایم این اے، ایم پی اے، سیاسی وسماجی وصحافتی شخصیات کی شرکت

مصطفیٰ آباد: جرمن نیشنلٹی ہولڈر پاکستان شہری محمد طیب قمر کی دعوت ولیمہ میں مشیر وزیر اعظم پاکستان برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی، ایم این اے پاکستان پیپلز پارٹی آغا رفیع اللہ، سابقہ مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب وایم پی اے مسلم لیگ (ن) چوہدری محمد الیاس خاں، سیٹھ محمد حسین، چوہدری اصغر علی، مہر علی مہران، محمد عمران سلفی ودیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

مصطفیٰ آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) محمد طیب قمر کا دعوت ولیمہ سیاسی اجتماع بن گیا، مشیر وزیر اعظم، ایم این اے، ایم پی اے، سیاسی وسماجی وصحافتی شخصیات کی شرکت، رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر مبارکباد کے پیغامات، تفصیلات کے مطابق صدر الیکٹرونک میڈیا مصطفی آباد سیٹھ محمد حسین کے کزن جرمن نیشنلٹی ہولڈر پاکستان شہری محمد طیب قمر رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے، دعوت ولیمہ سیاسی اجتماع میں بدل گیا، دعوت ولیمہ میں مشیر وزیر اعظم پاکستان برائے امور کشمیر وگلگت بلتستان شبیر احمد عثمانی، ایم این اے پاکستان پیپلز پارٹی آغا رفیع اللہ، سابقہ مشیر وزیر اعلیٰ پنجاب وایم پی اے مسلم لیگ ن چوہدری محمد الیاس خاں، سکندر علی، ذیشان وسیم، ملک شکیل، خادم حسین خان، چوہدری اصغر علی، صدر مسلم لیگ ن حلقہ پی پی 176 مہر علی مہران، سردار ہمایوں اقبال رہنما مسلم لیگ ن، رانا منیر احمد نمبردار، سردار مسعود اقبال، محمد عمران سلفی صدر پریس کلب مصطفی آباد للیانی رجسٹرڈ، ڈاکٹر اصغر علی شہزاد، احمد جمال ایڈووکیٹ، زرار علی خاں، محمد طاہر میو، جمشید میو، ارشد علی جوئیہ، عمر شاہین سمیت سیاسی، سماجی، مذہبی جماعتوں کے نمائندوں، صحافیوں تاجروں، وکلا کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور محمد طیب قمر کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر مبارکباد دیتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

عارفوالہ: برائلر گوشت کی اونچی اڑان نے عوام کو پریشان کرکے رکھ دیا

عارف والا (رانا ذیشان اسلم نمائندہ خصوصی) برائلر مرغی کے گوشت کی اونچی اڑان اوپن مارکیٹ میں 600 روپے سے تجاوز کر گیا۔ برائلر گوشت خریدنا غریب عوام کی پہنچ سے کوسوں دور ہوگیا شہریوں کا کہنا ہے کہ برائلر گوشت سستا ہونے کے باعث کبھی کبھار کھالیا کرتے تھے لیکن اب تو برائلر گوشت کی قیمتوں کو بھی پر لگ گئے ہیں جو کہ ہماری دسترس سے بہت زیادہ باہر ہو چکا ہے۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ برائلر گوشت کی قیمتوں میں کمی کے لیے فوری اقدامات کرے

حافظ آباد: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبہ بھر کے بے گھر افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ کا آغاز کردیا گیا



حافظ آباد: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی اپنی چھت اپنا گھر اسکیم کے لیےلوگ رجسٹریشن کروا رہے ہیں۔

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے صوبہ بھر کے بے گھر افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر پراجیکٹ کا آغاز کر دیا گیا۔ اس پراجیکٹ کے لیے حکومت پنجاب بے گھر افراد کو گھر بنانے کے لیے آسان اقساط پر قرضہ فراہم کریگی۔ حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے اس پروگرام کے لیے ڈپٹی کمشنر دفتر سمیت تین رجسٹریشن سنٹر کا قائم کیے گئے ہیں جہاں پر شہری اپنی چھت اپنا گھر پروجیکٹ کے لیے قرضہ حاصل کرنے کے لیے رجسٹریشن کرواسکیں گے۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی عوام دوست پالیسیوں کے تحت بے گھر افراد کو انکے اپنے گھروں کی تعمیر کے لیے اپنی چھت اپنا گھر منصوبہ شروع کیا گیا ہے جس کے لیے حکومت پنجاب 15 لاکھ روپے تک آسان اقساط پر قرضہ فراہم کریگی جیسے 7 سالوں میں آسان اقساط پر جمع کروانا ہوگا۔ اس پروگرام کے لیے ڈپٹی کمشنر آفس حافظ آباد، اسسٹنٹ کمشنر آفس حافظ آباد اور اے سی آفس پنڈی بھٹیاں میں رجسٹریشن سنٹرز قائم کر دیئے گئے ہیں جہاں لوگ اپنی رجسٹریشن کروا رہے ہیں۔ اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کے تحت پہلے مرحلہ میں صوبہ بھر میں ایک لاکھ گھر تعمیر کیے جائینگے تاکہ کم آمدنی والے افراد اپنا گھر تعمیر کرسکیں گے۔ اس منصوبے کے لیے پنجاب کے رہائشی افراد اپنے نادرا ریکارڈ کے مطابق درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ حکومت پنجاب کی جانب سے اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ کسی بھی درخواست دہندہ کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہ ہو اور نہ ہی وہ کسی مالیاتی ادارے یا بنک کا مقروض نہ ہو۔

معروف معالج ڈاکٹر غلام نبی عاجز کا انتقال، سپرد خاک کردیا گیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ہومیو پیتھک ایسوسی ایشن کے سرپرست، بزم نعت پاکستان کے سابق نائب صدر اور ضلع کے معروف معالج ڈاکٹر غلام نبی عاجز گذشتہ روز طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے۔ مرحوم ڈاکٹر محمد نعیم اور حافظ فاروق احمد کے والد تھے۔ ان کی نماز جنازہ قبرستان ریلوے لائن والے میں ادا کی گئی جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

فیروزوٹواں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر، وزیر اعلیٰ ایکشن لیں، عوام

عوام مردہ جانوروں کی آلائشوں اور گندگی کے ڈھیروں سے پریشان ہیں

پریشان حال شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

مانانوالہ (سید علی عباس گیلانی سے) فیروزوٹواں میں جگہ جگہ گندگی کے ڈھیر وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کا صاف ستھرا پنجاب اور اب گاؤں چمکیں گے دیہات پروگرام کی حالت آپکے سامنے ڈسٹرکٹ شیخوپورہ کا نواحی قصبہ فیروزوٹواں مین روڈ کی حالت دیکھ کر حکومتی دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے کوئی پوچھنے والا نہیں گندگی کے ڈھیروں کو کون اٹھائے گا فیروزوٹواں کی عوام مردہ جانوروں کی آلائشوں اور گندگی کے ڈھیروں سے پریشان ہیں

چہلم حضرت امام حسینؑ کے حوالے سے جامع حفاظتی وانتظامی اقدامات کئے گئے ہیں، ڈپٹی کمشنر

علماء کرام کی طرف سے نشاندہی کئے گئے بعض مسائل کے حل کے بھی موثر اقدامات کئے جائیں گے

چنیوٹ: ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں۔

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کی طرف سے چہلم حضرت امام حسینؑ کے حوالے سے جامع حفاظتی وانتظامی اقدامات کئے گئے ہیں جن پر عملدرآمد کے لئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائیگی اس سلسلے میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام وتاجروں کا قابل ستائش تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے یہ بات ضلعی امن کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) طلحہ سعید اور دیگر افسران موجود تھے۔ اجلاس میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام، تاجر نمائندگان ودیگر امن کمیٹی ممبران بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ضلع میں قیام امن اور مذہبی ہم آہنگی کے سلسلے میں تمام مکاتب فکر کے علماء کرام کی قابل ستائش خدمات کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ باہمی اتفاق واتحاد سے ہی امن ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ علماء کرام کی طرف سے نشاندہی کئے گئے بعض مسائل کے حل کے بھی موثر اقدامات کئے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے امن کے قیام کے لئے علماء کرام کے تعاون کو سراہا اور چہلم کے موقع پر کئے گئے انتظامات سے آگاہ کیا۔ علماء کرام نے کہا کہ امن ہم سب کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی وپولیس انتظامیہ کی طرف سے چہلم کے حوالے سے کئے گئے انتظامات تسلی بخش ہیں جن کی کامیابی کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے۔

CRIME
& COURT

جرم وسزا

ڈی پی او سید ندیم عباس کی ضلع بھر کے پولیس افسران اور ہیڈ برانچز سے تعارفی میٹنگ

ایس پی انویسٹی گیشن، سرکل افسران، ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی سی آئی اے، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز، ایس ایچ اوز ودیگر کی شرکت

ننکانہ صاحب: ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس ایس پی انویسٹی گیشن، سرکل افسران، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز سے تعارفی میٹنگ کررہے ہیں۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او سید ندیم عباس کی ضلع بھر کے پولیس افسران اور ہیڈ برانچز سے تعارفی میٹنگ۔ ڈی پی او نے تمام پولیس افسران کو ہدایات جاری کردیں۔ تفصیلات کے مطابق میٹنگ میں ایس پی انویسٹی گیشن غلام مصطفی گیلانی، سرکل افسران، ڈی ایس پی لیگل، ڈی ایس پی سی آئی اے، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹرز، ایس ایچ اوز، اور ہیڈ برانچز نے شرکت کی۔ ڈی پی او نے تمام سرکل افسران اور ایس ایچ اوز سے تعارف کے بعد آپریشنل گائیڈ لائنز پر بریفنگ دی۔ ڈی پی او کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں سرکل افسران اور ایس ایچ اوز ڈے اینڈ نائٹ پٹرولنگ کو موثر اور یقینی بنائیں اور پٹرولنگ کرنے والے دیگر افسران اس بابت بریف کریں۔ ضلع بھر میں مویشی اور سبزی منڈیوں، بینک ہائے اور پٹرول پمپس و دیگر ہجوم والی شاپس اور دیگر مقامات کی سیکیورٹی کو بہتر بنایا جائے۔ تھانوں میں تفتیش کو منصفانہ اور شفاف بنائیں۔ مقدمات کی تفتیش میں سو فیصد میرٹ اور انصاف فراہم کیا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ تھانوں میں غیر قانونی حراست کسی صورت برداشت نہیں کروں گا۔ سرکل افسران اور ایس ایچ او ڈی ایس پی سی آئی سے میٹنگ کر کے اشتہاری مجرمان اور سرگرم ڈکیت گینگز کی گرفتاریوں کو عمل میں لائیں اور اس بابت جامع پلان تشکیل دیں۔ ضلع بھر میں ہوائی فائرنگ، ناجائز اسلحہ اور منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کے خلاف فوری کاروائیاں عمل میں لائیں۔ منشیات فروشی کے اڈوں کا ضلع سے صفایا کریں۔ قحبہ خانے (فحاشی کے اڈے) جواء خانے چلانے والوں کے خلاف مقدمات درج کیے جائیں۔ ضلع بھر میں مساجد امام بارگاہوں کی سیکیورٹی کیساتھ ساتھ منتظمین، علمائے اکرام کیساتھ تعاون کریں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ ضلع بھر میں اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور مشترکہ تعاون کریں اقلیتوں کی عبادت گاہوں کو سیکیورٹی کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ رشوت، کرپشن اور بدعنوانی میں ملوث پولیس افسران وملازمان کو کسی صورت معاف نہیں کروں گا۔

ڈپٹی کمشنر پاکپتن سعدیہ مہر کی جانب سے بلدیہ ہال عارفوالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد

قبولہ تا عارفوالہ روڑ کی ریپئرنگ کا کام فوری کروانے کی احکامات جاری ناجائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف ٹیمیں تشکیل

عارفوالہ (نامہ نگار سے) ڈپٹی کمشنر پاکپتن محترمہ سعدیہ مہر نے وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز صاحبہ کے ویژن کے مطابق بلدیہ ہال عارفوالہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جس میں سائلین کی کثیر تعداد شریک ہوئی سائلین کے مسائل کو سن کر فوری حل کرنے کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے گئے صحافی برادری عارفوالہ/قبولہ نے شہریوں کے بڑھتے مسائل پر ڈپٹی کمشنر صاحبہ کو توجہ دلائی قبولہ تا عارفوالہ روڑ کی ریپئرنگ کا کام فوری کروانے کی احکامات جاری ناجائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف ٹیمیں تشکیل سختی سے کاروائی کے احکامات عارفوالہ شہر میں صاف پانی شہریوں کیلئے درینہ مسئلہ بن چکا ہے بڑھتے مسائل کے مدنظر محترمہ ڈپٹی کمشنر پاکپتن سعدیہ مہر صاحبہ نے چودھری طاہر اقبال جٹ صاحب کی کاوشوں کو سراہا جنہوں نے گزشتہ عارفوالہ شہر کو فلٹریشن پلانٹس ٹیوب ویلز فراہم کیے صاف پانی کے مسائل کے خاتمے کیلئے ڈپٹی کمشنر صاحبہ نے شہریوں کو جلد نئے پروجیکٹس سٹارٹ کروانے صاف پانی کی جلد فراہمی کیلئے شہریوں کو تسلی دی شہریوں نے اطمینان کا اظہار کیا۔

چنیوٹ: ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، منشیات فروش گرفتار

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے اسسٹنٹ سب انسپکٹر نصر اللہ خان نے ٹیم کے ہمراہ جھمرہ روڈ پر کاروائی کرتے ہوئے چک نمبر 128 ج ب ٹھٹھیاں کے رہائشی منشیات فروش ملزم رب نواز کو گرفتار کرلیا۔ گرفتار منشیات فروش ملزم کے قبضہ سے 10 کلو گرام چرس برآمد ہوئی۔ گرفتار منشیات فروش ملزم رب نواز کیخلاف تھانہ سٹی میں زیر دفعہ 9E/CNSA کے تحت مقدمہ درج ہوچکا ہے اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جارہی ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ منشیات کے مکمل خاتمہ کے لیے عوامی تعاون بے حد ضروری ہے۔ آپ کے علاقہ میں منشیات فروشی کی صورت میں میرے نمبر 03237543444 پر اطلاع دیں۔

پولیس اہلکاروں کی جانوں کے ضیاع پر افسوس، چوہدری شہزاد اسلم بھٹی

کوئی بھی ریاست سے طاقتور نہیں ہوتا ڈاکوؤں کے خلاف بڑا آپریشن ناگزیر ہوچکا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) کچے کے ڈاکوؤں کے حملے میں پولیس اہلکاروں کی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے شہادت اعلی رتبہ ہے حکومت پاکستان کو چاہیے کہ کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف فوجی آپریشن کا اعلان کرے آخر کب تک قیمتی جانیں ضائع ہوتی رہیں گی ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ریاست کے اندر ریاست بنانے کی اجازت کسی کو نہیں ہونی چاہیے کوئی بھی ریاست سے طاقتور نہیں ہوتا ڈاکوؤں کے خلاف بڑا آپریشن ناگزیر ہوچکا ہے ورنہ ہم ایسے ہی لاشیں اٹھاتے رہیں گے حکومت پاکستان اس بارے میں سنجیدگی سے سوچے اور جیسے دہشتگردوں کے خلاف آپریشن کیا گیا تھا اسی طرح ڈاکوؤں کے خلاف بھی آپریشن ہونا چاہیے۔

چھانگا مانگا پولیس نے بھولو ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار کرلیا

ڈی ایس پی چونیاں رانا زاہد کی نگرانی میں کامیاب کاروائی ہوئی ہے، ایس ایچ او

الہ آباد (نامہ نگار) بھولو ڈکیت گینگ سرغنہ سمیت گرفتار، روڈ روبری، ہاؤس ڈکیتی میں ملوث شفیق اور بھولو گینگ گرفتار کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق چھانگا مانگا پولیس کے ایس ایچ او اسلم بھٹی نے میڈیا کو بتایا کہ ڈی ایس پی چونیاں رانا زاہد کی نگرانی میں کامیاب کاروائی ہوئی ہے راہزنی اور موٹر سائیکل چھیننے کی سنگین وارداتوں میں بدنام زمانہ انتہائی مطلوب خطرناک گینگ کا سرغنہ شفیق ساتھی مبین سمیت گرفتار کرلیا گیا ہے شہریوں سے چھینی گئی تین لاکھ 50 ہزار روپے کی رقم، 03 موٹر سائیکل 04 موبائل فونز اور دو پسٹل برآمد ہوئے ہیں بھولو گینگ نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ڈکیت گینگ تشکیل دے رکھا تھا جو چھانگا مانگا، کوٹ رادھا کشن، پتوکی اور چونیاں کے علاقوں میں وارداتیں کرتے تھے ملزم نے دوران تفتیش

جھنگ: عوام دوست ویژن پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری ہے، ڈی پی او

جمعہ کی نماز کے بعد شہید روڈ نور مسجد میں کھلی کچہری کے موقع پر گفتگو

جھنگ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلی پنجاب اور آئی جی پنجاب کے عوام دوست ویژن پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری ہے نئے تعینات ہونیوالے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے جمعہ کی نماز کے بعد شہید روڈ نور مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اس دوران ڈی ایس پی سٹی سرکل چوہدری غضنفر علی گجر، ایس ایچ او تھانہ کوتوالی اظہر خان، کمپلینٹ سیل کے انچارج محمد قذافی اے ایس آئی ودیگر پولیس افسران سمیت شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی ڈی پی او نے شہریوں کے مسائل وشکایات کو سن کر موقع پر انکے حل کیلئے احکامات جاری کیے کھلی کچہری میں ڈی پی او بلال افتخار کیانی شہریوں میں گھل مل گئے اور بچوں کو پیار کیا ان کے ساتھ تصویر بھی بنوائی جس پر شہریوں نے ڈی پی او کے اس اقدام کو بے حد سراہا انہوں نے کہا کہ شہریوں کی خدمت کیلئے 24/7 گھنٹے دفاتر کھلے ہیں، شہری براہ راست جب چاہیں مل سکتے ہیں، انسداد جرائم کیلئے کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے گا کریمنلز کی سرکوبی اور شہریوں کی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے

ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد: ڈپٹی کمشنر اور اسسٹنٹ کمشنر نے عوام کے مسائل سنے

کھلی کچہری کا انعقاد

حافظ آباد: ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کھلی کچہری میں عوام کے مسائل سن رہے ہیں۔

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر عوامی مسائل کے حل کے لیے ڈسٹرکٹ کمپلیکس حافظ آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور اسسٹنٹ کمشنر منور حسین نے عوام کے مسائل سنیں۔ اس موقع پر محکمہ ریونیو، اراضی ریکارڈ سنٹر، میونسپل کمیٹی، رجسٹریشن برانچ کے افسران بھی موجود تھے۔ کھلی کچہری میں افسران کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب کی اپنا چھت اپنا گھر سکیم بارے رجسٹریشن کروانے کے حوالے سے آگاہی ومعلومات بھی فراہم کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر لگائی جانے والی کھلی کچہری کا مقصد عوام کو بروقت ریلیف فراہم کرنا ہے، اسی لیے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ریونیو کے افسران ایک ہی چھت تلے عوام کے مسائل سنتے اور انکے مستقل حل کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ کھلی کچہری میں آنے والے سائلین کے مسائل کو سن کر انہیں ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جارہا ہے۔ کھلی کچہری میں آنے والے افراد میں ڈپٹی کمشنر کو اپنے مسائل بارے درخواستیں پیش کیں۔

بھلوال: ایک ہی خاندان کے 4 افراد کی لاشیں برآمد، موٹروے پر سفر کررہے تھے

ریسکیو 1122 اہلکاروں نے کار کا شیشہ توڑ کر نعشوں کو باہر نکالا، ڈرائیور عمر قاسم کو طبی امداد دے کر لاہور منتقل کردیا گیا

خانقاہ ڈوگراں کے قریب ایک خاتون کی طبیعت خراب ہوئی تھی اور انہوں نے جوس پیا تھا، عمر کی پولیس سے گفتگو

پولیس کو گاڑی میں سے دو جوس کے ڈبے ملے جن میں ایک ایکسپائرڈ ڈیٹ والا ہے، مذکورہ فیملی لاہور سے اسلام آباد کیلئے سفر کررہی تھی

بھلوال: موٹروے بھلوال کے قریب کار سے ایک خاندان کے چار افراد کی نعشیں ملی ہیں، ڈرائیور نیم بیہوشی کی حالت میں جبکہ کھانے کا ایکسپائر سامان بھی برآمد

بھلوال (تحصیل رپورٹر) بھلوال کے قریب موٹر وے پر کار سے ایک خاندان کے 4 افراد کی لاشیں ملی ہیں جب ڈرائیور نیم بے ہوشی کی حالت میں ہے لاہور ریفر کردیا لاہور میں میں بلڈنگ کنسٹرکشن کا کام کرنے علی عمران کا بھانجا، اہلیہ، ہمشیرہ، والدہ اور کمسن بیٹا لاہور سے اسلام آباد اس کے بھائی کے گھر جارہے تھے بھلوال کے قریب موٹروے پر اچانک سب پر بے ہوشی طاری ہوگئی جس پر ڈرائیور عمر قاسم نے گاڑی روک دی، کافی دیر تک گاڑی موٹروے پر کھڑی دیکھ کر موٹروے پولیس نے ریسکیو 1122 کو طلب کیا جنھوں نے کار کا شیشہ توڑ کر لاشوں کو باہر نکالا لاشوں کو بھلوال ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے ڈرائیور عمر قاسم کو طبی امداد دے کر لاہور منتقل کردیا گیا ہے عمر نے پولیس کو بتایا ہے کہ خانقاہ ڈوگراں کے قریب ایک خاتون کی طبیعت خراب ہوئی تھی انہوں نے جوس پیا تھا پولیس کو گاڑی میں سے سے دو جوس کے ڈبے ملے ہیں ایک ڈبے کی ڈیٹ ایکسپائر ہے جان بحق افراد کی شناخت 25 سالہ ثمر، 55 سالہ رومیلہ، 30 سالہ مہر اور 6 سالہ بچہ عون علی کے نام سے ہوئی ہے۔ بدقسمت فیملی میکلوڈ روڈ لاہور کی رہائشی ہے، جو کار نمبر ایل ای ایف 7339 پر لاہور سے اسلام آباد جارہی تھی تاہم پوسٹ مارٹم کے بعد ہی ہلاکت کی اصل وجہ معلوم ہوسکے گی۔

میری بہن اسلام آباد کی طرف جارہی تھی چھوٹا بیٹا ڈرائیونگ کررہا تھا، فیملی کی جانب سے مؤقف

بھلوال (تحصیل رپورٹر): میری بڑی بہن اسلام آباد بھائی کی طرف جارہی چھوٹا بیٹا ڈرائیونگ کررہا تھا ساتھ اس کی بیٹی، ساتھ بہو تھی ساتھ چھوٹا بیٹا تھا خانقاں ڈوگراں انٹرچینج سے جوس اور دیگر کھانے کا سامان لیا گاڑی میں کھاتے ہوئے نکلے ہیں سالم کے قریب پہنچے تو انہوں نے گاڑی سائیڈ پر لگالی موٹروے پولیس نے گاڑی چیک کی تو تمام لوگوں کو بھیرہ ہسپتال لیے جایا گیا ڈاکٹر نے بتایا کہ تینوں فی میل فوت ہوگئی تھی اور بچے نے ایک دو سانس لیے اس کے بعد وہ بھی فوت ہوگیا میرا بھانجاج..ماموں عمرانو ڈرائیونگ کررہا تھا اس کی حالت بہت خراب تھی اس کو لاہور ریفر کردیا ہے بھلوال: اب اس کی حالت بہتر ہے: نعشوں کا پوسٹ مارٹم کیا جا رہا ہے رپورٹ کے بعد پتہ چلے گا کہ موت کس طرح ہوئی ہے۔

نامعلوم ملزمان نے دو بہنوں کو اغوا کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے دو بہنوں کو اغوا کرلیا تھانہ صدر کے علاقہ دھیدووالی کے امجد کا بھائی عظیم جوکہ بیرون ملک مقیم ہے اس کی دو بیٹیاں گزشتہ روز گھر سے باہر گئیں تو واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو گاؤں کے لوگوں نے بتایا کہ تمہاری بھتیجیوں کو نامعلوم ملزمان اغوا کرکے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

ایس۔ایچ۔او مرالہ کاشف بٹ نے ہزاروں بوتل شراب برآمد کرکے ملزم گرفتار کرلیا

رہنگ کھوکھراں سے شراب کشید فیکٹری مالک جنید کیخلاف مقدمہ درج



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) مخبر خاص کی اطلاع پر منشیات فروشی کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ایس۔ایچ۔او ہیڈ مرالہ کاشف علی بٹ کی پولیس ٹیم کے ہمراہ بروقت مستعد کاروائی کے دوران جنید نامی منشیات فروش کی چالو شراب کشید فیکٹری سے 1000 بوتل ولائتی شراب وشراب برآمد کرکے مالک فیکٹری جنید منشیات فروش کو گرفتار کر لیا۔ فرض شناس ایس۔ایچ۔او ہیڈ مرالہ کاشف علی بٹ نے میڈیا بریفنگ میں سینئر صحافیوں کو بتایا کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی ھدایات پر قانون شکن عناصر کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ رہنگ کھوکھراں میں شراب کشید کرنے والی فیکٹری میں دوران سرچ 10 ڈرم شراب کشید کرنے والے را میٹیریل وزہریلے کیمیکل ومشینری بھی پولیس کسٹڈی میں لے لی گئی ہیں۔ ابتدائی تفتیش میں ملزم جنید نے انکشاف کیا کہ وہ اپنی فیکٹری میں شراب تیار کرکے نئی بوتلوں پر مختلف برینڈ کے لیبل لگا کر ضلع سیالکوٹ و دیگر اضلاع تک شراب سپلائی کرتا رہا ہے۔ کاشف علی بٹ کا کہنا ہے کہ ملزم سے مزید تفتیش میں دیگر سہولت کاروں بارے انکشافات متوقع ہیں۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

عاق نامہ

میں اپنے پسر محمد شفیق کو بوجہ نافرمانی غلط چال چلن اپنی منقولہ، غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں۔ آئندہ میں اس کے کسی قول، فعل یا لین دین کا ذمہ دار نہیں ہوں گا اس سے لین دین کرنے والا خود ذمہ دار ہوگا۔

المشتہر: محمد رفیق ولد جلال دین ذات ماچھی سکنہ چک نمبر 5 رسالہ تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

بقیہ بقیہ جات 1

عثمان انور، سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل، ڈی جی رینجرز پنجاب، سیکرٹری داخلہ پنجاب، آر پی او بہاولپور، کمشنر بہاولپور، ڈی آئی جی سکھر، ڈی پی او، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان اور سول و عسکری حکام نے شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ میں شریک ہوئے۔ شہداء کے اہلخانہ بھی نماز جنازہ میں موجود تھے اس سے قبل جسد خاکی قومی پرچم میں لپیٹ کر ایمبولینسز کے ذریعے پولیس لائنز پہنچائے گئے۔ بعدازاں وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید پولیس اہلکاروں کے ایصال ثواب کیلئے دعا اور فاتحہ خوانی کی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ کچے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں نے عظیم مقصد کے جانوں کا نذرانہ پیش کیا، شہید پولیس اہلکاروں کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں، شہداء ہمارے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ اس سے قبل آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سیکرٹری داخلہ پنجاب نورالامین مینگل شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان پہنچے اور ڈاکوؤں کے حملہ میں زخمی ہونے والے پولیس اہلکاروں کی عیادت کی۔ آئی جی پنجاب نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب پولیس کے بہادر جوانوں نے ملک وقوم کیلئے ہمیشہ عظیم قربانیاں پیش کی ہیں، کچہ ایریا اور سرحدی چوکیوں پر دہشت گردوں، ڈاکوؤں اور شرپسند عناصر کے حملوں کے چیلنجز کا سامنا کیا ہے، پنجاب پولیس کچہ کے ڈاکوؤں کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 2

عزم ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے بشیر شر کو جہنم واصل کرنے والی پولیس ٹیم کو شاباش دی اور کہا کہ کچے کے علاقے کو ڈاکوؤں سے پاک کرنے کا عزم پورا کریں گے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ پولیس شہداء کی قربانی نہیں بھول سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 3

تجارت نہیں ہے اور نہ دونوں ممالک کے درمیان بات چیت جاری ہے اس کے برعکس گزشتہ پانچ سالوں میں بھارت سے ایک ارب 62 کروڑ ڈالرز کی اشیاء درآمد ہوئیں۔ دستاویزات کے مطابق سال 20-2019 میں 38 کروڑ ڈالرز کی اشیاء درآمد کی گئیں اسی طرح سال 21-2020 میں 32 کروڑ 70 لاکھ ڈالرز کی اشیاء درآمد ہوئیں۔ دستاویزات میں بتایا گیا کہ سال 22-2021 میں 35 کروڑ 20 لاکھ ڈالرز کی چیزیں بھارت منگوائی گئیں جبکہ سال 23-2022 میں 27 کروڑ 60 لاکھ ڈالرز اور 24-2023 میں 27 کروڑ 80 لاکھ کی چیزیں پاکستان آئیں۔ ذرائع وزارت تجارت کے مطابق بھارت سے ادویات بنانے والے خام مال کو منگوایا جاتا ہے جو جان بچانے والی ادویات میں استعمال ہوتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

کے کچے کے سرحدی علاقوں میں سندھ اور پنجاب پولیس نہ تو اب تک ڈاکوؤں کا مکمل خاتمہ کر سکی ہے اور نہ ہی نو گو ایریا کو ختم کرایا جا سکا ہے بلکہ الٹا ڈاکوؤں نے پولیس کو سیدھا نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

کری۔ تفصیلات کے مطابق چیف جسٹس پاکستان قاضی فائز عیسیٰ کی سربراہی میں پانچ رکنی شریعت اپیلیٹ بینچ نے دو افراد کے قتل اور زنا بالرضا کے الزام میں نامزد ملزم کی اپیل کا تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ نے 18 ستمبر 2018ء کو اپیل منظور کی، اپیل کا فیصلہ کرنے میں چھ سال کی تاخیر پر معذرت خواہ ہیں، انصاف کی فراہمی کیلئے ججز کو بھی اپنے فرائض کا علم ہونا چاہئے، بدقسمتی سے سپریم کورٹ کا شریعت بینچ طویل عرصے تک غیر فعال رہا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سپریم کورٹ کے شریعت بینچ کے غیر فعال رہنے کی آئین میں کوئی گنجائش نہیں، گرمیوں کی چھٹیوں میں بھی عدالت اور سپریم کورٹ کے ججز کو فوج داری مقدمات سننے کیلئے دستیاب ہونا چاہئے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ استغاثہ شک سے بالاتر کیس ثابت کرنے میں ناکام رہا۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے 21 سال پرانے قتل کے وقوعے کا فیصلہ سنایا، ملزم پر دو افراد کے قتل اور زنا بالرضا کا الزام تھا، سپریم کورٹ نے ملزم عمران کو عدم شواہد کی بنیاد پر بری کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 6

میں لوگ اغوا ہوتے ہیں اور چیف ایگزیکٹو کچھ نہیں کرتے، اٹارنی جنرل نے کہا تھا وزیراعظم کو اس معاملے پر بریف کروں گا، چیف ایگزیکٹو کو ان معاملات کا پتا ہے مگر پھر بھی لوگ جبری طور پر لاپتہ ہو جاتے ہیں۔ وکیل بابر اعوان نے کہا کہ وزیراعظم کے پاس اس عدالت کے آرڈر پڑھنے کا وقت ہی نہیں۔ عدالت نے ایڈیشنل اٹارنی جنرل سے استفسار کیا کہ جب سے اسلام آباد ہائیکورٹ میں یہ کیس شروع ہوا ہے تفتیش رک گئی ہے، جس پر انہوں نے جواب دیا کہ جیو فینسنگ رپورٹ تیار کر لی گئی ہے۔ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے پوچھا کہ کب سے لاپتہ ہیں یہ دونوں، جس پر پولیس افسر نے بتایا کہ 6 جون سے غائب ہیں۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ 3 ماہ ہو گئے ہیں 2 بندے جبری طور پر لاپتہ ہیں، ان کے خاندان پر جو گزر رہا ہوگا ہمیں اندازہ ہے، لوگوں کو اٹھایا جا رہا ہے مگر چیف ایگزیکٹو کچھ نہیں کر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

ملاقات میں تجارت اور سرمایہ کاری میں دوطرفہ تعاون کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جرمنی کی جانب سے سیلاب زدگان کے لئے 1.91 ملین یورو کی امداد پر اظہار تشکر کیا۔ جبکہ ملاقات میں کلین انرجی اور کلائمیٹ فرینڈلی پراجیکٹس میں اشتراک کار پر اتفاق بھی کیا گیا۔ وفد میں پاکستان میں جرمنی کے سفیر الفرڈ گینتھر گراناس، سینئر پالیسی آفیسر انٹونیا ٹیلیسیاس پیٹرز، جرمن پارلیمنٹ کے ارکان کانٹ گیرس چا، جرگن کرنٹز بھی شامل تھے جبکہ اس موقع پر چیف سیکرٹری زاہد اختر زمان اور ایڈیشنل سیکرٹری سارہ حیات بھی موجود تھیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی آلودگی کا خاتمہ ترجیحات میں شامل ہیں، پہلی مرتبہ ماحولیات کیلئے بجٹ میں 400 فیصد اضافہ کیا، سموگ اور دیگر ماحولیاتی آلودگی کو ختم کرنے کیلئے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پائیدار انرجی کیلئے پاکستان کو 24 ملین یورو فراہم کرنے کے اقدام کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جی ایس پی پلس سٹیٹس کے حصول کیلئے جرمنی کی معاونت کو سراہتے ہیں، پاکستان اور جرمنی کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، پاک جرمن معاشی تعلقات دن بدن بہتری کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ٹیکسٹائل سمیت دیگر شعبوں میں متعدد جرمن کمپنیاں اشتراک کار قابل تحسین امر ہے۔ ملکی ترقی میں خواتین کے معاشی کردار کو بتدریج بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پلگ اینڈ پلے ٹیکسٹائل یونٹس اور گارمنٹس سٹی پراجیکٹس سے خواتین کی معاشی خودمختاری بڑھے گی، سکلڈ خواتین گارمنٹس انڈسٹری میں شاندار روزگار حاصل کر سکیں گی۔ قائداعظم بزنس پارک کے ووکیشنل ٹریننگ سنٹر میں خواتین کو ٹریننگ کیساتھ ساتھ سکالر شپ بھی دیا جائے گا۔ تمام شعبوں میں خواتین کو بااختیار بنانے کی اہمیت پر بھی زور دے رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز نے مزید کہا کہ پنجاب کی تمام انڈسٹریز میں ورکرز سیفٹی اور ان کے معاشی اور سماجی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے، پنجاب کے سرکاری سکولوں کے طلبہ کی غذائی قلت دور کرنے کیلئے سکول میل (School Meal) پروگرام شروع کر رہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجاب میں تعلیم اور صحت کے شعبوں میں ریفارمز سے بھی آگاہ کیا۔ جرمن وزیر سوینجا شولز نے کہا کہ انڈسٹری اور سکلڈ لیبر کے پوٹینشل ہونے کی وجہ سے پنجاب قابل ترجیح صوبہ ہے، پارلیمنٹ، سرکاری دفاتر اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں خواتین کی موجودگی اور شراکت قابل تحسین ہے۔ جرمن وزیر سوینجا شولز نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا اور گارمنٹس سٹی پراجیکٹ کو سراہا۔

بقیہ بقیہ جات 8

گے مشورہ دوں گا کہ سی ایم کے پی صوبائی اسمبلی سے اعتماد کا ووٹ لے لیں اس سے پہلے کہ کوئی عدم اعتماد لے آئے۔ گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ جلسے کے لیے بھرپور سرکاری وسائل کا استعمال کیا گیا جلسے کے لئے لوکل ایڈمنسٹریشن اور ڈپٹی کمشنر نے لوگوں کو سہولت دی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ اپنے ضلع میں امن وامان قائم کرنے میں ناکام ہیں، دہشت گردوں کو اجازت ہے مگر سیاحوں کو آنے کی اجازت نہیں ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا میں فنڈز صرف ان اسکیموں کو ملیں گے جس میں کمیشن ہو۔ گورنر کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو روزگار اور صوبے کی ترقی پر ہم ان کے ساتھ ہیں، سیاست نہیں کرنا چاہتے یہ اپنا کیس تیار کریں مرکز سے وسائل اور حقوق کے لئے ان کا ساتھ دیں گے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ صوبائی وزیر نے وزیراعلیٰ کی کرپشن کی شکایت کی تو ان کو ہٹا دیا اور اسمبلی کا اجلاس بھی اس لیے ملتوی کیا کہ شکیل خان نہ بولیں۔

بقیہ بقیہ جات 9

ادارے کے مطابق میجر جنرل یزہاک برک نے مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورتحال، حماس سے جاری جنگ اور ایران کے ساتھ کشیدگی کے حوالے سے ایک بیان میں خبردار کیا کہ اگر حماس اسرائیل مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں خطے میں جنگ چھڑتی ہے تو اسرائیل شدید خطرات کی زد میں آ جائے گا، وزیر دفاع یوآف گیلانٹ کے غزہ جنگ کے اہداف کے حوالے سے متعدد بیانات تا حال پورے نہیں ہو سکے ہیں، اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو اور ان کے اتحادیوں کو تبدیل نہ کیا گیا تو اسرائیل اگلے ایک سال میں تباہ ہو جائے گا۔ سابق آئی ڈی ایف افسر کا کہنا تھا ایران اور حماس کی اسرائیل کو ختم کرنے کی دھمکیاں خالی دھمکیاں نہیں ہیں، حماس سے جاری جنگ اور حزب اللہ کے ساتھ کشیدگی کے باعث اسرائیل کے لیے خطرات کے حوالے صیہونی ریاست کے وزیر دفاع یوآف گیلانٹ بھی اچھی طرح باخبر ہیں۔ ان کا کہنا تھا میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ یوآف گیلانٹ کو بھی اندازہ ہو چکا ہے کہ اسرائیل جنگ کے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام ہو چکا ہے اور ہم غزہ کی دلدل میں پھنس چکے ہیں، حماس کو کمزور کرنے کے بنیادی مقصد کے حصول کا کوئی موقع نہ ہونے کے باوجود ہم اپنے فوجیوں کو کھو رہے ہیں۔ اس سے قبل جولائی میں بھی ریٹائرڈ میجر جنرل ایزہاک برک نے غزہ میں اسرائیلی جارحیت اور حزب اللہ سے تناؤ پر اپنے خدشات کا اظہار کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا اسرائیلی فوج غزہ کی پٹی میں بری طرح ناکام ہو رہی ہے اور حزب اللہ سے جنگ کی صورت میں اسرائیل کو اسٹریٹجک ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا اور یہ اس لیے ہوگا کہ حالیہ کچھ دنوں میں اسرائیل کو پے درپے بڑے فوجی نقصانات کا سامنا کرنا پڑا۔

بقیہ بقیہ جات 10

گفتگو کے دوران کہا ہے کہ کون ہے جو جیل کے حوالے سے فیصلے کرتا ہے اس کا کیا اختیار ہے۔ نعیم پنجوتھا نے کہا کہ گزشتہ روز جلسے کے حوالے سے کور کمیٹی کا اجلاس 2 گھنٹے تک جاری رہا، جلسے کی آئندہ تاریخ کے حوالے سے کور کمیٹی فیصلہ کرے گی، آئندہ جلسے کا فیصلہ ہم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر رکاوٹیں ڈالی گئی اس کو عبور کریں گے، جلسے کے حوالے سے تمام دباؤ پی ٹی آئی کی کور کمیٹی برداشت کرے گی، 8 ستمبر کے جلسے کا این او سی دے دیا گیا ہے، شیڈول ہم جاری کریں گے۔ نعیم پنجوتھا نے کہا کہ جلسے کا جو شیڈول آئے گا اس سے پیچھے نہیں ہٹیں گے، جلسہ اس وجہ سے منسوخ کیا کیونکہ یہ دوبارہ 9 مئی کرنا چاہتے تھے، جلسہ کرنا ہمارا آئینی حق ہے، ہمیں آئینی حق سے محروم کیا گیا تو عوام نکلیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 11

لیگ کے غیر ذمہ دارانہ بیانات فوج اور عوام میں دوریاں پیدا کرنے کی کوشش ہے۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ علی امین گنڈاپور نے بانی پی ٹی آئی کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کیا، انتشار سے بچنے کے لیے جلسہ ملتوی کیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ مینڈیٹ چوروں کے غیر ذمہ دارانہ بیانات پر افسوس ہی کیا جا سکتا ہے۔ بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا کہ رانا ثناء اللہ سمیت تمام لیگی رہنما 8 ستمبر کا انتظار کریں پتہ چل جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 12

جیل کے قیدی کا کاروبار ہے۔ وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور اور بیرسٹر سیف کے بیانات پر ردعمل دیتے ہوئے عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ فتنہ پارٹی تسلیم کر لے اس کے ستو مک چکے ہیں، گرگٹ رنگ بدلتا ہے لیکن اس کی فطرت نہیں بدلتی، پوری تحریک انصاف گنگا نہا کر بھی آ جائے تو 9 مئی کے سیاہ دھبے ان کے دامن سے نہیں مٹ سکتے۔ انہوں نے کہا کہ دھرنے اور جلسے اڈیالہ جیل کے قیدی کا کاروبار ہے، اس کے بغیر فتنہ پارٹی کو نہ بیرونی فنڈنگ ملتی نہ ڈیجیٹل دہشتگردوں کو تنخواہیں دے پاتے ہیں، ایک سال سے فتنہ پارٹی جلسے جلوس نہ کرنے سے شدید ترین مالی بحران کا شکار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اب فوج کی حرمت اور تقدس پر 9 مئی والے ہمیں لیکچر دیں گے اللہ کی شان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 13

کی اور نہ کسی کو کوئی احکامات دیئے۔ ایک انٹرویو میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ میرے پاس بانی چیئرمین کے ترجمان کا عہدہ بھی تھا لیکن انہوں نے کبھی بھی مجھے فیض حمید سے رابطے کے لئے نہیں کہا، صرف ایک مفروضے پر بات کی جا رہی ہے جس کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی نے کبھی بھی پارٹی معاملات میں مداخلت نہیں کی، میاں بیوی اپنے کمرے میں کیا بات کرتے ہیں، مجھ سمیت کسی کا اس پر نہیں سوچنا چاہیے، اگر میاں بیوی اپنے کمرے میں سیاست پر بات کرتے ہیں تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ پارٹی میں مداخلت کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی ہمیشہ سیدھی بات کرتے ہیں، ہم تو آج بھی تقاضہ کر رہے ہیں 9 مئی کے واقعات کی آزادانہ تحقیقات کرائیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

ہوئے۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل سے عدالت پیش کیا گیا۔ نیب کی جانب سے امجد پرویز، سردار مظفر عباسی لیگل ٹیم کے ہمراہ پیش ہوئے، سماعت کے دوران نیب تفتیشی افسر میاں عمر ندیم پر جزوی جرح کی گئی، نیب تفتیشی افسر پر جرح آئندہ سماعت پر مکمل کی جائے گی۔ سماعت میں ریفرنس کے 34 گواہان پر جرح مکمل کی جا چکی، 35ویں گواہ پر جزوی جرح کی گئی۔ واضح رہے کہ گزشتہ سماعت ملزمان کے وکلا کی عدم دستیابی کے باعث ملتوی کر دی گئی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 15

کی۔ دوران سماعت عدالت نے درخواست پر وفاقی حکومت اور الیکشن کمیشن کو نوٹس جاری کر کے جواب مانگ طلب کرتے ہوئے اٹارنی جنرل پاکستان کو بھی آئندہ سماعت پر معاونت کے لیے طلب کر لیا۔ اس کے علاوہ لاہور ہائی کورٹ نے درخواست آئندہ سماعت پر دستیاب بینچ کے روبرو پیش کرنے کی بھی ہدایت کر دی، درخواست پر آئندہ سماعت 30 اگست کو ہوگی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ ایکٹ کے ذریعے سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کو ختم کرنے کی کوشش کی گئی ہے، الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کا اطلاق ماضی سے نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے استدعا کی کہ الیکشن ترمیمی ایکٹ 2024 کو غیر آئینی قرار دیا جائے اور درخواست کے حتمی فیصلے تک پی ٹی آئی کے علاوہ کسی دوسری جماعت کو مخصوص نشستیں دینے سے روکا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 16

وائرل ویڈیو کچے کے علاقے میں ڈاکوؤں کے راکٹ حملے میں شہید ہونے سے کچھ دیر پہلے کی ہے، جس میں اہلکار شہید ہونے کے حوالے سے آپس میں بات کر رہے ہیں۔ ویڈیو میں سنا جا سکتا ہے کہ ایک پولیس اہلکار اپنے ساتھی ابرار کو ازراہ تفنن مخاطب کرتے ہوئے کہتا ہے کہ یہ لو رائفل پکڑو، لگتا ہے آج آخری وقت آ گیا ہے (یعنی لگتا ہے آج تو شہید ہو جائیں گے)۔ کچے میں اپنے فرائض کی انجام دہی کے لیے جانے والے پولیس اہلکار گفتگو میں مزید کہتے ہوئے سنے جا سکتے ہیں کہ ہم جہاں پر رات (کی تاریکی) میں (ڈیوٹی کے لیے) جا رہے ہیں، یہاں تو کوئی دن (کی روشنی) میں بھی نہیں آتا۔ واضح رہے کہ ویڈیو میں دکھائی دینے والا پولیس کانسٹیبل ابرار جمعرات کی شب ڈاکوؤں کے راکٹ حملے میں شدید زخمی ہو گیا تھا جب کہ ماچھکہ میں پولیس کی 2 گاڑیوں پر ہونے والے اس حملے میں 12 اہلکار شہید ہو گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 17

منعقد ہوا۔ سینیٹر سیف اللہ نیازی نے اجلاس کے دوران سوال اٹھایا کہ کیا حکومت یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے جا رہی ہے؟ سیکرٹری صنعت و پیداوار نے یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کے منصوبے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ جی حکومت یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے پر غور کر رہی ہے، یوٹیلیٹی اسٹورز کے ملازمین کو دوسرے اداروں میں بھیجنے کیلئے کام جاری ہے، حکومت غیر ضروری کاروبار سے باہر نکلنا چاہتی ہے۔ سیکرٹری صنعت و پیداوار نے کہا کہ یوٹیلیٹی اسٹورز پر ریلیف دینے سے مقابلے کی فضا ختم ہو جاتی ہے۔ اجلاس کے دوران انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے الیکٹرک وہیکل پالیسی پر بریفنگ دی گئی۔ ای ڈی بی کے حکام کے مطابق 1982ء میں پاکستان میں پہلا کار پروڈکشن پلانٹ بنا، آٹو پالیسی 2021-26 کے تحت 45 کمپنیوں کو الیکٹرک وہیکلز بنانے کے لائسنس دیئے گئے، 2021ء میں سب سے زیادہ گاڑیاں بنیں جو تقریباً 3 لاکھ تھیں، سال 2023-24 میں ملک میں 10 ہزار 378 ہائبرڈ گاڑیاں بنائی گئیں۔ ای ڈی بی کے حکام کے مطابق سال 2023-24 میں ملک میں 20 ہزار 811 الیکٹرک بائیکس اور رکشے بنائے گئے، ٹو اور تھری ویلر الیکٹرک گاڑیاں بنانے کیلئے 44 کمپنیوں کو لائسنس دیئے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 18

ہو سکتا۔ مبارک ثانی کیس پر اعلیٰ عدلیہ کی اپنے فیصلہ پر نظر ثانی پوری قوم کی جیت ہے۔ عقیدہ ختم نبوت اور پاکستان کے آئین اور قانون کے خلاف ایک گہری سازش کو اللہ تعالیٰ کی نصرت سے علماء کرام اور مذہبی جماعتوں کی جدوجہد نے ناکام کیا ہے۔ علماء کرام اور محب رسول ﷺ مسلمانوں نے بروقت جدوجہد کر کے تاریخ رقم کی ہے جس پر وہ سب مبارکباد کے مستحق ہیں۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ حکومت اور تمام آئینی اداروں کو اب یہ تسلیم کر لینا چاہیے کہ اسلامیان پاکستان عقیدہ ختم نبوت، شان رسالت اور شعائر اسلام کے ساتھ کسی بھی قسم کی چھیڑ چھاڑ اور سازش کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کیا پوری دنیا کے تمام مسلمانوں کو عقیدہ ختم نبوت اور مقام مصطفی ﷺ پر کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا اور نہ کبھی ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 19

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں 500 سے زائد انسداد پولیو ٹیموں کی جانب سے جعلی مہم چلانے کا انکشاف ہوا ہے۔ پولیو ورکرز پر بغیر قطرے پلائے بچوں کے ناخنوں پر نشانات لگانے کا الزام سامنے آیا ہے۔ سی ای او ایمرجنسی پولیو سینٹر نے بتایا کہ مانیٹرنگ کے ذریعے یہ ٹیمیں پکڑی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ 28 ماہ تک پولیو فری رہنے کے بعد بلوچستان ایک بار پھر پولیو کیسز کا مرکز بن گیا ہے۔ گزشتہ 7 ماہ کے دوران پولیو کے 12 کیسز سامنے آ چکے جبکہ 3 اموات بھی ہوئی ہیں۔ دوسری جانب صوبے بھر میں آئندہ ماہ 9 ستمبر سے انسداد پولیو کی خصوصی مہم چلانے کا اعلان کیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

ہوئی۔ سکھر پولیس کے مطابق حادثہ سکھر ملتان موٹر وے ایم فائیو پر دادلو کے قریب پیش آیا جہاں ملتان جانے والی کار تیز رفتاری کے باعث بے قابو ہو کر ٹرک سے جا ٹکرائی۔ حادثے میں کار میں سوار خاتون سمیت چار افراد موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ ایک خاتون زخمی ہو گئی۔ زخمی اور لاشوں کو ایمبولینس کے ذریعے تعلقہ اسپتال پنوعاقل منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق کار سوار افراد کی تا حال شناخت نہیں ہو سکی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کا وقت دے دیا، فیصلے سے یوٹیلیٹی سٹور کے ہزاروں ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ یوٹیلیٹی اسٹورز کی انتظامیہ کے مطابق ہمیں اشیائے خورد و نوش سپلائی کرنے والی کمپنیوں سے لین دین کے معاملات نمٹانے کیلئے 2 ہفتے کا وقت دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے سیکرٹری صنعت و پیداوار نے کہا کہ وفاقی حکومت یوٹیلیٹی اسٹورز بند کرنے کا فیصلہ کر رہی ہے، رائٹ سائزنگ کمیٹی نے تجاویز تیار کی ہیں جس میں مختلف وزارتیں بھی شامل ہیں، وفاقی حکومت کے پاس پیسے نہیں ہیں جس کے باعث یہ فیصلہ کیا جا رہا ہے۔ رائٹ سائزنگ کمیٹی کی دیگر اداروں کو بند کرنے کی تجویز کی حتمی منظوری وفاقی کابینہ دے گی، کابینہ کی منظوری کے بعد جو ٹائم لائن طے ہوگا اس کے مطابق اسٹورز بند ہو جائیں گے۔ دوسری جانب وفاقی حکومت نے یوٹیلیٹی اسٹورز پر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام میں رجسٹرڈ صارفین کو دیا جانے والا ریلیف بھی بند کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت ملنے والی یہ سبسڈی غیر اعلانیہ بند کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

کر لیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شکیل احمد نے انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ ملک میں بغیر کسی نوٹس اور وجہ بتائے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا ایپس بند کر دی گئی ہیں، انٹرنیٹ کی بندش سے کاروبار حتیٰ کہ ہر شعبہ ہائے زندگی متاثر ہو رہا ہے، انٹرنیٹ بند کرنا بنیادی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، وفاقی حکومت کا انٹرنیٹ بند کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے اور ملک میں انٹرنیٹ کو مکمل اور فوری بحال کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔ دوران سماعت جسٹس شکیل احمد نے استفسار کیا کہ اس درخواست میں خاص بات کیا ہے؟ جس پر ایڈووکیٹ اظہر صدیق نے بتایا کہ اس درخواست کے ساتھ ہم نے انٹرنیٹ بندش کے حوالے سے ثبوت لگائے ہیں۔ عدالت نے فریقین سے جواب طلب کرتے ہوئے سماعت 27 اگست تک ملتوی کر دی۔ قبل ازیں لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال نے انٹرنیٹ کی بندش اور فائر وال کی تنصیب کے خلاف جوڈیشل ایکٹیوزم پینل کی درخواست پر سماعت کرنے سے معذرت کرتے ہوئے کیس کو جسٹس شکیل احمد کی عدالت میں منتقل کرنے کا حکم دیا تھا۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ اسی طرح کے کیسز جسٹس شکیل احمد سن رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 23

سلسلے میں محکمہ خوراک گلگت بلتستان اور محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی کی سروے ٹیمیں پورے گلگت بلتستان میں صارفین کی بائیو میٹرک رجسٹریشن کیلئے مصروف عمل ہیں۔ محکمہ خوراک گلگت بلتستان نے عوام سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنا شناختی کارڈ، فارم ب اور پیدائش کا سرٹیفکیٹ تیار کر کے اپنی رجسٹریشن لازمی کرائیں تاکہ انہیں کوٹے کے مطابق سبسڈائزڈ گندم اور آٹے کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ اس سروے کا مقصد سبسڈائزڈ گندم اور آٹے کی منصفانہ تقسیم سمیت موثر انتظام کو یقینی بنانا ہے تاکہ گلگت بلتستان میں رہنے والے تمام افراد اور انکے اہل خانہ کیلئے بائیو میٹرک رجسٹریشن کے ذریعے ان کا مختص شدہ کوٹہ بغیر کسی رکاوٹ کے آسانی سے میسر ہو۔ محکمہ خوراک کی جانب سے ڈیجیٹل گندم سروے سے نہ صرف حقداروں کو ان کا مختص کردہ کوٹہ گھر کی دہلیز پر میسر ہوگا بلکہ گندم چوری، بلیک مارکیٹنگ اور سمگلنگ کا بھی سدباب یقینی بنایا جائیگا۔ محکمہ خوراک نے گلگت بلتستان بھر کے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ سروے ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں تاکہ ڈیجیٹائزیشن کا عمل جلد مکمل کیا جا سکے اور موصول شدہ معلومات کی نادرا سے تصدیق کی جا سکے۔ اس ڈیٹا بیس کو وقتاً فوقتاً اپ ڈیٹ کیا جائے گا تاکہ گلگت بلتستان میں گندم اور آٹے کی تقسیم اور ترسیل میں شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 24

اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشتگردی کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کیلئے پولیس فورس نے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حملے میں پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان کا سن کر دکھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ سے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 25

مکمل یکجہتی سے اپنے بنگلہ دیشی بھائیوں کے ساتھ کھڑا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وہ بنگلہ دیشی سیلاب متاثرہ خاندانوں کے ساتھ جانی ومالی نقصان پر مکمل ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ وزیراعظم نے اس توقع کا اظہار کیا کہ بنگلہ دیشی عوام اس مشکل وقت سے کامیابی سے نکل آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 26

کی قائمہ کمیٹیوں برائے صنعت و پیداوار سے رجوع کیا جائے گا، قائمہ کمیٹیوں کو یوٹیلیٹی اسٹورز کی بندش کے اثرات سے آگاہ کیا جائے گا۔ قائمہ کمیٹیوں سے درخواست کی جائے گی کہ معاملہ پارلیمنٹ کے اجلاس میں اٹھایا جائے، یوٹیلیٹی اسٹورز کو بند کرنے سے ہزاروں ملازمین نوکریوں سے فارغ ہو جائیں گے۔ ذرائع یو ایس سی کے مطابق یوٹیلیٹی اسٹورز کی بندش سے کروڑوں پاکستانی سستی اشیائے ضروریہ سے محروم ہو جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 27

خان نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے کہا ہے جلسہ انتشار کے خدشے کے باعث موخر کیا، بانی پی ٹی آئی نے کہا مجھے بتایا گیا مذہبی جماعتیں اسلام آباد میں اکٹھی ہو رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے اعظم سواتی اور بیرسٹر گوہر کو کہا ہے کہ 8 ستمبر والا جلسہ ملتوی نہیں ہوگا، 8 ستمبر کا جلسہ ہر صورت ہوگا، ورکرز کو ہدایات دی گئی ہیں کہ اگر اب جلسہ منسوخ کرنے کی اطلاع آئے تو آپ نے نہیں ماننا، عوام چوری شدہ مینڈیٹ کی واپسی کیلئے ضرور گھروں سے نکلیں۔ علیمہ خان نے کہا کہ کسی کو سمجھ نہیں آ رہی 7 بجے ملاقات کیسے ہوئی ہوگی، جیل میں اسٹیبلشمنٹ کے بغیر کچھ ممکن نہیں، صبح 7 بجے جیل میں ملاقات ہونا ہمارے لئے بھی عجیب بات تھی، عمران خان کو اعظم سواتی نے مذہبی جماعتوں کے احتجاج کا بتایا یا ان کو پہلے پتہ تھا دونوں چیزیں ممکن ہیں، آڈیو میری تھی، ہم سب حیران تھے اچانک کیسے جلسہ ملتوی ہو گیا۔

بقیہ بقیہ جات 28

سیاسی استحکام سب سے پہلی ترجیح ہونی چاہیے، ملک کے معاملات کو آگے بڑھنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سازشوں میں مصروف عناصر کو شکست ہوگی، فتنہ اور انتشار کی سیاست کی اب کوئی مستقبل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت معیشت کی بحالی کے لئے دن رات کوشاں ہے جس کے مثبت نتائج بھی سامنے آ رہے ہیں، دو ماہ بعد عوام کے لئے ریلیف ہی ریلیف ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 29

مزار پر حاضری دی۔ انہوں نے دربار پر فاتحہ خوانی اور چادر پوشی کے بعد ملک کی ترقی اور سلامتی کے لئے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ میرے لئے اس جگہ آنا باعث فخر ہے۔ جہاں خلق خدا اپنی امید وابستہ کرتی ہے۔ جہاں غریب کی بھوک مٹتی، امید کی شمع جلتی ہو، اس مقام سے بڑا مقام کوئی نہیں ہوتا۔ قائمقام گورنر ملک محمد احمد خان کا حضرت داتا گنج بخشؒ کے 981 سالانہ عرس پر سید ہجویریؒ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کا مساوات، اخلاقیات اور انسانیت کی عزت کا پیغام داتا علی ہجویریؒ نے لوگوں تک خوب پہنچایا۔ اس دور میں جب دنیا میں ٹیکنالوجی کا کوئی وجود نہیں تھا، برصغیر پاک و ہند آپ کی تعلیمات سے اسلام کا مرکز بنا۔

بقیہ بقیہ جات 30

پر سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزاروں کے وکیل اظہر صدیق ایڈووکیٹ نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ عدالت نے چکن کی قیمتیں مقرر کرنے کے لیے تمام فریقین سے مشاورت لازم قرار دے رکھی ہے، حکومت چکن کی از خود قیمتیں غیر قانونی طور پر مقرر کر کے کاروبار تباہ کر رہی ہے۔ اس موقع پر سرکاری افسر نے موقف اپنایا کہ چکن کی بین الصوبائی نقل و حرکت پر پابندی عائد نہیں کی گئی جس پر عدالت نے جواب دیا کہ اگر ایسی کوئی پابندی ثابت ہوئی تو توہین عدالت کی کارروائی کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔ دوران سماعت ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان، کمانڈنٹ پنجاب بارڈر ملٹری پولیس نے تحریری جواب عدالت میں جمع کروا دیا۔ بعدازاں عدالت نے چکن کی بین الصوبائی نقل و حرکت پر پابندی کو ختم کرتے ہوئے ریمارکس دیے کہ قانون میں ایسی پابندی کی کوئی گنجائش نہیں ہے، آئندہ ایسی کارروائی کی گئی تو متعلقہ افسروں کیخلاف مقدمہ درج کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 31

پولیس اہلکاروں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ یہاں جاری بیان میں سپیکر نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا ہے، پولیس اہلکاروں کے جانی نقصان کا سن کر دل رنجیدہ ہے، میری تمام تر دل ہمدردیاں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ غم اور دکھ کی مشکل گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے دکھ اور غم میں برابر کا شریک ہوں، پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے ملک میں دہشتگردی کے خاتمے اور امن وامان کے قیام کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ سردار ایاز صادق نے کہا کہ شہید پولیس اہلکاروں کا خون رائیگاں نہیں جائے گا، ملک وقوم کی حفاظت پر مامور اہلکاروں کی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔ سپیکر نے کہا کہ ایسے شرپسند عناصر سے آہنی ہاتھوں سے نمٹنا ہوگا۔ سپیکر نے شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

بقیہ بقیہ جات 32

تنصیب کیخلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت جسٹس چوہدری محمد اقبال نے جوڈیشل ایکٹیوزم پینل کی درخواست پر سماعت کرنے سے معذرت کرتے ہوئے کیس کو جسٹس شکیل احمد کی عدالت میں منتقل کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت کی جانب سے کہا گیا کہ اسی طرح کے کیسز جسٹس شکیل احمد سن رہے ہیں۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا تھا کہ ملک میں بغیر کسی نوٹس اور وجہ بتائے انٹرنیٹ اور سوشل میڈیا ایپس بند کر دی گئی ہیں، انٹرنیٹ کی بندش سے کاروبار حتیٰ کہ ہر شعبہ ہائے زندگی متاثر ہو رہی ہے۔ درخواست میں مزید کہا گیا ہے کہ انٹرنیٹ بند کرنا بنیادی حقوق کی بھی خلاف ورزی ہے، استدعا کی گئی ہے کہ وفاقی حکومت کا انٹرنیٹ بند کرنے کا فیصلہ کالعدم قرار دیا جائے اور انٹرنیٹ کو مکمل اور فوری بحال کرنے کے احکامات جاری کیے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 33

وومن ورکرز ہیلپ لائن انصاف کی رسائی کے لئے تمام کمیونیٹیز کی خواتین کو بااختیار بنائے گی ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر محترمہ ام لیلیٰ اظہر نے مزید کہا کہ کہ غیر رسمی ماحول سے خواتین کارکنوں کی نمایاں شراکت کے باوجود، ان غیر رسمی کارکنوں کو اکثر استحصال، قانونی تحفظ کی کمی اور کام کے خراب حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ان مسائل کو حل کرنے کے لیے، جامع انسانی حقوق کے لیے مستعدی کے طریقہ کار اور غیر رسمی کارکنوں کی حفاظت کرنے والے قوانین، جیسے کہ ہوم بیسڈ ورکرز (HBWs) قانون کے موثر نفاذ کی فوری ضرورت ہے۔ ہوم بیسڈ چھپی ہوئی افرادی قوت کے موجودہ منظر نامے، HBWs قانون، مجوزہ ترامیم، کاروباری قواعد اور PESSI (پنجاب ایمپلائز سوشل سیکیورٹی انسٹی ٹیوشن) جیسے سماجی تحفظ کے طریقہ کار کے کارکنوں کے تحفظ میں کردار پر آواز اٹھانے کے لیے انسانی حقوق کی وجہ سے مستعدی کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر حمیرا اسلم نے چھپے ہوئے کارکنوں کی ایک دستاویزی فلم دکھائی۔

بقیہ بقیہ جات 34

جعلی ہے اور اس کے بارے میں کوئی تصدیق شدہ معلومات دستیاب نہیں ہیں کیونکہ جب اس رجسٹریشن نمبر کو لے کر ڈائریکٹر کالجز کے پاس چیک کیا گیا تو وہاں صرف اس کالج کی درخواست۔ بی جمع نہیں تھی۔ ڈائریکٹر کالج کے ذرائع کا کہنا ہے کہ ہمارے پاس ایک مکمل فائل آتی ہے پھر اس کے بعد رجسٹریشن کا عمل شروع ہوتا ہے اس لیے ہمارے پاس اس کا کوئی ریکارڈ نہ ہے اور نہ ہی یہ ڈائریکٹر کالجز سے رجسٹرڈ کالج ہے یہ صورتحال نہ صرف اس ادارے کے انتظامات پر سوال اٹھاتی ہے بلکہ اس سے بچوں کے مستقبل کے ساتھ کھیلنے کے الزامات بھی عائد کرتی ہے۔ محکمہ تعلیم اور متعلقہ حکام سے درخواست ہے کہ اس معاملے کی فوری تحقیقات کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ مزید طالبات کو اس نقصان سے بچایا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کے حقوق کے تحفظ کے لیے پنجاب حکومت تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے۔ اس موقع پر چیئرپرسن پنجاب خواتین پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے خطاب میں کہا کہ صوبہ پنجاب میں خواتین کو ہر میدان میں نمایاں طور پر دیکھا جا سکتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

فعال کردار ادا کرنے میں اب تک ناکام رہی ہیں۔ معصوم فلسطینیوں کو غذا، ادویات، پینے کا صاف پانی اور دیگر ضروریات زندگی سے محروم کیا جا چکا ہے۔ ہسپتالوں، گھروں، صحافیوں، فلاحی کارکنان اور میڈیکل کیمونٹی کو نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ ہزاروں فلسطینیوں کو شہید اور لاکھوں کو زخمی کیا جا چکا ہے جن میں بڑی تعداد معصوم بچوں اور خواتین کی ہے۔ اسرائیلی فوج ہماری فلسطینی بہنوں کو جنسی درندگی کا نشانہ بنا رہے ہیں اور قتل کر رہے ہیں۔ اور امت مسلمہ ہے کہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ میں امت مسلمہ سے بالعموم اور حکومت پاکستان سے بالخصوص یہ مطالبہ کرتا ہوں کہ وہ فلسطین کی مدد کے لیے فعال کردار ادا کرنے کے لیے سامنے آئے۔

بقیہ بقیہ جات 37

پورا کیا اور ملک میں امن وامان کی فضا کو برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کیا۔ صدر سنی علماء کونسل لاہور اور صوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا کہ شکر الحمدللہ مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کامیابی نصیب ہوئی ختم نبوت ہمارا ایمان ہے اور کسی صورت کسی حالت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت و عظمت پر کوئی کمپرومائز نہیں ہو سکتا۔ قادیانیوں اور ان کے سہولت کاروں کو سن لینا چاہیے کہ پاکستان میں قادیانیوں کو اپنی تبلیغ کرنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی کیونکہ قادیانی مذہب نہیں بلکہ ایک بڑا فتنہ ہے اس فتنے کی سرکوبی کے لیے ان شاء اللہ، مسلمان ہر لمحہ اور ہر وقت تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

سیاسی جماعتوں کی کوششوں سے سپریم کورٹ متنازعہ جملے حذف کرنے پر مجبور ہوئی۔ منکرین ختم نبوت یاد رکھیں قوم جاگ چکی ہے، عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی قسم کا ڈاکہ برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحفظ کے لیے ہم سب کچھ قربان کرنے کے لیے تیار ہیں لیکن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے۔ قادیانیوں کے بارے میں نرم گوشہ رکھنے والے اپنا قبلہ درست کر لیں پاکستان میں قادیانیوں کو اپنی تبلیغ اور کفریہ عقائد کی تشہیر کسی صورت نہیں کرنے دیں گے، قانون نافذ کرنے والے ادارے قادیانیوں کی متنازعہ تفسیر کو فوری طور پر ضبط کریں۔

بقیہ بقیہ جات 39

دکھ کیا ہے، صنعتوں میں پیداواری لاگت میں 50 فیصد حصہ بجلی ہے، صنعتیں بند ہونے میں سب سے بڑا ہاتھ بجلی کی قیمتوں کا ہے۔ گوہر اعجاز نے کہا کہ میں نے سب سے پہلے آواز اٹھائی کہ صنعتیں 16 سینٹ فی یونٹ پر نہیں چل سکتیں، میں نے صنعتوں کیلئے 9 سینٹ فی ڈالر کا ریٹ کروایا، بجلی کا نظام حکومت سے نہیں چل رہا، 1 لاکھ کروڑ روپے آئی پی پیز کو مفت دیے جا رہے ہیں۔ سابق نگران وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ حکومت کا کام کاروبار کرنا نہیں ہے، آئی پی پیز سے ایسے معاہدے کیے گئے جو دنیا میں کہیں نہیں ہوئے، ایسے معاہدوں کے ہوتے ہوئے ہم دنیا کا مقابلہ نہیں کر سکتے، ایسے معاہدے پاکستان کی اکانومی سے خون چوس رہے ہیں، دنیا میں فی یونٹ 7 سے 9 سینٹ تک ریٹ ہے۔ اعجاز گوہر نے کہا کہ پاکستان کے عوام کے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے، فیصل آباد اور صنعت کار رو رہے ہیں، ملک کے چاروں ستونوں کو کہتا ہوں کہ اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ بقیہ جات 40

ہے۔ عاطف شاہ نے کہا کہ ہم حکومت سے پیسے نہیں لیتے تمام ملازمین کی تنخواہیں سیلف جنریٹڈ ہیں۔ جنرل سیکرٹری ورکرز الائنس نے کہا کہ ہزاروں ملازمین میں تشویش کی لہر دوڑ گئی ہے، ملک بھر میں 4000 سے زائد مستقل اسٹور جبکہ 1500 فرنچائز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آل پاکستان ورکرز الائنس ڈی چوک اسلام آباد میں احتجاج کرے گا۔

بقیہ بقیہ جات 41

28 اگست کے دوران اسلام آباد، راولپنڈی، مری اور گلیات میں بھی وقفے وقفے سے بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 26 سے 28 اگست کے دوران خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ بارشوں سے سندھ، بلوچستان، جنوبی پنجاب، اسلام آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ اور لاہور کے نشیبی علاقے زیر آب آنے، ملک کے بالائی پہاڑی علاقوں میں لینڈ سلائیڈنگ اور شدید بارشوں، آندھی کے باعث کمزور انفراسٹرکچر کو نقصان کا بھی خدشہ ہے۔ محکمہ موسمیات نے مسافروں اور سیاحوں کو محتاط رہنے کی بھی ہدایت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 42

کمشنر رخشاں نعیم احمد کو ڈائریکٹر صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے عہدے پر تقرری دے دی گئی ہے اور سمیع اللہ کاکڑ کو علاقائی الیکشن کمشنر رخشاں تعینات کر دیا گیا ہے۔ گوہر رحمن کو ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر نوشکی تعینات کر دیا گیا ہے اور آصفہ خورشید کو انتظامی بنیاد پر الیکشن آفیسر مری تعینات کر دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 43

آ گئے ہے۔ علاوہ ازیں فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے سالانہ نتائج میں پری میڈیکل گروپ میں لڑکیوں نے تمام پوزیشنز اپنے نام کر لیں، پری انجینئرنگ میں پہلی پوزیشن اقراء نامی طالبہ نے حاصل جبکہ تیسری پوزیشن بھی لڑکیوں کے نام رہی۔ فیڈرل بورڈ کے انٹرمیڈیٹ امتحانات کے نتائج سے متعلق تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں وفاقی وزیر تعلیم خالد مقبول بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تعلیم نے کہا کہ پاکستان اس وقت بہت تاریخی موڑ پر ہے، اس وقت ہمیں کھڑے نہیں رہنا چل پڑنا ہے، نوجوانوں کو ساتھ لیے بغیر کامیابی ممکن نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

کیے گئے ایجنٹس کے خلاف ایف آئی آر درج کرا دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ایجنٹوں کے استحصال سے بچانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ محکمہ پاسپورٹ پولیس، ایف آئی اے اور ضلعی حکومت کے ساتھ مل کر کریک ڈاؤن جاری رکھے گی۔

بقیہ بقیہ جات 45

ہائی کمشنر جین میرٹ نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن پرفارمنس انڈیکس 2023 لانچ کر دیا۔ تقریب میں عالمی اداروں کے نمائندگان اور سینئر ڈپلومیٹس نے بھی شرکت کی۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ برطانیہ کا شکریہ جس نے یہ رپورٹ بنانے میں تعاون کیا، ترقی کے لیے ہارڈ ویئر کے ساتھ سافٹ ویئر کی بھی ضرورت ہے، سڑکیں اور انفراسٹرکچر بھی ضروری ہے لیکن تعلیم زیادہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کوئی ایسی مثال نہیں کہ تعلیم کے بغیر کسی ملک نے ترقی کی ہو، تعلیم کے بغیر کوئی ملک ترقی کی دوڑ کیلئے اہل نہیں ہو سکتا۔

بقیہ بقیہ جات 46

کوئی نقصان نہیں ہوا تاہم ٹریک اور پلیٹ فارم کا کافی نقصان ہوا۔ ٹرین کی پلیٹ فارم نمبر 5 پر پھنسی ہوئی بوگیوں کو نکال کر دوسرے پلیٹ فارم پر لگایا گیا تاہم ٹرین کو بی اے سی بزنس کلاس بوگی کے بغیر دوسری ایئر کنڈیشنڈ بوگی میں بٹھا کر 3 گھنٹے سے زائد تاخیر کے بعد کراچی روانہ کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 47

لیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے علما کرام، دینی جماعتوں اور پوری قوم کے مطالبے کو تسلیم کرتے ہوئے اپنی غلطی کو درست کر کے مبارک ثانی کیس کے متنازعہ پیراگراف حذف کر کے اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کیا، جس پر ہم چیف جسٹس کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اس کیس میں مولانا فضل الرحمن اور مفتی محمد تقی عثمانی نے امت کی جو ترجمانی کی ہے، ہم انہیں بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ اس تحریک میں تمام دینی و سیاسی جماعتوں، علما کرام اور پوری قوم کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے تحفظ ختم نبوت کے لیے اپنا دینی و قومی کردار ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 48

نے لاپتہ ہونے والی بچی کے والد کے دوست کاشف جو گھر والوں کے ساتھ مل کر بچی کو تلاش کر رہا تھا اس پر شک گزرنے پر حراست میں لے کر تحقیقات کیں تو اس نے بچی کو اغواء کر کے تاوان مانگنے اور قتل کرنے کا اعتراف کر لیا۔ ملزم کاشف نے بچی کے والد سے کاروبار کے لئے 10 لاکھ روپے ادھار بھی لے رکھے تھے بتایا گیا ہے کہ بچی کو قتل کرنے کے بعد لاش کو جنگل میں پھینک دیا گیا جہاں پر جانوروں نے نوچ کھایا۔ پولیس نے ملزم کی نشاندہی پر بچی کے کپڑے، سر کے بال اور ہڈیاں برآمد کر کے فرانزک لیب بھجوا دیئے۔

بقیہ بقیہ جات 49

صدیقی وفاقی تعلیمی بورڈ کے زیر اہتمام انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور پارٹ ٹو کے نتائج کے اعلانات کی تقریب کے مہمان خصوصی تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کامیاب ہونے والے طلباء ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارکباد دی اور وفاقی تعلیم بورڈ کو نتائج کے بروقت مرتب کرنے کیلئے ان کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی تقریبات پاکستان کے لیے ہوا کا ایک جھونکا ہیں، ہمارے نوجوان باصلاحیت ہیں اور یہ کامیابی اس کے اس قوم کی کامیابی ہے۔ ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان اس وقت اپنی تاریخ کے ایک اہم موڑ پر ہے یہ وقت ہے جب ہم کو کھڑا نہیں رہنا بلکہ آگے بڑھنا ہے اور اس آگے بڑھنے میں ہی ہماری کامیابی ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان دنیا کے ان خوش قسمت ممالک میں شامل ہے جہاں آبادی کا ایک بہت بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔ ہمارے ملک کی آبادی کا 15 سے 18 کروڑ حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

مہمان خصوصی وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ تھیں اس موقع پر رجسٹرار ڈاکٹر میمونہ خان پراجیکٹ ڈائریکٹر اسد بھٹہ لائبریرین گل ناز بتول، سمیرا رسول، اساتذہ اور دیگر افسران موجود تھے۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بلڈنگز ملتان کے سب انجینئر محمد طاہر نے بتایا کہ یہ بلاک ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے پراجیکٹ "بلڈنگ ویمن یونیورسٹی" کے تحت مکمل کیا گیا ہے یہ لائبریری 7000sq ft ایریا پر مشتمل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

بات سپریم کورٹ میں جمع کرائی جانے والی رپورٹ میں کہی۔ فرانزک شواہد کے تجزیے کی بنیاد پر مرتب کی جانے والی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کولکتہ کے آر جے کار میڈیکل کالج کی جونیئر ڈاکٹر سے زیادتی میں صرف ایک شخص سوک والنٹیئر سنجے رائے ملوث پایا گیا ہے۔ اسے گرفتار کیا جا چکا ہے اور وہ اقبال جرم بھی کر چکا ہے۔ جونیئر ڈاکٹر کو 9 اگست کو زیادتی کے بعد قتل کیا گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 52

وسطیٰ کے بجائے افغانستان کی فضائی حدود کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔ عرب ٹی وی کے مطابق مختلف بین الاقوامی ایئرلائنز نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی اور جنگ کے خطرات کے پیش نظر افغانستان کی فضائی حدود کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے جسے مشرق وسطیٰ کے مقابلے نسبتاً محفوظ تصور کیا جا رہا ہے۔ سنگاپور ایئرلائن، برٹش ایئرویز اور جرمنی کی لفتھانسا ایئرلائن نے مشرق وسطیٰ میں بڑھتی کشیدگی اور لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ چھڑنے کے خدشے کے پیش نظر اپنی پروازوں کو محفوظ بنانے کے لیے اب افغانستان کی فضائی حدود کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

ڈالر (پاکستانی تقریباً 40 ہزار) روپے جرمانہ عائد کیا گیا اور تین ماہ قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ پولیس گاڑی کو نقصان پہنچانے کے جرم میں انہیں دبئی سے ڈی پورٹ کر دیا جائے گا۔ متحدہ عرب امارات کے حکام کی جانب سے ان کی گرفتاری کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ 24 سالہ جوزف لو پیز کے انسٹاگرام پر ایک لاکھ سے زائد فالوورز ہیں جنہیں مسٹر لوزیانا کا خطاب دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 54

چھتر پور میں مسلم آبادی کی جانب سے شدید احتجاج کیا گیا اور اسی دوران کچھ مشتعل افراد کی جانب سے پولیس اسٹیشن پر دھاوا بھی بولا گیا۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادیو ہندو انتہا پسند سادھو کی توہین آمیز تقریر کے بعد تو سوتے رہے تاہم جب مسلمانوں کی جانب سے اس معاملے پر شدید احتجاج کیا گیا اور پولیس اسٹیشن پر حملے میں کچھ اہلکار زخمی ہوئے تو انہوں نے فوری طور پر مظاہرین کے خلاف کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے، پولیس نے بھی شاہ سے زیادہ شاہ کے وفادار ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے چھتر پور میں کانگریس کے سابق نائب صدر اور مقامی مسلم رہنما حاجی شہزاد علی کو احتجاج کا ذمہ دار ٹھہراتے ہوئے ان کے گھر پر چھاپہ مارا اور مسلم رہنما کے عالیشان گھر کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ہیوی مشینری کی مدد سے مسمار کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 55

ہسپتالوں میں ڈاکٹروں، پیرامیڈیکل سٹاف اور دیگر عملے کی غیر حاضری بھی دیکھنے میں آئی ہے صحت کی ناکافی سہولیات کی فراہمی کے باعث غریب مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے صوبے میں غربت کی شرح ملک کے دوسرے صوبوں کی نسبت زیادہ ہونے کی وجہ سے بلوچستان کے لوگ پرائیویٹ ہسپتالوں میں مریضوں کا علاج نہیں کروا سکتے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ بلوچستان کی عوام کی فلاح و بہبود صوبائی حکومت کی اولین ذمہ داری ہے ایسے میں صوبائی حکومت کو چاہئے کہ عوامی خدمت کا آغاز صحت کی سہولیات کی فراہمی سے کیا جائے کتے کے کاٹنے اور سانپ کے ڈسنے سے ہلاکتوں میں اضافہ ہو رہا ہے اسکی وجہ یہ بھی ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں ان مریضوں کے علاج معالجے کے لئے ویکسین دستیاب نہیں اور مریض کے لواحقین میں یہ جان بچانے والی ادویات خریدنے کی سکت نہیں ہوتی برسات کے موسم میں صوبے بھر میں ڈینگی، اسہال، ملیریا اور جلدی بیماریاں پھیلنے کی وجہ سے سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کا رش بڑھ گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

حق وسچ کی فتح ہے اور مخالفین کو ایک بار پھر منہ کی کھانی پڑی ہے۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو یہاں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی ایک غریب پرور محنتی اور مخلص رہنما ہیں، جنہوں نے ہمیشہ بلوچستان خاص کر مڈل کلاس بلوچستانیوں کی بھلائی کے لیے کام کیا ہے ان کی قیادت میں بلوچستان کی عوام اور خاص طور پر مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے بلوچستانیوں میں مایوسی کے اس ماحول میں امن، تعلیم، ترقی اور خوشحالی کی امید پیدا ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ جلد ہی صوبائی حکومت بلوچستان میں ہزاروں نوکریاں مشتہری کر رہی ہے جس سے بلوچستان کے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 57

ویڈنگ وینیو لوکیشن کی وجہ سے توجہ حاصل نہ کر سکا اور ملینز پاونڈز ڈوب گئے۔ برطانوی میڈیا کا کہنا ہے کہ وینیو کے کئی اور مسائل بھی سامنے آئے جس کی وجہ سے پروجیکٹ کامیاب نہ ہوا، وینیو کے سامنے اور اطراف میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر بھی پڑے رہتے تھے۔ عامر خان نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں شادی حال کی فروخت کا بتایا۔

بقیہ بقیہ جات 58

بچے کی مالی مدد سے بچنے کے لیے ریاستی ڈیٹا بیس ہیک کر کے جعلی موت کا ڈرامہ کرنے کے جرم میں چھ سال سے زیادہ قید کی سزا سنا دی گئی۔ امریکی ریاست کینٹکی سے تعلق رکھنے والے جیسی کف کو کمپیوٹر فراڈ اور شناخت چوری کرنے کے جرم میں عدالت نے 81 ماہ قید کی سزا سنائی گئی۔ 39 سالہ کف نے گزشتہ سال جنوری میں ہوائی ڈیتھ رجسٹری سسٹم تک رسائی حاصل کرنے اور اپنی موت کے لیے جعلی انٹری کیس بنانے کا اعتراف کیا۔ اس کے بعد کف نے ہوائی ڈیتھ سرٹیفکیٹ کی ورک شیٹ مکمل کی اور ڈاکٹر کے ڈیجیٹل دستخط کا استعمال کرتے ہوئے اپنی موت کی تصدیق کی۔ وہ کئی سرکاری ڈیٹا بیس میں کامیابی کے ساتھ ایک مردہ شخص کے طور پر رجسٹرڈ ہو چکا تھا۔ کف نے اعتراف کرتے ہوئے کہا انہوں نے ایسا ایک لاکھ ڈالر سے زیادہ کی بقایا چائلڈ سپورٹ ادا کرنے سے بچنے کے لیے کیا۔ انہوں نے اصلی ڈاکٹروں اور کارکنان کی معلومات سے چوری شدہ لاگ کی تفصیلات نکالیں اور اسے استعمال کرتے ہوئے ڈیتھ رجسٹری کے ان دیگر غیر متعلقہ سسٹمز اور کمپنیوں تک بھی رسائی حاصل کی جس سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں تھا۔ سرکاری اور کارپوریٹ کمپیوٹر سسٹمز کو پہنچنے والے نقصان اور اپنے چائلڈ سپورٹ کی ذمہ داریوں کی ناکامی کی مجموعی رقم 1 لاکھ 95 ہزار 758 ڈالر تھی۔

بقیہ بقیہ جات 59

اسرائیل غزہ اور مصر کے درمیان موجود تنگ سرحدی پٹی فلاڈیلفی کوریڈور پر بین الاقوامی فورس کی تعیناتی پر غور کر رہا ہے۔ اس معاملے پر امریکی مندوب لنڈا تھامس گرین فیلڈ نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو بتایا ہے کہ مشرق وسطیٰ میں امن کے لیے کوششیں جاری ہیں، جنگ بندی و یرغمالیوں کی رہائی کے ایک معاہدے پر غور کیا جا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 60

900 لٹر پانی اور بیوریجز تلف کر دی گئی۔ پنجاب بھر میں خوراک کی تیاری اور ترسیل کا کاروبار کرنے والوں پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ فوڈ پوائنٹس پر حفظان صحت کے اصولوں خلاف ورزی پر جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے کہا کہ صفائی کے ناقص حالات میں کھلے، ممنوعہ ناقص اجزاء خوراک کی تیاری میں استعمال کیے جا رہے تھے۔ چھوٹے بڑے ریسٹورنٹس، فاسٹ فوڈ پوائنٹس، ڈیری شاپس اور یونٹس، کنفیکشنری، سنیکس یونٹس کی سرپرائز چیکنگ کی جا رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

حمود الرحمن رپورٹ پر عمل ہوتا تو آج ملک میں جمہوریت ہوتی۔ اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران عمران خان سے سوال کیا گیا کہ خیریت ہے آپ پسینے سے شرابور ہیں اور آپ کی ساری شرٹ پسینے سے بھیگی ہوئی ہے، مزید پوچھا گیا کہ گزشتہ روز تک اعظم سواتی کو آپ سے ملاقات کا شرف حاصل نہیں ہوتا تھا لیکن کل اچانک 7 بجے ہی آپ نے ملاقات کے لیے بلا لیا؟ اس پر عمران خان نے جواب دیا کہ یہ شرٹ موٹی اور گرم ہے، رنگ بھی ایسا ہے، اس لیے پسینہ آ گیا ہے، مزید بتایا کہ اعظم سواتی نے معلومات دی کہ ختم نبوت حساس معاملہ ہے جس پر دینی جماعت اسلام آباد میں احتجاج کر رہی ہیں، ہمیں انتشار کا خدشہ تھا اسی لیے اسلام آباد میں اپنا جلسہ ملتوی کیا۔ اگر گزشتہ روز جلسہ کرتے تو دوبارہ 9 مئی کے گلے پڑنے کا خدشہ تھا۔ اپنی بات جاری رکھتے ہوئے سابق وزیراعظم نے بتایا کہ ابھی تک پہلے والے 9 مئی کی جوڈیشل انکوائری بھی نہیں کروائی گئی، اب اگر آپ نے اجازت دی ہے اور کل جلسہ روکنے کی کوشش کی تو سب کی ذمہ داری حکومت کی ہوگی، اب عدالت کی ساکھ کا سوال ہے، عدالت ہمیں اجازت دیتی ہے لیکن انتظامیہ کینسل کر دیتی ہے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ پارٹی کو کہہ رہا ہوں، 8 ستمبر کو کسی قسم کی رکاوٹ برداشت نہ کریں، میں نے اسلام آباد کا جلسہ آخری مرتبہ ملتوی کیا ہے، پارٹی کو ہدایت ہے کہ 8 ستمبر سے قبل میٹنگ کریں اور فیصلہ کریں کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ پر عمل درآمد نہ ہونے پر احتجاج کب کریں گے، پارٹی قیادت کو کہتا ہوں کہ اس دفعہ اگر کسی نے روکا تو آپ نے رکنا نہیں ہے۔ اس موقع پر صحافی نے دریافت کیا کہ جنرل فیض کے ٹرائل پر دوسری جانب سے جواب آیا ہے کہ عمران خان جنرل فیض کے اوپن ٹرائل کا مطالبہ کرنے والے کون ہوتے ہیں؟ وہ تسلی رکھیں ان کا ٹرائل ہوا تو اوپن ہوگا، اس پر عمران خان نے جواب دیا کہ میں ملک کی سب سے بڑی پارٹی کا سربراہ ہوتا ہوں جو اوپن ٹرائل کی بات کر رہا ہوں، آپ اتنا بڑا الزام لگا رہے ہیں کہ میں نے فیض سے مل کر 9 مئی کی سازش کی، میں نے زیرو سے پارٹی شروع کی اور 28 سال سے آئین کے اندر رہ کر جدوجہد کر رہا ہوں، اگر 9 مئی میں فیض ملوث تھا تو آپ اوپن ٹرائل کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ملٹری کا مسئلہ ہے نہ ہی سیکرٹ انٹرنیشنل ایشو ہے، اگر حمود الرحمن رپورٹ پر عمل ہوتا تو آج ملک میں جمہوریت ہوتی، اوپن ٹرائل سے ملک کا وہی فائدہ ہوگا جو حمود الرحمن رپورٹ پر عمل درآمد کرنے سے ہوتا، حمود الرحمن رپورٹ پر عمل درآمد ہوتا تو ملک میں 3 مارشل لا نہ لگتے اور نہ ہی آج غیر اعلانیہ مارشل لا نافذ ہوتا، 9 مئی جمہوریت کے اوپر حملہ ہے، کمیشن کا مطالبہ اس لیے کر رہا ہوں کہ آئندہ کوئی ایسی غلطی نہ دہرائے۔ ایک صحافی نے مزید استفسار کیا کہ رات کے پچھلے پہر آپ نے اعظم سواتی کو پیغام کس کے ذریعے بھجوایا؟ پیغام رساں کون تھا؟ فون کی سہولت کیسے ملی؟ اس پر عمران خان نے مسکراتے ہوئے کہا کہ اس کا جواب رہنے دیں۔

بقیہ بقیہ جات 62

کے بڑھتے ہوئے رجحانات کو مدنظر رکھتے ہوئے ایک ٹیلر میڈ کورس منعقد کرایا گیا۔ اس 18 ہفتوں کے طویل کورس کو 14 افسران نے جوائن کیا اور مکمل کیا جن میں FPSC کے تجویز کردہ 11 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز اور نیب کی اپنی اکیڈمی میں 3 حاضر سروس نیب افسران شامل ہیں۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹرز مسٹر طارق راجپر، مسٹر وقار احمد اور مسٹر شاہ اللہ نے کورس کے دوران بالترتیب پہلی تین پوزیشنیں حاصل کیں۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر احمد نے کامیابی سے تربیت مکمل کرنے والے افسران کو مبارکباد دی اور ان پر زور دیا کہ وہ کسی دباؤ، لالچ یا ذاتی تعلق کا شکار ہوئے بغیر اپنے فرائض پوری ایمانداری، دیانتداری اور تندہی سے سرانجام دیں۔ علاوہ ازیں چیئرمین نیب نے افسران کو ملک وقوم کے وسیع تر مفاد میں غیر جانبداری سے تفتیشی کام کرنے کی تلقین کی۔ چیئرمین نیب نے نوجوان افسران کو مشورہ دیا کہ وہ معاملے کی سچائی کا پتا لگانے کے لیے سائنسی طور پر جدید طریقوں سے تحقیقات کریں اور مسائل کے حل کے لیے آؤٹ آف باکس پالیسی اختیار کریں۔ انہوں نے نوجوان افسران پر مزید زور دیا کہ وہ اپنی محنت سے نیب کی شاندار روایات کو برقرار رکھیں۔

بعدالت جناب مس مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 13 جنوبی

متوفیہ: نور بیگم زوجہ ضیاء اللہ

وارثان: ضیاء اللہ خاوند، سردار خان والد، رابعہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ

زندہ: طارق ضیاء، مبشر ضیاء، عمران ضیاء، مناظر ضیاء پسران متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مس مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 15 جنوبی

متوفیہ: نذیر بی بی بیوہ، شکر محمد

وارثان: شکر محمد خاوند، سخی محمد والد، محمد بی بی والدہ متوفیہ پہلے فوت شدہ

زندہ: افتخار احمد، طارق محمود، سجاد احمد، الطاف حسین پسران، افضونہ تسلیم دختر متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب مس مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو
آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 15 جنوبی

متوفیہ: دانش بیگم زوجہ ملک محمد افضل

وارثان: غلام نبی والد، نور بیگم والدہ پہلے فوت شدہ، ملک محمد افضل خاوند، جاوید اقبال پسر بعد میں فوت شدہ

زندہ: عاصمہ افضل اعوان، سعدیہ افضل اعوان دختران متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

ہوم بیسڈ ورکرز اور گارمنٹس کے شعبہ میں کام کرنے والی خواتین مسائل کا شکار ہیں، ام لیلیٰ اظہر

ہوم نیٹ پاکستان کی جانب سے ''وومن ورکرز ہیلپ لائن'' کا قیام، انصاف کی رسائی کے لئے تمام کمیونٹیز کی خواتین کو بااختیار بنائے گی ۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر ہوم نیٹ پاکستان

غیر رسمی ماحول سے خواتین کارکنوں کی نمایاں شراکت کے باوجود، ان غیر رسمی کارکنوں کو اکثر استحصال، قانونی تحفظ کی کمی اور کام کے خراب حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

لاہور (خبر نگار) ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ام لیلیٰ اظہر نے کہا ہے کہ ہوم بیسڈ ورکرز اور گارمنٹس کے شعبہ میں کام کرنے والے خواتین گوناں گوں مسائل کا شکار ہیں اسلئے حکومت انہیں تحفظ فراہم کرے اسکے لئے ہوم نیٹ پاکستان بھی خصوصی طور پر ''وومن ورکرز ہیلپ لائن'' کا قیام عمل میں لائی ہے جسکا باقاعدہ آغاز بھی کردیا گیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گارمنٹس اور ٹیکسٹائل میں غیر رسمی کارکنوں کی مناسب احتیاط اور انسانی حقوق پر میڈیا بریفنگ کے دوران کیا انکا کہنا تھا کہ ہوم نیٹ پاکستان کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

چونگی امر سدھو غیر منظور شدہ گرلز کالج کا انکشاف سینکڑوں طالبات کا مستقبل داؤ پر لگ گیا

العمر کالج فار گرلز'' کے نام سے ایک غیر منظور شدہ تعلیمی ادارہ چل رہا ہے، جس کے بارے میں تشویشناک معلومات سامنے آئی ہیں

ادارہ نہ صرف محکمہ تعلیم میں رجسٹرڈ نہیں ہے بلکہ اس کی رجسٹریشن کی تصدیق بھی نہیں ہوئی، ادارہ کافی عرصہ سے بغیر کسی قانونی حیثیت کے کام کر رہا ہے

لاہور (تخلیق صدیقی سے) چونگی امر سدھو اسماعیل نگر میں جنرل ہسپتال کے قریب العمر کالج فار گرلز'' کے نام سے ایک غیر منظور شدہ تعلیمی ادارہ چل رہا ہے، جس کے بارے میں تشویشناک معلومات سامنے آئی ہیں۔ یہ ادارہ نہ صرف محکمہ تعلیم میں رجسٹرڈ نہیں ہے بلکہ اس کی رجسٹریشن کی تصدیق بھی نہیں ہوئی۔ ذرائع کے مطابق، یہ ادارہ کافی عرصہ سے بغیر کسی قانونی حیثیت کے کام کر رہا ہے اور سادہ لوح والدین کو دھوکہ دے کر ان سے فیسوں کے نام پر ہزاروں روپے وصول کر رہا ہے۔ اس ادارے کے پاس رجسٹریشن نمبر تھے وہ بھی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

Briefing on Human Rights and Due of Informal Workers in Garment and Textiles Sector

ہوم نیٹ پاکستان کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر ام لیلیٰ اظہر گارمنٹس اور ٹیکسٹائل میں غیر رسمی کارکنوں کی مناسب احتیاط اور انسانی حقوق پر میڈیا بریفنگ دے رہی ہیں

پاکستانی سفیر آمنہ بلوچ سے فارن سروس کے نوجوان افسران کی ملاقات

سفارتخانہ کے کردار و ذمہ داریوں بارے بریفنگ

برسلز (این این آئی) یورپی یونین، بیلجیئم اور لکسمبرگ میں پاکستان کی سفیر آمنہ بلوچ سے فارن سروس آف پاکستان کے نوجوان افسران کے ایک گروپ نے ملاقات کی جو اس وقت نیدرلینڈز کے کلینجینڈیل انسٹی ٹیوٹ میں سفارتی تربیت حاصل کر رہے ہیں۔ جمعہ کو پاکستانی سفارتخانہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق آمنہ بلوچ نے نوجوان افسران کا پرتپاک استقبال کرتے ہوئے انہیں پاکستان کی فارن سروس میں حالیہ شمولیت پر مبارکباد دی۔

سربراہ سنی علما کونسل کی اپیل پر ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا

سپریم کورٹ نے متنازعہ فیصلہ واپس لیکر ملک کو بڑے فسادات سے بچا لیا' مولانا محمد احمد لدھیانوی

لاہور (این این آئی) سربراہ سنی علما کونسل، مولانا محمد احمد لدھیانوی کی اپیل پر ملک بھر میں یوم تشکر منایا گیا، جس میں تمام مکاتب فکر کے علما، مذہبی قیادت، اور عوام نے بھرپور شرکت کی۔ سنی علما کونسل نے اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں موثر احتجاجی مظاہرے کیے، جن کے نتیجے میں قادیانیوں کو عبرتناک شکست کا سامنا کرنا پڑا، سپریم کورٹ نے متنازعہ فیصلے کو واپس لے کر اور ججز نے اپنی دانشمندی اور انصاف پسندی کے ذریعے ملک کو بڑے فسادات اور فرقہ وارانہ تصادم سے بچا لیا ہے اس فیصلے نے اسلامی امت کی امنگوں اور توقعات کو باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

قادیانیوں کے حق میں متنازعہ فیصلہ واپس لینے کا خیر مقدم کرتے ہیں' متحدہ علما کونسل

لاہور (این این آئی) تمام مکاتب فکر کے مشترکہ دینی فورم متحدہ علما کونسل پاکستان کے صدر مولانا زاہد الراشدی، مولانا عبدالمالک، مولانا عبدالرف ملک، مولانا ڈاکٹر راغب حسین نعیمی، حافظ عبدالغفار روپڑی، ڈاکٹر فرید احمد پراچہ، مولانا سردار محمد خان لغاری، صاحبزادہ قمر الحق سیالوی، ر ڈاکٹر محمد سرفراز اعوان، ڈاکٹر حافظ عاطف وحید اور سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر حافظ محمد سلیم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ قادیانیوں کے حق میں متنازعہ فیصلہ واپس لینے کا خیر مقدم کرتے ہیں، سپریم کورٹ کا فیصلہ اسلام اور مسلمانوں کے حق میں آیا ایک مرتبہ پھر اسلام کو فتح اور کفر کو شکست ہوئی۔

تحریک ختم نبوتؐ کی عظیم کامیابی پوری قوم کو مبارک ہو' جے یو آئی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تحریک ختم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم کامیابی پوری قوم کو مبارک ہو، ملک کی دینی و باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

حکومت یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی اربوں روپے کی مقروض ہے، عاطف شاہ

یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن خزانے پر بوجھ نہیں، آل پاکستان ورکرز الائنس ڈی چوک میں احتجاج کریگا، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جنرل سیکرٹری آل پاکستان ورکرز الائنس عاطف شاہ نے کہا ہے کہ حکومت یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن کی 20 ارب روپے کی مقروض ہے، یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن حکومت کے خزانے پر بوجھ نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے عاطف شاہ نے کہا کہ حکومت کو گروسری کی مد میں کمپنیوں سے سالانہ 120 ارب ٹیکس موصول ہوتا ہے، 25 ارب صرف یوٹیلٹی اسٹورز کارپوریشن ادا کرتا ہے جو تقریباً 18 فیصد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

40 خاندانوں کو بچانے کیلئے پورے ملک کو داؤ پر نہیں لگانا چاہیے، گوہر اعجاز

پاکستان کا ہر گھر بجلی کی وجہ سے پریشان ہے، صنعت کا پہیہ رکنے سے اکانومی کا پہیہ رُک جاتا ہے، پریس کانفرنس

فیصل آباد (این این آئی) سابق نگران وفاقی وزیر تجارت گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ پاکستان صرف 40 خاندانوں کا نہیں ہے، 40 خاندانوں کو بچانے کیلئے پورے ملک کو داؤ پر نہیں لگانا چاہیے، پاکستان کا ہر گھر بجلی کی وجہ سے پریشان ہے، صنعت کا پہیہ رکنے سے اکانومی کا پہیہ رُک جاتا ہے۔ نیوز کانفرنس کرتے ہوئے گوہر اعجاز نے کہا کہ فیصل آباد پورے پاکستان کی صنعت کا دل ہے، صنعتکار ہونے کے ناطے اندازہ ہے کہ انڈسٹری بند ہونے کا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

nni
جماعت اسلامی

کراچی، امیر جماعت اسلامی سندھ محمد حسین محنتی سے این ایل ایف سندھ کے صدر شکیل احمد شیخ ملاقات کر رہے ہیں

25 اگست سے ملک کے جنوبی علاقوں میں طوفانی بارشوں کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) محکمہ موسمیات نے ملک کے جنوبی علاقوں میں طوفانی بارشوں کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ہوا کا کم دباؤ مغربی بنگال پر موجود ہے جس کے سبب 25 اگست کی رات سے طاقتور مون سون ہوائیں ملک کے جنوبی حصے میں داخل ہوں گی۔ محکمہ موسمیات نے بتایا کہ 25 سے 29 اگست کے دوران کراچی، حیدرآباد، ٹھٹھہ، بدین اور تھرپارکر میں تیز ہواؤں کے جھکڑ چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے جب کہ 26 سے 30 اگست کے دوران خضدار، قلات، لسبیلہ، نصیرآباد اور 25 اگست کی رات سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

الیکشن کمیشن میں نئی تقرریاں وتبادلے کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن میں کچھ نئی تقرریاں وتبادلے کر دیئے گئے۔ الیکشن کمیشن کے جاری بیان کے مطابق سعید گل کو صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا تعینات کر دیا جبکہ صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا شمشاد خان کو ای سی پی میں بطور ڈی جی ٹریننگ تقرری دے دی گئی ہے۔ علی اصغر سیال کو جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر الیکشنز سندھ تعینات کیا گیا ہے جبکہ نذر عباس کو جوائنٹ صوبائی الیکشن کمشنر ایڈمن سندھ تعینات کیا گیا ہے۔ علاقائی الیکشن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

AL-UMAR COLLEGE FOR GIRLS
ISMAIL NAGAR CAMPUS
F.Sc - ICS - I.COM - F.A(IT)
ADP 2 YEARS
AL-UMAR COLLEGE
ADMISSION OPEN
F.Sc - ICS - F.A(IT)
FOR GIRLS
ADP 2 YEARS
Haier

العمر کالج فار گرلز'' کے نام سے ایک غیر منظور شدہ تعلیمی ادارہ

پاکستان میں منکی پاکس کا دوسرا کیس پشاور ایئرپورٹ پر رپورٹ

عوام کو وباؤں سے محفوظ رکھنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کو یقینی بنا رہے ہیں، کوآرڈینیٹر برائے صحت

اسلام آباد (این این آئی) وزارت صحت نے منکی پاکس کا ایک اور کیس پشاور ایئرپورٹ پر رپورٹ ہونے کی تصدیق کردی۔ ترجمان وزارت صحت کے مطابق منکی پاکس کا دوسرا کیس پاکستان میں رپورٹ ہوا ہے، کیس خلیجی ممالک سے علامات کے ساتھ آیا تھا، پشاور ایئرپورٹ پر جس کا ٹیسٹ مثبت آیا ہیلتھ ڈیسک نے مریض کو بروقت اسپتال منتقل کیا۔ وزیراعظم کے کوآرڈی نیٹر برائے صحت ڈاکٹر مختار احمد بھرت کے مطابق وزارت صحت صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ کو یقینی بنا رہی ہے۔

وفاقی تعلیمی بورڈ کے نتائج کا اعلان، پنجاب کالجز نے پھر میدان مار لیا

ملک تاریخی موڑ پر، اس وقت ہمیں کھڑے نہیں رہنا چل پڑنا ہے، نوجوانوں کو ساتھ لیے بغیر کامیابی ممکن نہیں، خالد مقبول

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن نے انٹرمیڈیٹ پارٹ ون اور ٹو کے سالانہ نتائج کا اعلان کردیا جن میں ایک بار پھر پنجاب گروپ آف کالجز نے میدان مار لیا۔ پنجاب گروپ آف کالجز تعلیم کے میدان میں پھر سب سے آگے، پنجاب کالج کی عروبہ آصف نے وفاقی تعلیمی بورڈ میں پری میڈیکل گروپ میں ٹاپ کیا ہے، اسی طرح کامرس اور ہیومینٹیز گروپ میں بھی پنجاب کالج سب سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

شکر الحمدللہ تحفظ ختم نبوتؐ کی تحریک کامیاب ہوئی' مرکزی علماء کونسل

سپریم کورٹ نے اچھا فیصلہ دیکر عاشقان مصطفیؐ کے دل جیت لیے' صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی

تحریک میں تمام دینی وسیاسی جماعتوں، علماکرام اور پوری قوم کا شکریہ ادا کرتے ہیں

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماکونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا ہے کہ شکر الحمدللہ تحفظِ ختمِ نبوتؐ کی تحریک کامیاب ہوئی، قادیانیوں کے بارے میں متنازعہ پیراگراف حذف کرنے پر سپریم کورٹ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، سپریم کورٹ نے اچھا فیصلہ دے کر عاشقانِ مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل جیت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

لاہور سے کراچی جانے والی عوام ایکسپریس کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی

واقعے میں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوا، ٹرین تین گھنٹے تاخیر کے بعد منزل کی جانب روانہ

واقعہ میں کسی قسم کا کوئی نقصان نہیں ہوا تاہم ٹریک اور پلیٹ فارم کا کافی نقصان ہوا

لاہور (این این آئی) لاہور سے کراچی جانے والی عوام ایکسپریس کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی تاہم کوئی نقصان نہیں ہوا۔ ریلوے حکام کے مطابق لاہور ریلوے اسٹیشن پر عوامی ایکسپریس کی ایک بوگی پٹڑی سے اتر گئی۔ عوام ایکسپریس کی اے سی بزنس کلاس کی بوگی لاہور ریلوے اسٹیشن کے پلیٹ فارم نمبر 5 پر پٹڑی سے اتری، واقعہ میں کسی قسم کا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

احسن اقبال اور برطانوی ہائی کمشنر نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن پرفارمنس انڈیکس لانچ کر دیا

تعلیم کے بغیر کوئی ملک ترقی کی دوڑ میں شامل نہیں ہوسکتا، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی

ہم بچوں کی تعلیم کے ذریعے اپنی معیشت مضبوط کر سکتے ہیں، برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ تعلیم کے بغیر کوئی ملک ترقی کی دوڑ میں شامل نہیں ہوسکتا جبکہ برطانوی ہائی کمشنر جین میرٹ نے کہا ہے کہ ہم بچوں کی تعلیم کے ذریعے اپنی معیشت مضبوط کر سکتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال اور برطانوی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

وزیر داخلہ کی ہدایت پر پاسپورٹ ایجنٹس کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پاسپورٹ دفتر گارڈن ٹاؤن سے 6 ایجنٹ گرفتار، مقدمہ درج کرا دیا گیا

عوام کو ایجنٹوں کے استحصال سے بچانے کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر پاسپورٹ ایجنٹس کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے جس کے تحت پاسپورٹ دفتر گارڈن ٹاؤن سے 6 ایجنٹ گرفتار کرلیے گئے۔ شادمان، رائے ونڈ اور شاہدرہ پاسپورٹ دفاتر کے باہر بھی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ انچارج محکمہ پاسپورٹ لاہور ریجن خالد عباس کے مطابق گرفتار باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

SERVICES & GENERAL ADMINISTRATION DEPARTMENT

لاہور، وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ سول سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شجاع آباد، تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے 7 سالہ بچی کو کچل دیا

شجاع آباد (این این آئی) پنجاب کے شہر شجاع آباد میں تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے 7 سالہ بچی کو کچل دیا۔ تفصیلات کے مطابق افسوس ناک واقعہ شجاع آباد کے علاقے راجہ رام میں پیش آیا جہاں 7 سالہ ثانیہ سڑک کراس کر رہی تھی کہ تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی اس پر چڑھ گئی، حادثے میں بچی موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم اور پولیس موقع پر پہنچ گئی۔۔

باٹاپور میں دوست نے دوست کی پانچ سالہ بچی کو اغواء کر کے قتل کر دیا

ملزم بچی کے باپ سے تاوان کا مطالبہ کرتا رہا، کاروبار کیلئے 10 لاکھ روپے ادھار بھی لے رکھے تھے

ملزم نے لاش کو جنگل میں پھینک دیا جسے جانوروں نے نوچ کھایا، باقیات فرانزک کے لئے لیب بھجوا دی گئیں

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور کے علاقے باٹاپور سے لاپتہ ہونے والی پانچ سالہ بچی کی لاش کی باقیات مل گئیں، بچی کا قاتل اس کے والد کا قریبی دوست نکلا جو گھر والوں کے ساتھ مل کر بچی کی تلاش بھی کرتا رہا۔ پولیس کے مطابق پانچ سالہ فجر 10 اگست کو باٹا پور کے علاقے سے لاپتہ ہوئی اور پولیس نے اس کے والد کی درخواست پر اغواء کا مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کی۔ بتایا گیا ہے کہ گھر والوں کو بچی کی واپسی کے لئے تاوان کا فون بھی آتا رہا۔ پولیس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

ہم پر جو تعلیمی ذمہ داریاں ہیں ان کو مل کر نبھانا ہوگا، ٹیکنالوجی کا استعمال اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ہم پر جو تعلیمی ذمہ داریاں ہیں ان کو مل کر نبھانا ہوگا، وقت کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق ٹیکنالوجی کا استعمال ہماری اولین ترجیح ہے۔ جمعہ کو ڈاکٹر خالد مقبول باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

لاہور، ایک بزرگ محنت کش فرصت کے لمحات میں گرین بیلٹ پر بیٹھ کر قرآن مجید کی تلاوت کر رہا ہے

مذہبی اقلیتوں میں احساس محرومی کا خاتمہ یقینی بنایا جا رہا ہے، رمیش سنگھ اروڑہ

مذہبی اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے پنجاب حکومت تمام ممکنہ اقدامات کر رہی ہے' صوبائی وزیر اقلیتی امور

مذہبی اقلیتوں کی خواتین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے، چیئرپرسن پنجاب خواتین پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ

لاہور (خبر نگار) چیئرپرسن پنجاب خواتین پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ کا کہنا ہے کہ مذہبی اقلیتوں کی خواتین کے حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جا رہا ہے۔ لاہور میں صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرپرسن پنجاب خواتین پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب میں پنجاب کے وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ مذہبی اقلیتوں میں احساس محرومی کا خاتمہ یقینی بنایا جا رہا ہے۔ رمیش سنگھ اروڑہ نے یہ بھی کہا کہ مذہبی اقلیتوں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

ویمن یونیورسٹی ملتان میں دو کروڑ 48 لاکھ مالیت سے لائبریری بلاک ایکسٹینشن بلڈنگ کا افتتاح

بلاک ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے پراجیکٹ ''بلڈنگ ویمن یونیورسٹی'' کے تحت مکمل کیا گیا ہے۔ ترجمان

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں دو کروڑ 48 لاکھ مالیت سے جدید سہولیات پر مبنی لائبریری بلاک ایکسٹینشن بلڈنگ کا افتتاح کر دیا گیا ترجمان کا کہنا ہے کہ ویمن یونیورسٹی کچہری کیمپس میں جدید لائبریری بلاک کی تعمیر مکمل ہوگئی جس پر دو کروڑ 48 لاکھ لاگت آئی ہے جدید لائبریری بلاک میں تین فلور بنائے گئے ہیں جن میں کتب خانے، سٹاف آفسز کے ساتھ ساتھ کمپیوٹر لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہیں افتتاحی تقریب کی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

ائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ لائبریری بلاک ایکسٹینشن بلڈنگ کا افتتاح کر رہی ہیں

امریکی انفلوئنسر کو دبئی پولیس سے چھیڑ چھاڑ مہنگی پڑ گئی، 3 ماہ قید کی سزا

گرفتاری کے دوران تعاون نہ کرنے اور عوامی املاک کو بھی نقصان پہنچایا، عرب میڈیا

دبئی (این این آئی) دبئی میں ایک امریکی سوشل میڈیا انفلوئنسر اور اس کے بھائی کو پولیس پر حملہ کرنے پر 3 ماہ کے لیے جیل بھیج دیا گیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سابق ایئرفورس ممبر جوزف لوپیز اور باڈی بلڈنگ مقابلہ کرنے والے اور ان کے بھائی جوشوا کو دبئی پولیس افسران پر مبینہ طور پر حملہ آور ہونے، گرفتاری کے دوران تعاون نہ کرنے اور عوامی املاک کو نقصان پہنچانے کے الزام میں گرفتار کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق جوزف لوپیز اور جوشوا دونوں نشے کی حالت میں تھے۔ سوشل میڈیا انفلوئنسر پر ایک ہزار 428 باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

بھارت میں سادھو کی توہین آمیز تقریر کیخلاف مسلمان مشتعل

نبی کریم ﷺ کے خلاف توہین آمیز کلمات پر انتظامیہ خاموش، کارروائی سے گریزاں

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں سادھو کی جانب سے اسلام اور حضرت محمد ﷺ کی توہین کرنے پر ہندو انتہا پسند انتظامیہ نے احتجاج کرنے والے مسلمانوں کے خلاف ہی کارروائیاں شروع کردیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہندو انتہا پسند سادھو ماہانت رام گری مہاراج کی جانب سے ریاست مدھیہ پردیش کے ضلع ناشک کے گاں پنچولی میں تقریر کے دوران نبی کریم ﷺ کے خلاف توہین آمیز کلمات کہے جس سے بھارتی مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے اور ان کی جانب سے سادھو کے خلاف کسی قسم کی کارروائی نہ کرنے پر احتجاج کیا گیا۔ ہندو سادھو کی توہین آمیز تقریر کے خلاف ریاست مدھیہ پردیش کے ضلع باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

لاہور، سالانہ مجلس عزا امام بارگاہ شاہ شہید اتو کے اعوان ارکین انجمن غلامان امام حسینؑ کے زیر اہتمام مولانا قمر عباس مجاہد شبیہ ذوالجناح برآمد کروا رہے ہیں اس موقع پر ملک صفدر رضا اعوان و برادران ملک یونس اعوان، ملک حسن ظہیر اعوان شریک ہیں

گینگ ریپ کے شواہد نہیں ملے، بھارت میں ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل پر سی بی آئی کی تفتیش

نئی دہلی، کلکتہ (این این آئی) بھارت کے مرکزی تفتیشی ادارے سی بی آئی نے کہا ہے کہ کولکتہ کی جس جونیئر ڈاکٹر کو زیادتی کے بعد قتل کیا گیا تھا اس سے اجتماعی زیادتی کے شواہد نہیں ملی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سی بی آئی نے یہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

غیر ملکی ایئرلائنز مشرق وسطی کے بجائے افغانستان کی فضائی حدود کو ترجیح دینے لگیں

کابل (این این آئی) ایران کی جانب سے حماس رہنما اسماعیل ہنیہ کی شہادت کا بدلہ لینے کے لیے جوابی حملے کے خدشے اور حزب اللہ کے ساتھ جاری اسرائیلی کشیدگی کے بعد غیر ملکی ایئرلائنز نے مشرق باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

مودی سرکار نے اپنے مذموم عزائم کیلئے ریاستی اور علاقائی امن داؤ پر لگا دیا

نئی دہلی (این این آئی) مودی سرکار نے اپنے مذموم عزائم کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے ریاستی اور علاقائی امن داؤ پر لگا دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق بی جے پی کے تیسری دفعہ اقتدار میں آنے کے بعد بھارت میں بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں عروج پر ہیں۔

بلوچستان میں تحصیل وضلعی سطح کے سرکاری ہسپتالوں کی حالت زار افسوسناک حد تک خراب ہو چکی ہے، سینیٹر محمد عبدالقادر

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ صوبہ بلوچستان کے تحصیل اور ضلعی سطح کے سرکاری ہسپتالوں کی حالت زار افسوسناک حد تک خراب ہو چکی ہے ہسپتالوں میں مریضوں کے لئے ادویات دستیاب ہیں نہ طبی آلات اور مشینری، متعدد باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

وزیر اعلیٰ سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے، عبدالغفور جعفر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی لورالائی ڈویژن کے جنرل سیکرٹری عبدالغفور جعفر نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی کی راہ پر گامزن ہے جس کا واضح ثبوت مزدوروں کے سینکڑوں بچوں کو اعلیٰ تعلیم کیلئے اسلام آباد مختلف بہترین کالج میں بھیجنا ہے، الیکشن ٹریبونل بلوچستان کی طرف سے وزیر اعلیٰ کی اہلیت سے متعلق درخواست خارج کرنا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

امت مسلمہ کو اسرائیلی جارحیت کا منہ توڑ جواب دینے کی ضرورت ہے، پروفیسر محمد حنیف میاں

معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی اسرائیل کے مکروہ چہرے کی عکاس ہے، ڈاکٹر شیراز ملک، اسماعیل ہانیہ کا قتل امت مسلمہ کے منہ پہ تماچہ ہے، بیرسٹر عبدالوحید

مسلم امت مسلمہ کی مثال ایک جسم کی مانند ہے جس کے اگر ایک حصے کو بھی تکلیف ہو تو سارا جسم درد محسوس کرتا ہے، میاں فیاض، صوت الغزہ فورم کے زیر اہتمام ریلی کے شرکا سے خطاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور پریس کلب کے سامنے صوت الغزہ فورم کے زیر اہتمام لاہور جنرل ہسپتال کے پروفیسر ارتھوپیڈکس ڈاکٹر محمد حنیف میاں کی زیر سرپرستی ایک پر امن فلسطین ریلی کا انعقاد کیا گیا اس کا مقصد فلسطین سے اظہار یکجہتی کرنا تھا۔ اس ریلی میں ڈاکٹرز نرسز پیرامیڈیکل سٹاف اور سول کمیونٹی کی بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کی قیادت کرتے ہوئے ڈاکٹر شیراز ملک نے پروفیسر محمد حنیف صاحب کا پیغام پہنچایا کہ اسرائیل کے ہاتھوں ایران میں حالیہ مرد مجاہد اسماعیل ہانیہ کی شہادت ایک نہایت قابل مذمت عمل ہے۔ اسرائیل فلسطین میں معصوم فلسطینیوں کی نسل کشی کی ایک منظم سازش جاری رکھے ہوئے ہے اور انسانیت کی علمبردار تنظیمیں اس میں کوئی بھی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

Palestine
We strongly condemn GENOCIDE & bombardment on hospitals in Palestine
Sawt ul Gaza Forum
Its not war Not a conflict
Its genocide Its Terrorism

صوت الغزہ فورم کے زیر اہتمام لاہور جنرل ہسپتال کے پروفیسر اف ارتھوپیڈکس ڈاکٹر محمد حنیف میاں کی زیر سرپرستی اسرائیلی مظالم کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

کراچی، روڈ حادثے میں نوجوان وکیل جاں بحق، وکلا کا احتجاج

وکلا کی بڑی تعداد کا تین تلوار پر احتجاج، مظاہرین نے ملزم ڈرائیور کی گرفتاری کا مطالبہ

کراچی (این این آئی) کراچی میں کینٹ اسٹیشن کے قریب مسافر بس کی ٹکر سے نوجوان ایڈووکیٹ ارض محمد لوہار جاں بحق ہوگیا، واقعے کے خلاف وکلا کی جانب سے احتجاج کیا گیا۔ وکلا کی بڑی تعداد نے تین تلوار پر احتجاج کیا، مظاہرین نے ملزم ڈرائیور کی گرفتاری کا مطالبہ کیا، احتجاج کے باعث سڑک پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ دوسری جانب حادثے کی سی سی ٹی وی ویڈیو بھی سامنے آگئی ہے جس میں بس اور موٹر سائیکل میں ٹکر کو دیکھا جا سکتا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ حادثے کے بعد بس ڈرائیور بس چھوڑ کر فرار ہوگیا ہے۔

گلگت محکمہ تعمیرات 25 سے زائد گوسٹ ملازمین موجود ہونے کا انکشاف

گلگت ریجن جہاں پر ورک منشی دواسی کے قریب ہیں ان کو تا حال اگلا سکیل نہیں دیا گیا

گلگت (این این آئی) گلگت محکمہ تعمیرات 25 سے زائد گوسٹ ملازمین موجود ہونے کا انکشاف، آئندہ چند روز میں دوبارہ فزیکل ویریفکیشن ہوگی۔ زرائع کے مطابق اس محکمے میں 325 ورک منشیوں کو سکیل سات دیا گیا تھا سکردو ریجن اور دیامر ریجن کے ورک منشیوں کو کنفرم کر کے اگلا سکیل دیا گیا ہے لیکن گلگت ریجن جہاں پر ورک منشی دواسی کے قریب ہیں ان کو تا حال اگلا سکیل نہیں دیا گیا ہے۔

باکسر عامر خان کے ملین پاؤنڈز ڈوب گئے، شادی ہال فروخت پر لگا دیا

لگژری ویڈنگ وینیو انگلینڈ کے شہر بولٹن میں واقع ہے' 12.5 ملین پاؤنڈز میں برائے فروخت

بولٹن (این این آئی) پاکستانی نژاد برطانوی باکسر عامر خان نے اپنا شادی ہال فروخت پر لگا دیا۔ برطانوی میڈیا کی خبر کے مطابق باکسر عامر خان کا لگژری ویڈنگ وینیو انگلینڈ کے شہر بولٹن میں واقع ہے جسے انہوں نے 12.5 ملین پاؤنڈز میں فروخت پر لگایا ہے۔ برطانوی میڈیا کا بتانا ہے کہ ویڈنگ وینیو میں پہلی شادی 3 ماہ پہلے ہوئی تھی مگر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

امریکا، بیٹے کے اخراجات سے بچنے کیلئے جعلی موت کا ڈرامہ رچانے والا باپ گرفتار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں ایک عجیب نوعیت کا واقعہ پیش آیا جب ایک باپ نے بیٹے کے اخراجات سے بچنے کیلئے ریاستی ڈیٹا ہیک کر کے اپنی موت کی جعلی انٹری کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا میں ایک شخص کو اپنے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

غزہ جنگ بندی مذاکرات، نیتن یاہو کی امریکی تجویز پر آمادگی کی خبروں کی تردید

واشنگٹن (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے غزہ جنگ بندی مذاکرات کے اگلے دور کے لیے دوحہ میں پیش کی جانے والی نئی امریکی تجویز پر آمادگی کی خبروں کی تردید کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو نے کہا کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

گزشتہ روز جلسہ کرتے تو دوبارہ 9 مئی کے گلے پڑنے کا خدشہ تھا، عمران خان

انتشار کا خدشہ تھا اسی لیے اسلام آباد میں اپنا جلسہ ملتوی کیا' 8 ستمبر کا جلسہ کسی صورت ملتوی نہ ہوگا

راولپنڈی (این این آئی) بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) وسابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا ہے کہ اگر گزشتہ روز جلسہ کرتے تو دوبارہ 9 مئی کے گلے پڑنے کا خدشہ تھا' اعظم سواتی نے معلومات دی کہ ختم نبوت حساس معاملہ ہے جس پر دینی جماعت اسلام آباد میں احتجاج کر رہی ہیں، ہمیں انتشار کا خدشہ تھا اسی لیے اسلام آباد میں اپنا جلسہ ملتوی کیا' 8 ستمبر کا جلسہ کسی صورت ملتوی نہ ہوگا، پارٹی کو ہدایت ہے کہ 8 ستمبر سے قبل میٹنگ کریں اور فیصلہ کریں کہ سپریم کورٹ کے فیصلہ پر عمل درآمد نہ ہونے پر احتجاج کب کریں گے'' اگر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

صحت دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، نان سٹاپ آپریشنز جاری

مارچ سے ابتک 4 لاکھ 74 ہزار 772 فوڈ بزنسز کی چیکنگ، 60 کروڑ 39 لاکھ 99 ہزار 200 کے جرمانے عائد

لاہور (این این آئی) صحت دشمن عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت نان سٹاپ آپریشنز جاری ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر عوام تک معیاری خوراک کی یقینی فراہمی کیلئے مسلسل چیکنگ جاری ہیں۔ جاری تفصیلات کے مطابق مارچ سے ابتک 4 لاکھ 74 ہزار 772 فوڈ بزنسز کی چیکنگ، 60 کروڑ 39 لاکھ 99 ہزار 200 کے جرمانے عائد کر دیے گئے۔ قوانین کی خلاف ورزی پر 1337 یونٹس اور فوڈ بزنس بند اور 508 مقدمات درج کروا دیے گئے۔ 8 لاکھ 53 ہزار لیٹر ملاوٹی دودھ، 2 لاکھ 72 ہزار 772 کلو گوشت، 37 ہزار 561 کلو مصالحہ جات، 53 ہزار 700 کلو ناقص گھی، 14 ہزار کلو دالیں اور 2 لاکھ 90 ہزار باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

انوسٹی گیٹرز بیسک انڈکشن کورس، (IBIC-X)'' کی کامیاب تکمیل پر پاسنگ آؤٹ تقریب

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کامیاب شرکاء کو اسناد اور کورس کے پوزیشن ہولڈرز کو شیلڈز دیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کامیاب شرکاء کو اسناد اور کورس کے پوزیشن ہولڈرز کو شیلڈز نیب ہیڈکوارٹر میں منعقد ہوئی۔ چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کامیاب شرکاء کو اسناد اور کورس کے پوزیشن ہولڈرز کو شیلڈز دیں تقریب میں نیب افسران، شرکاء اور ان کے والدین/ اہل خانہ نے شرکت کی۔ نیب کی تاریخ میں یہ پہلا موقع تھا کہ پاکستان اینٹی کرپشن اکیڈمی (PACA) کی جانب سے نیب کی اپنی مہارت اور وسائل کو استعمال کرتے ہوئے تنظیمی ضروریات اور بدعنوانی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کامیاب شرکاء کو اسناد اور کورس کے پوزیشن ہولڈرز کو چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نذیر احمد نے کامیاب شرکاء کو اسناد اور کورس کے پوزیشن ہولڈرز میں شیلڈز تقسیم کر رہے ہیں